Daily KOZAK NEWS Chaman
جہاں خبر...... وہاں ہم
روزنامہ چمن
ABC CERTIFIED
کوژک نیوز
E.mail:kozaknews@gmail.com
چیف ایڈیٹر: محمد اسلم اچکزئی
ایڈیٹر: محمد اکرم اچکزئی
جلد نمبر: 17 | بروز جمعرات 18 ستمبر 23 ربیع الاول 1447ھ (صفحات 8) قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 260

ڈیجیٹل چینل بروقت تصدیق شدہ اور اعلیٰ معیار کی کوریج کو یقینی بنائیگا — وزیراعظم

ڈیجیٹل چینل کے آغاز کا بنیادی مقصد مسلسل حقیقی خبریں فراہم کرتے ہوئے پاکستان کے بارے میں ہونے والی غلط بیانی اور پروپیگنڈے کا موثر جواب دینا ہے

وزیراعظم کا پاکستان ٹی وی ڈیجیٹل کا دورہ، انگریزی چینل کا افتتاح، شہباز شریف نے پاکستان ٹی وی ڈیجیٹل کی نشریات کے لیے اپنا پہلا انٹرویو بھی ریکارڈ کرایا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان ٹیلی ویژن میں قائم کردہ انگریزی چینل ''پاکستان ٹی وی ڈیجیٹل'' کا افتتاح کر دیا۔ بدھ کو وزیراعظم نے پاکستان ٹی وی ڈیجیٹل کا دورہ کیا (بقیہ 1 اندرونی صفحہ 7 پر)

بلوچستان میں گندم کا شدید بحران، اسٹاک ختم، حکومت پنجاب سے مدد طلب

سال 25-2024 کی خریداری نہ ہونے سے ذخائر صفر، ستمبر 2025 تا مارچ 2026 کے لیے کوئی گندم دستیاب نہیں

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میں گندم کے بحران نے شہریوں اور حکومتی اداروں کے لیے خطرے کی گھنٹی بجا دی ہے۔ محکمہ خوراک کے ذرائع کے (بقیہ 21 اندرونی صفحہ 7 پر)

گوادر میں پانی کی فراہمی کا نظام جی ڈی اے کے سپرد کرنے کا فیصلہ خوش آئند ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن

جی ڈی اے ترقیاتی منصوبوں اور پائپ لائنوں کی بروقت تکمیل کے لیے سرگرم عمل ہے، ڈی جی معین الرحمٰن

گوادر (یو این اے) صوبائی اسمبلی کے رکن مولانا ہدایت الرحمٰن نے آج ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈو یلپمنٹ اتھارٹی (جی ڈی اے) (معین الرحمٰن خان (بقیہ 24 اندرونی صفحہ 7 پر)

ملک بھر میں انٹرنیٹ کی رفتار انتہائی سست، صارفین پریشان

اسلام آباد (جی این ایم) ملک بھر میں انٹرنیٹ کی رفتار حال سست ہے۔ صارفین کو اپ لوڈنگ اور ڈاؤنلوڈنگ میں مشکلات کا سامان کرنا پڑ رہا ہے۔ تفصیل (بقیہ 22 اندرونی صفحہ 7 پر)

جہاز گرے، جنگ بھی ہارے، اب کہتے کرکٹ میں ہاتھ نہیں ملائیں گے — عطاء تارڑ

ہندوتوا نظریئے کو عبرتناک شکست، پاکستان کی دہشتگردی کیخلاف جنگ دنیا کو محفوظ بنانے کیلئے ہے

بین الاقوامی اصولوں سے روگردانی کرنے والا بھارت مظلومیت کا ڈھونگ نہیں رچا سکتا: خطاب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے بھارت کا غیر ذمے دارانہ رویہ اب کھیلوں کے میدان تک جا پہنچا، 6 جہاز گرے جنگ بھی ہارے اب کہتے کرکٹ میں ہاتھ نہیں ملائیں گے، کرکٹ کے میدان میں ہاتھ نہ ملانے کا مقصد (بقیہ 94 اندرونی صفحہ 7 پر)

چمن پولیس کی بڑی کارروائی، 40 کلو چرس اور 600 کلو خام مال برآمد

منشیات فروشوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہیں، ڈی پی او عبداللہ چیمہ

چمن (یو این اے) چمن پولیس نے منشیات کے (بقیہ 6 اندرونی صفحہ 7 پر)

بلوچستان ہائی کورٹ کا سوئی سدرن کو اوور بلنگ سے روکنے کا حکم

چیف سیکرٹری اور وزیراعلی بلوچستان کو ذاتی حیثیت میں طلب کرلیا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان ہائی کورٹ نے سوئی (بقیہ 7 اندرونی صفحہ 7 پر)

اقتصادی محاصرہ کیا جارہا ہے، قطر و دیگر ممالک نے اسرائیل کو تنہا کر دیا، نیتن یاہو کا اعتراف

صورتحال سپر سپارٹا جیسی، تیار ہونا پڑے گا، قطر، چین بڑی رقم خرچ کرکے اسرائیلی میڈیا ناکہ بندی کر رہے ہیں

حماس قیادت کہیں بھی ہو نشانہ بنانے کا امکان مسترد نہیں کرسکتے، امریکہ کیساتھ ملکر کارروائیاں جاری رکھیں گے

تل ابیب (کوژک نیوز) اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے اعتراف کیا ہے کہ قطر و دیگر ممالک نے اسرائیل کو تنہا کر دیا، نئی اقتصادی حقیقت کیلئے تیار ہونا چاہیے، اخبار کو انٹرویو میں نیتن یاہو نے اسرائیل کو یونان کی قدیم ریاست سپارٹا سے تشبیہ دیتے ہوئے کہا قطر کی قیادت میں اسرائیل کا اقتصادی محاصرہ کیا جارہا ہے، صورتحال سپر سپارٹا جیسی ہے، تیار ہونا پڑے گا، خود انحصاری یقینی بنانے کیلیء (بقیہ 95 اندرونی صفحہ 7 پر)

ٹیکس آن سروسز کا دائرہ کار مزید بڑھایا جائے گا اور مختلف نئے شعبوں کو ٹیکس نیٹ میں شامل کیا جائے گا، بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے افسران واہلکاروں کی استعداد کار بڑھانے کے لیے بھی خصوصی تربیتی پروگرامز متعارف کرانے پر اتفاق کیا گیا

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف پاکستان ٹیلی ویژن میں قائم کردہ انگریزی چینل ''پاکستان ٹی وی ڈیجیٹل'' کا افتتاح کررہے ہیں

ٹیکس چوری روکنے کیلئے جامع حکمت عملی اختیار کی گئی ہے — سرفراز بگٹی

بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی کارکردگی اور اہداف کا تسلسل کے ساتھ باقاعدہ جائزہ لیا جائے گا اور اس مقصد کے لیے ایڈوائزری کونسل کے اجلاس مقررہ وقفوں سے منعقد کیے جائیں گے، میر سرفراز بگٹی کا اجلاس سے خطاب

اجلاس میں صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون، چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان سمیت ایڈوائزری کونسل کے دیگر اراکین نے شرکت کی

کوئٹہ (جی این ایم) وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے کو اپنے مالی وسائل میں خاطرخواہ اضافہ کرنا ہوگا تاکہ بلوچستان حقیقی معنوں میں مالی خودمختاری کی طرف بڑھ سکے اور ترقی وخوشحالی کے نئے دور کا آغاز کیا جاسکے۔ وہ بدھ کو وزیراعلی سیکرٹریٹ میں بلوچستان ریونیو اتھارٹی ایڈوائزری کونسل کے اجلاس کی صدارت کررہے تھے۔ وزیراعلی نے کہا کہ اتھارٹیز کے قیام کا بنیادی مقصد صوبائی وسائل میں اضافہ، محصولات کی بنیاد کو وسیع کرنا اور معیشت کو پائیدار و مضبوط خطوط پر استوار کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس دہندگان کو سہولت فراہم کرنے کے لیے صوبائی ٹیکسز بالخصوص سروسز پر سیلز ٹیکس، کنٹریکٹ کی خدمات، فرنچائز فیس، ٹیلی کمیونیکیشن، انشورنس، کنسٹرکشن، ایجوکیشن اور ہیلتھ سروسز کے نظام کو شفاف اور آسان بنایا جائے گا اس مقصد کے لیے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے محصولات کے پورے ڈھانچے کو مزید موثر، قابل (بقیہ 10 اندرونی صفحہ 7 پر)

FIA ٹیم کی ایک گھنٹہ ملاقات، عمران کا ٹوئٹر اکاؤنٹ کے ہینڈلر کا نام بتانے سے انکار

سائبر کرائمز ٹیم ایک گھنٹے سے زائد اڈیالہ جیل موجود رہی، ایکس کہاں سے استعمال ہوتا ہے سمیت متعدد سوالات

بانی پی ٹی آئی نے ایف آئی اے ٹیم سے تحریری سوال نامہ مانگ لیا، جواب وکلا کی موجودگی میں دینے پر اصرار

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) ایف آئی اے ٹیم کی پوچھ گچھ، عمران خان نے ٹوئٹر اکاؤنٹ کے ہینڈلر کا (بقیہ 96 اندرونی صفحہ 7 پر)

پارلیمنٹ ہو یا سپریم کورٹ ہر ادارہ آئین کا پابند ہے — جسٹس جمال مندوخیل

اسمبلی مالی سال سے ہٹ کر ٹیکس بل پاس کر سکتی، کیا آئین میں پارلیمنٹ کو پاور دی گئی؟: جج سپریم کورٹ

سپریم کورٹ کا کوئی فیصلہ موجود تو ہائیکورٹ عملدرآمد کرنے کی پابند ہے: وکیل ایف بی آر، سماعت ملتوی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جسٹس جمال مندوخیل نے سپر ٹیکس کیس میں ریمارکس دیئے پارلیمنٹ ہو یا (بقیہ 97 اندرونی صفحہ 7 پر)

بلوچستان بھر میں میونسپل کمیٹیوں کی ہڑتال، دفاتر دوسرے روز بھی بند

دو ماہ سے تنخواہیں نہ ملنے پر ملازمین سراپا احتجاج، شہروں میں کچرے کے ڈھیر، عوام شدید مشکلات کا شکار

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان بھر کی میونسپل کمیٹیا (بقیہ 14 اندرونی صفحہ 7 پر)

دالبندین ایئرپورٹ سے اندرون ملک پروازیں بحال

دالبندین (یو این اے) دالبندین ایئرپورٹ سے کراچی اور کوئٹہ کے لیے اندرون ملک پروازیں (بقیہ 23 اندرونی صفحہ 7 پر)

کوہلو، محکمہ زرعی انجینئرنگ میں کرپشن کے سنگین انکشافات

زمینی حقائق کے برعکس فنڈز افسران کی جیبوں میں، زمینداروں کی مشکلات بڑھ گئیں

کوہلو (یو این اے) محکمہ زرعی انجینئرنگ کوہلو میں بڑے پیمانے پر کرپشن کے انکشافات سامنے آئے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق فیول کی مد میں ملنے والی کروڑوں روپے کی رقم، جو زمینوں پر بندھات کی تعمیر اور کھیتوں کی ہمواری کے لیے زمینداروں پر (بقیہ 36 اندرونی صفحہ 7 پر)

جمعیت علما اسلام دین و وطن کے تحفظ کی جنگ ہر محاذ پر لڑے گی، مولانا عبدالواسع

اسلامی اقدار اور ملکی استحکام پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، صوبائی امیر جمعیت و سینیٹر

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے امیر اور سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ جمعیت علما اسلام ہر محاذ پر شعائر اسلام، عقیدہ ختم نبوت اور ملکی استحکام کے تحفظ کی جنگ لڑے گی۔ ہم کسی بھی صورت دین کی بنیادی اقدار اور وطن کی سالمیت پر (بقیہ 13 اندرونی صفحہ 7 پر)

قائم مقام صدر کی بین الاقوامی اداروں سے سیلاب متاثرین کیلئے امداد کی اپیل

کراچی (سی ایم لنکس) قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی نے بین الاقوامی فلاحی اداروں سے پاکستان بالخصوص جنوبی پنجاب کے سیلاب متاثرین (بقیہ 35 اندرونی صفحہ 7 پر)

سزاؤں کا اتوار بازار ختم ہونا چاہیے — بیرسٹر گوہر

عدلیہ میں ججز ذاتی اختلافات رکھتے ہیں اور کھل کر سامنے آ گئے ہیں، چیف جسٹس سے درخواست ہے کہ ہمارے زیر التوا مقدمات پر قانون کے مطابق کاروائی کریں

27 ستمبر کو پشاور میں بہت بڑا جلسہ ہوگا، پورے پاکستان سے لوگ آئیں گے، چیئرمین پی ٹی آئی کی میڈیا سے گفتگو

پشاور (جی این ایم) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ عدلیہ میں ججز ذاتی اختلافات رکھتے ہیں اور کھل کر سامنے آ گئے ہیں، چیف جسٹس سے درخواست ہے کہ ہمارے زیر التوا مقدمات پر قانون کے مطابق کاروائی کریں، عدلیہ ماتحت عدالتوں پر نظر رکھتی تو ہمارے 3 لوگوں کو 100 سال کی سزا نہ ہوتی، اب سزاؤں کا اتوار بازار ختم ہونا چاہیے نفرتوں سے حکومت کرنے سے پاکستان کا نقصان (بقیہ 39 اندرونی صفحہ 7 پر)

کوئٹہ کے علاقے سریاب روڈ فلائی اوور کے نیچے سیوریج کا بہتا گندا پانی شہریوں کیلئے مشکلات کا باعث بن رہا ہے

بنوں اور کرک میں دہشتگردی کے حملے ناکام، 3 دہشتگرد ہلاک

بنوں میں دہشت گردوں نے پہلے میریان تھانے اور پھر مزنگ چوکی کو نشانہ بنایا تاہم پولیس نے دلیری اور حکمت عملی سے دونوں حملے پسپا کر دیئے

دہشت گردوں کے ساتھی ہلاک اور زخمیوں کو لے کر فرار ہو گئے جبکہ حملے میں 3 پولیس اہلکار معمولی زخمی ہوئے ہیں، حکام

بنوں (اے این این) خیبر پختونخوا کے اضلاع بنوں اور کرک میں دہشت گردوں کے حملے ناکام بنا دیئے گئے۔ ترجمان پولیس کے مطابق بنوں میں دہشت گردوں نے پہلے میریان تھانے اور پھر مزنگ چوکی کو نشانہ بنایا تاہم پولیس نے دلیری اور حکمت عملی سے دونوں حملے پسپا کر دیئے۔ پولیس کے مطابق دہشت گردوں نے میریان تھانے پر حملہ کیا جسے 20 منٹ میں ناکام بنا دیا گیا، میریان میں مزنگ چوکی (بقیہ 25 اندرونی صفحہ 7 پر)

اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل کا قطر حملے پر اسرائیل کے احتساب کا مطالبہ

یہ حملہ خطے میں خطرناک بگاڑ پیدا کرے گا، پاکستانی سفیر بلال احمد، اسرائیل اور امریکا نے اجلاس میں شرکت نہیں کی

جنیوا (جی این ایم) اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل میں پاکستان سمیت کئی ممالک نے قطر پر اسرائیلی فضائی حملے کے بعد اسرائیل کے کڑے احتساب کا (بقیہ 40 اندرونی صفحہ 7 پر)

کوئٹہ اور گردونواح میں بجلی کی بندش کا اعلان

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ پروجیکٹ منصوبہ کے تحت سڑکوں کی توسیع اور برقی لائنوں کی شفٹنگ کے کاموں کے پیش نظر شہر کے مختلف علاقوں میں بجلی (بقیہ 41 اندرونی صفحہ 7 پر)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان ریونیو اتھارٹی ایڈوائزری کونسل کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

وزیراعلی خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کے شراب و اسلحہ برآمدگی کیس میں وارنٹ گرفتاری برقرار

اسلام آباد (جی این ایم) اسلام آباد کی سیشن کورٹ نے شراب و اسلحہ برآمدگی کیس میں وزیراعلی خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کے وارنٹ گرفتاری برقرار (بقیہ 42 اندرونی صفحہ 7 پر)

چین سے دوستی نسل درنسل آگے بڑھے گی، آصف زرداری

مخالف اور دشمن عناصر نقصان نہیں پہنچا سکتے، صدر مملکت

شنگھائی (جی این ایم) صدر مملکت آصف زرداری نے کہا ہے کہ مخالف عناصر پاک، چین دوستی کو نقصان نہیں پہنچا سکتے۔ انہوں نے یہ بات شنگھائی میں کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ کے سیکرٹری سے ملاقات کے دوران کہی، جس دوران خاتون اول (بقیہ 15 اندرونی صفحہ 7 پر)

تربت میں شہید کیپٹن اور ژوب واقعہ کی تحقیقات کرینگے، بخت محمد کاکڑ

ژوب شیرانی میں دہشت گردوں کی جانب سے لیویز چوکی پر حملہ قابل مذمت جس کی مذمت کرتے ہیں

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد نے تربت میں جام شہادت نوش کرنے والے کیپٹن وقار احمد کاکڑ اور دیگر شہداء کو خراج عقیدت پیش (بقیہ 26 اندرونی صفحہ 7 پر)

پاکستان اور فلسطین کے مابین صحت کے شعبے میں فروغ اور تعاون کا معاہدہ طے

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان اور فلسطین کے درمیان صحت کے شعبے میں فروغ اور تعاون کا معاہدہ طے ہوگیا، مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر دیئے گئے۔ ترجمان وزارت صحت کے مطابق پاکستان کی جانب (بقیہ 27 اندرونی صفحہ 7 پر)

بلوچستان میں تعینات وفاقی ملازمین کے بچوں کے لئے وظیفہ فارم جاری

کوئٹہ (سی ایم لنکس) اسٹاف ویلفیئر آرگنائزیشن اسٹیبلشمنٹ ڈویژن حکومت پاکستان کوئٹہ نے بلوچستان میں تعینات وفاقی ملازمین کے سرکاری اسکول، کالج اور یونیورسٹی جانے والے بچوں کے لئے (بقیہ 28 اندرونی صفحہ 7 پر)

تہران، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے ایران کے پہلے نائب صدر محمد رضا عارف مصافحہ کررہے ہیں

ڈیرہ بگٹی، بارودی سرنگ دھماکہ، تین افراد جاں بحق، خواتین اور بچوں سمیت چار زخمی

زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا گیا، سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر تحقیقات شروع کر دیا

ڈیرہ بگٹی (یو این اے) سندھ اور بلوچستان کے سرحدی علاقے یاروپٹ میں بارودی سرنگ کے دو دھماکے ہوئے، جس کے نتیجے میں تین افراد جاں بحق اور چار زخمی ہو گئے۔ عینی شاہدین کے مطابق جاں بحق اور زخمی ہونے والوں میں خواتین اور بچے بھی (بقیہ 16 اندرونی صفحہ 7 پر)

حکومت کا سیلاب متاثرین کے لیے اگلے 24 سے 48 گھنٹوں میں پیکج لانے کا اعلان

اسلام آباد (جی این ایم) حکومت نے سیلاب متاثرین کے لیے اگلے 24 سے 48 گھنٹوں میں پیکج لانے کا اعلان کر دیا۔ یہ بات سیکریٹری پاور ڈویژن فخر عالم عرفان نے قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے توانائی کو بریفنگ میں بتائی انہوں نے کہا کہ سیلاب (بقیہ 29 اندرونی صفحہ 7 پر)

ہماری پرزور کوشش کے بعد بھی بانی پی ٹی آئی تک رسائی نہیں مل رہی، عمر ایوب

راولپنڈی (جی این ایم) پی ٹی آئی کے رہنما عمر ایوب نے کہا ہے کہ ہماری پرزور کوشش کے بعد بھی بانی پی ٹی آئی تک رسائی نہیں مل رہی، جیل سپرنٹنڈنٹ عدالت کا حکم بھی نہیں مان رہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عمر ایوب نے کہا کہ ہم بانی پی (بقیہ 43 اندرونی صفحہ 7 پر)

آئی ایم ایف وفد کے دورہ پاکستان سے قبل 51 شرائط پوری، دیگر پر کام جاری

ششماہی بنیاد پر گیس ٹیرف ایڈجسٹمنٹ کی شرط پر عمل کیا جا چکا ہے، رپورٹ

اسلام آباد (جی این ایم) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) مشن کے دورہ پاکستان سے قبل حکومت کی جانب سے آئی ایم ایف کی 51 شرائط میں سے (بقیہ 44 اندرونی صفحہ 7 پر)

ڈی جی آئی ایس پی آر کی آزاد کشمیر کے تعلیمی اداروں کے طلبہ اور اساتذہ کیساتھ نشست

ہم پاک فوج کے ساتھ کھڑے ہیں اور جانوں کا نظرانہ دینے سے گریز نہیں کریں گے، طلبا

میرپور (جی این ایم) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے آزاد جموں وکشمیر کے مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ اور اساتذہ کے ساتھ خصوصی نشست کی۔ خصوصی نشست میں خان محمد خان پوسٹ گریجویٹ کالج، میرپور یونیورسٹی (بقیہ 17 اندرونی صفحہ 7 پر)

عوام بھی حکومت کے شانہ بشانہ کھڑے ہوں اور اپنے حصے کا کردار ادا کریں، نسیم الرحمٰن ملاخیل

حالیہ بارشوں اور سیلاب نے پاکستان بالخصوص کے پی کے اور پنجاب میں بے پناہ تباہی مچائی ہے، صوبائی مشیر

کوئٹہ (اے این این) صوبائی مشیر ماحولیات وموسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے کہا ہے کہ حالیہ بارشوں اور سیلاب نے پاکستان بالخصوص کے (بقیہ 30 اندرونی صفحہ 7 پر)

قرآن و سنت اسلامی تہذیب کے بنیادی ستون ہیں — احسن اقبال

مسلمانوں کی آبادی دو ارب سے بڑھ چکی مگر ایک کروڑ آبادی والے ملک نے دو ارب لوگوں کو آگے لگایا ہوا ہے

انسان اور فطرت کے درمیان تعلقات عدم توازن کا شکار ہونے سے دنیا اس مسائل کا سامنا کر رہی ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی، اصلاحات وخصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ خلیف الارض کی ذمہ داریاں ادا کرنے کیلئے ہمیں خود کو قرآن و سنت سے جوڑنا ہوگا، قرآن و سنت اسلامی تہذیب کے بنیادی ستون ہیں، معرفت کا راستہ علم کے ذریعے طے کیا جاسکتا ہے، اسلامی تعلیمات میں کائنات کا کھوج اور تحقیق اللہ تعالیٰ کی تسبیح کی طرح لازم ہے۔ بدھ کو (بقیہ 45 اندرونی صفحہ 7 پر)

اسلام آباد، قائمقام صدر سید یوسف رضا گیلانی سے وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ ملاقات کررہے ہیں

ملکی حالات درست سمت میں نہیں، 74 فیصد شہریوں کی رائے

64 فیصد شہریوں نے مہنگائی کو سب سے زیادہ پریشان کن مسئلہ قرار دیا، بیروزگاری سے تنگ افراد کی شرح میں 7 فیصد اضافہ غربت سے تنگ افراد کی شرح چھ فیصد بڑھ کر 33 فیصد رہی

کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس پاک بھارت کشیدگی سے پہلے والی پوزیشن پر آ گیا، پاکستان رینکنگ میں ترکیہ سے بہتر، دیگر علاقائی ملکوں سے پیچھے، اپسوس سروے رپورٹ

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان کا کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس پاک بھارت کشیدگی سے پہلے والی پوزیشن پر آگیا۔ پاکستان رینکنگ میں ترکیہ سے بہتر لیکن دیگر علاقائی ملکوں سے پیچھے ہے۔ اپسوس نے کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس سروے جاری کر دیا ہے۔ سروے کے مطابق 30 فیصد پاکستانیوں نے پاکستان کے آگے بڑھنے کی سمت درست قرار دی ہے، ہر 4 میں سے ایک پاکستانی شہری کو یقین ہے (بقیہ 31 اندرونی صفحہ 7 پر)

شیرانی میں لیویز اور پولیس تھانوں پر دہشتگردی کے حملے، 4 شہید 6 زخمی

حملوں کے باعث تھانوں میں کمیونیکیشن سسٹم مکمل طور پر تباہ ہوگیا جبکہ لیویز کی ایک گاڑی کو بھی شدید نقصان پہنچا

اعظم خان کی بازیابی کے لئے سرچ آپریشن جاری ہے اور ژوب انتظامیہ نے واقعے کے فوری بعد بروقت کردار ادا کیا، ڈپٹی کمشنر

شیرانی (جی این ایم) بلوچستان اور کے پی کے سرحدی علاقے ضلع شیرانی میں نامعلوم دہشتگردوں کے حملے میں لیویز کے 3 اہلکار اور کانسٹیبلری کا جوان شہید ہوگیا۔ نامعلوم دہشت گردوں کی جانب سے رات گئے لیویز اور پولیس تھانوں پر راکٹوں سے حملے کئے گئے جس کے نتیجہ میں لیویز اور پولیس تھانوں میں آگ بھڑک اٹھی، حملوں کے دوران 6 اہلکار شدید زخمی بھی ہوئے۔ حملوں کے باعث تھانو (بقیہ 32 اندرونی صفحہ 7 پر)

ارباب اختیار سے درخواست ہے عام آدمی کو معافی دیں، شیخ رشید

میں قسم کھاتا ہوں راشد شفیق نے فیصل آباد نہیں دیکھا، ان کے والد کی طبیعت ناساز ہے

راولپنڈی (جی این ایم) سابق وفاقی وزیر شیخ رشید احمد نے ارباب اختیار سے عام آدمی کو معافی دینے کی درخواست کردی اور کہا ہے کہ چھوٹی چھوٹی باتوں پر 10 سال قید ہو رہی ہے، کھانسنے پر بھی 10 سال قید ہوجاتی ہے۔ انسداد دہشتگردی عدالت کے (بقیہ 11 اندرونی صفحہ 7 پر)

27 ستمبر کو کارکن پوری قوت کے ساتھ جلسہ گاہ پہنچیں — عمران خان

27 ستمبر کو پشاور میں جلسہ ہوگا، کارکن پوری قوت کے ساتھ جلسہ گاہ پہنچیں، میں یزیدیت کے آگے سر نہیں جھکاؤں گا

حکمران نے رول آف لا ختم کر دیا، یہ جو مرضی کرلیں میں غلامی قبول نہیں کروں گا، سابق وزیراعظم کی جیل میں گفتگو

راولپنڈی (جی این ایم) سابق وزیراعظم اور تحریک انصاف کے پیٹرن انچیف عمران خان نے اپنی پارٹی کو ہدایت کی ہے کہ اب کھل کر اپوزیشن کریں ورنہ سیاسی قبریں تیار ہوں گی، 27 ستمبر کو پشاور میں جلسہ ہوگا، کارکن پوری قوت کے ساتھ جلسہ گاہ (بقیہ 18 اندرونی صفحہ 7 پر)

سپیکر قومی اسمبلی سے مالدیپ کی عوامی مجلس کے سپیکر کی ملاقات

ملاقات میں دوطرفہ پارلیمانی تعلقات سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (یو این اے) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی دعوت پر پاکستان کے دورے پر آئے ہوئے مالدیپ کی عوامی مجلس کے سپیکر عبدالرحیم عبداللہ اور ان کے ہمراہ پارلیمانی وفد کا پارلیمنٹ ہاس آمد پر پرتپاک خیر مقدم کیا گیا۔ بدھ کو مالدیپ (بقیہ 33 اندرونی صفحہ 7 پر)

جی ایچ کیو حملہ کیس کے جیل ٹرائل کا نوٹیفکیشن واپس، عمران خان ویڈیو لنک پر پیش ہونگے

راولپنڈی (جی این ایم) پنجاب حکومت نے جی ایچ کیو حملہ کیس کے جیل ٹرائل کا نوٹیفکیشن واپس لے لیا۔ ذرائع کے مطابق پنجاب حکومت نے جی ایچ (بقیہ 34 اندرونی صفحہ 7 پر)

کوئٹہ پولیس کی کارروائیاں، 63 ملزمان گرفتار، ہتھیار برآمد

موٹر سائیکل چھیننے اور چوری کے 28 ملزمان گرفتار، شہر میں امن قائم رکھنے کی کوششیں جاری

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ پولیس نے ماہ ستمبر میں منشیات فروشوں، جرائم پیشہ عناصر، غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے، موٹر سائیکل چھیننے والے اور چوروں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 18 موٹر سائیکل، 2 گاڑیاں، چھینے گئے 6 موٹر سائیکل، 1 گا (بقیہ 12 اندرونی صفحہ 7 پر)

وزیراعظم سعودی عرب پہنچ گئے، جنگی طیاروں کی جانب سے وزیراعظم کا شاندار استقبال

اسلام آباد (یو این اے) وزیراعظم پاکستان شہباز شریف سعودی ولی عہد کی دعوت پر سرکاری دورے (بقیہ 20 اندرونی صفحہ 7 پر)

ملکی گیس کنکشن پر مستقل پابندی عائد، وصول شدہ 30 لاکھ درخواستیں منسوخ کرنے کی ہدایت

پیٹرولیم ڈویژن کا وفاقی کابینہ کا منظور کردہ فریم ورک سوئی سدرن اور سوئی ناردرن کو ارسال

اسلام آباد (جی این ایم) ملکی گیس پر کنکشن لگانے کیلئے مستقل طور پر پابندی عائد کردی گئی اور پہلے سے وصول شدہ 30 لاکھ درخواستوں کو منسوخ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پیٹرولیم ڈویژن نے وفاقی کابینہ کا منظور کردہ فریم (بقیہ 19 اندرونی صفحہ 7 پر)

جمہوری مذاہمت اور حقوق کے حصول کے لیے جدوجہد جاری رہے گی، مولانا عبدالحق ہاشمی

اسلامی تعلیمات اور اصولوں کے مطابق زندگی، انصاف اور فلاح کے لیے عملی اقدامات ضروری ہیں

کوئٹہ (یو این اے) جماعت اسلامی بلوچستان کے رہنماں نے کہا ہے کہ جمہوری مذاہمت، حقوق کے حصول اور نفاذِ اسلام کے لیے جدوجہد جاری رہے گی۔ مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل اور سابق امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی، سابق امیر صوبہ عبدالمتین اخونزادہ اور سیکرٹری جنرل مرتضیٰ خان کاکڑ نے کہا کہ مذاہمت میں زندگی ہے اور بلوچستان کے عوام کو نظرانداز کرنا یا وسائل سے محروم رکھنا، بات چیت کے بجائے طاقت اور فوجی آپریشن کا استعمال نقصان دہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بارڈر بندش، سی پیک، ریکوڈک اور سیندک پراجیکٹس کے ثمرات سے محرومی نے صوبے کے مسائل مزید بڑھا دیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اللہ کی رضا اور خوشنودی کے حصول کے لیے اصول، سچائی اور دیانتداری ضروری ہیں اور معیار زندگی اسلامی تعلیمات کے مطابق ہونا چاہیے۔ یہ باتیں انہوں نے کوئٹہ میں جماعت اسلامی بلوچستان کی ایک روزہ تربیت گاہ برائے منتخب امیدواران رکنیت میں جامع مسجد چمن مدرسہ دارالرشاد میں خطاب کرتے ہوئے کہی۔ تربیت گاہ میں صوبے بھر سے منتخب امیدواران نے شرکت کی۔ اس موقع پر نائب امرا جماعت اسلامی بلوچستان زاہد اختر، بشیر احمد مانڈائی، مولانا عبد الکبیر شاکر، ڈاکٹر عطا الرحمٰن، پروفیسر مولانا محمد ایوب منصور، معروف ٹرینر نثار موسی، سکالر محمد فاروق کاکڑ اور دیگر نے بھی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خیر، نیکی اور بھلائی کے کاموں میں ایک دوسرے کا ساتھ دیں اور شر، منکر، ظلم و بدی کے خلاف جدوجہد کریں۔ انہوں نے کہا کہ داعی کی حیثیت سے لوگوں کو قرآن وسنت کی دعوت دینے کے ساتھ ساتھ مسائل ومشکلات کے حل اور ظلم و جبر کے خلاف بھرپور حصہ لینا ضروری ہے۔ فتنہ وفساد سے دور رہیں، اپنی خامیوں پر نظر رکھیں

پشتون ثقافت کے عالمی دن 23 ستمبر جنوبی پشتونخوا میں نہایت سادگی سے منائی جائیگی

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ مرکزی پارٹی کے اعلامیہ کے مطابق پشتون ثقافت کے عالمی دن 23 ستمبر جنوبی پشتونخوا میں نہایت سادگی سے منائی جائیگی جبکہ مرکزی تقریب کوئٹہ میں ملتوی کردی گئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ جنوبی پشتونخوا کے تمام اضلاع میں تمام محب وطن، جمہوری، وطن دوست پشتون قوم اور خصوصاً پارٹی کارکنان پشتون ثقافتی روایتی ملبوسات پہن کر اس دن کو سادگی سے منائیں جبکہ پارٹی کے زیر اہتمام پشتون ثقافت پرمبنی میوزک، ڈھول، اتڑ وغیرہ کے پروگرام شامل نہ ہو۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ 2 ستمبر کے خودکش حملے اور شہدا کے سوگ میں انسانی ہمدردی کی بنیاد پر کوئٹہ کا مرکزی پروگرام منسوخ کیا گیا ہے

یہی تنظیم ان کے قومی، علمی، جمہوری حقوق کی محافظ اور بہتر مستقبل کی ضمانت ہے

پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن لورالائی کے ضلعی ایگزیکٹیو کا اجلاس ضلع سیکرٹری اکبر تنگیال کے زیر صدارت منعقد ہوا

لورالائی (پ ر) پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن لورالائی کے ضلعی ایگزیکٹیو کا اجلاس ضلع سیکرٹری اکبر تنگیال کے زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں گزشتہ تنظیمی رپورٹ پیش ہوئی اور آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا گیا۔ اجلاس میں تنظیمی فعالیت کیلئے ضلعی ایگزیکٹیو پر مشتمل ارکین کی مختلف کمیٹیاں بنائی گئی۔ اجلاس میں پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے زونل آرگنائزر وارث افغان، سینئر آرگنائزر مزمل شاہ وطن یار، آفس آرگنائزر زبیر ترین، رابطہ آرگنائزر بشیر افغان خصوصی طور پر شریک تھے۔ اجلاس سے رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ لورالائی ضلع میں تعلیمی اداروں کا کوئی پرسان حال نہیں۔ بند سکولوں کی فعالیت اور تعلیمی اداروں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی اور مسائل کے حل کے لیے پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن نے اپنی ذمہ داریاں ہر وقت پوری کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جدید سائنسی ٹیکنالوجی کے نظام میں آج بھی ہمارا تعلیمی نظام دور قدیم کے تقاضوں کو پورا نہیں کر پا رہا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ دور جدید کے تقاضوں کے مطابق مفت ومعیاری تعلیم ہر بچہ تک پہنچا کر علم کے فروغ کے لیے اقدامات کیئے جائیں۔ انہوں نے ضلعی تنظیم پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وہ تعلیمی اداروں اور ضلع میں طلباء دعوت مہم کا سلسلہ تیز کرتے ہوئے

کوئٹہ، الخدمت فاؤنڈیشن کوئٹہ کے سرپرست عبدالنعیم رند کوئٹہ کے صدر طیب فرید خان ذمہ داران کے ہمراہ میڈیا سے بریفنگ کر رہے ہیں

جمعیت ضلع کوئٹہ کا اہم اجلاس مولانا سرور موسی خیل کی گرفتاری کی سخت مذمت اور فوری رہائی کا مطالبہ

جمعیت ہر سازش یا جھوٹے مقدمے سے مرعوب نہیں ہوگی، عوامی حقوق کی جدوجہد جاری رہے گی، مجلس عاملہ

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے مجلس عاملہ کا اہم اجلاس امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں جمعیت کے صوبائی نائب امیر و سابق صوبائی وزیر مولانا محمد سرور موسی خیل کی گرفتاری کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی اور ان کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا گیا۔ شرکا نے کہا کہ مولانا سرور موسی خیل اور ان کے بیٹوں کے خلاف درج ایف آئی آر کو ریاستی اداروں کی جانب سے عوامی حقوق کی آواز کو دبانے کی سازش قرار دیا گیا ہے اور اس کو قبائلی تنازعے کو حل کرنے کی کوششوں کو ناکام بنانے کے مترادف بتایا گیا۔ اجلاس میں یہ بھی اصرار کیا گیا کہ جمعیت کسی بھی سازش، دبا یا جھوٹے مقدمات سے مرعوب نہیں ہوگی اور عوامی حقوق کی جدوجہد جاری رہے گی۔ شرکا نے تمام قانونی اور سیاسی فورمز پر مولانا کے ساتھ کھڑے رہنے کا عزم ظاہر کیا اور مطالبہ کیا کہ مولانا اور ان کے بیٹوں کو فوراً رہا کیا جائے۔ اجلاس کے اختتام پر حاجی قاسم خلجی، مولانا مفتی عبدالباقی بڑیچ کی صحت کے لیے دعا اور امین جان رند کی چچا کے ایصال ثواب کے لیے دعائے مغفرت بھی کی گئی۔ جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے مجلس عاملہ کا اہم اجلاس امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں جمعیت کے صوبائی نائب امیر وسابق صوبائی وزیر مولانا محمد سرور موسی خیل کی گرفتاری کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی اور ان کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا گیا۔ شرکا نے کہا کہ مولانا سرور موسی خیل اور ریاستی نے کی سازش قرار دیا گیا ہے

عوام کے جان ومال کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے، ڈپٹی کمشنر سبی

سبی (اے این این) ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی نے کہا ہے کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ اور امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے قومی شاہراہوں پر سکیورٹی مزید سخت کر دی گئی ہے۔ انہی ہدایات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر بختیار آباد میر بہادر خان بنگلزئی نے قومی شاہراہ این-65 پر سنیپ چیکنگ کی۔ ڈپٹی کمشنر سبی کا کہنا تھا کہ قومی شاہراہوں پر اچانک سنیپ چیکنگ کا مقصد شر پسند عناصر، جرائم پیشہ افراد اور غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، اس مقصد کے لیے داخلی و خارجی راستوں پر بھی سخت نگرانی جاری ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اسلحہ، منشیات یا کسی بھی غیر قانونی نقل وحمل میں ملوث افراد کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ امن وامان کے قیام میں فورسز اور ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مکمل تعاون کریں۔ انہوں نے واضح کیا کہ اسلحہ، منشیات یا کسی بھی غیر قانونی نقل وحمل میں ملوث افراد کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ امن و امان کے قیام میں فورسز اور ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مکمل تعاون کریں۔

لورالائی میں سیکریٹری لال جان جعفر پر حملہ بزدلانہ فعل ہے، مجیب الرحمٰن

انجینئرز کی عزت کے تحفظ کیلئے متحد ہیں، صوبائی حکومت فوری کارروائی کرے

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان انجینئرنگ کونسل بلوچستان کے وائس چیئرمین اور کیسکو انجینئرز آفیسرز ایسوسی ایشن کے صدر میر مجیب الرحمٰن مری نے لورالائی میں سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو لال جان جعفر پر حملے کو بزدلانہ فعل قرار دیتے ہوئے شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ میر مجیب الرحمٰن مری نے کہا کہ موسی خیل کے ایک سابق ایم پی اے کی جانب سے سیکریٹری لال جان جعفر پر حملہ انتہائی افسوسناک اور ناقابل قبول ہے۔ انہوں نے کہا کہ سینئر افسران کے خلاف ایسی جارحانہ کارروائیاں کسی صورت برداشت نہیں کی جائیں گی اور اسے پوری انجینئرنگ کمیونٹی کے وقار پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ انہوں نے متاثرہ افسر کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ واقعے کے مرتکب افراد کے خلاف فوری اور سخت کارروائی کی جائے تاکہ انصاف کو یقینی بنایا جا سکے اور صوبے میں خدمات انجام دینے والے پیشہ ور انجینئرز کی عزت، وقار اور تحفظ برقرار رکھا جا سکے۔ مرمجیب الرحمٰن مری نے مزید کہا کہ انجینئرنگ کمیونٹی اپنے تمام اراکین کے وقار کے تحفظ کے لیے متحد، چوکس اور پرعزم ہے۔ جائیں گی اور اسے پوری انجینئرنگ کمیونٹی کے وقار پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ انہوں نے متاثرہ افسر کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ واقعے کے مرتکب افراد کے خلاف فوری اور سخت کارروائی کی جائے تاکہ انصاف کو یقینی بنایا جاسکے اور صوبے میں خدمات انجام دینے والے انجینئرنگ کمیونٹی اپنے تمام اراکین کے وقار کے تحفظ کے لیے متحد، چوکس اور پرعزم ہے۔

پشتون افغان دشمن پالیسی ختم کرنی ہوگی، پشتونخوانیپ

کوئٹہ کے غیور عوام کو ہر شعبہ زندگی میں درپیش مسائل ومشکلات صوبائی حکومت اور متعلقہ اداروں نے بروقت حل کرنا ہوگا

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہیں کہ ضلع کوئٹہ کے غیور عوام کو ہر شعبہ زندگی میں درپیش مسائل و مشکلات صوبائی حکومت اور متعلقہ اداروں نے بروقت حل کرنا ہوگا ضلعی انتظامیہ و پولیس کے مخصوص افسروں و اہلکاروں نے عوام دشمن رویہ ترک کرنا ہوگا نام نہاد حکومت اور ان کے اداروں نے آفغان کڈوال عوام کے خلاف نسلی تعصب پر مبنی پشتون افغان دشمن پالیسی ختم کرنی ہوگی جبکہ پشتونوں کی معاشی ناقعہ بندی مزید قابل برداشت نہی ورنہ پشتونخوا نیپ جاری احتجاج کو وسعط دے کر احتجاجی مظاہروں شٹرڈاون ہڑتالوں صوبائی آسمبلی اور کوئٹہ کے تمام تھانوں و کوئٹہ کے ایم پی ایز کے گھروں کے سامنے دھرنہ وگھراو کرنے پر مجبور ہونگے اور ہمارے صوبے میں دوسرے صوبوں کے رہنے والے ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والوں کو صوبہ بدر کرینگے جبکہ افغان کڈوال عوام کے خلاف جاری کریک ڈاون و توھین امیز سلوک پر مختلف سیاسی مذہبی پارٹیوں کی خاموشی افسوس ناک اور قابل گرفت ہیں اور ترک کرنے ہونگے اور آج ہم نے وفد کی شکل میں وزیراعلی سے ملاقات کر کے ان پر یہ سنگین صورت حال واضح کیا ہیں اگر اس کے باوجود صوبائی حکومت اور ان کے اداروں نے بہ سرزمین ان حقائق کو تسلیم نہی کیا تو ہمیں مجبور؟ احتجاجی تحریک کو وسعت دینی ہوگی انہوں نے کہا کہ ایک طرف صوبائی حکومت اور ان کے صوبائی سیکریٹریٹ ضلعی انتظامیہ سمیت تمام سیول انتظامیہ اپنے اختیارات کھوں چکے ہیں اور اصل اختیارات کے مالک امرانہ قوتیں ہیں جنہوں نے صوبائی سیول سیکریٹریٹ میں اپنے دفتر قائم کرکے زور زبردستی کے زریعے آئین وقانون سے بالاتر ہوکر تمام اختیارات چھین لئے ہیں لہذا صوبائی حکومت اور ان کے ایم پی ایز اور صوبے کے ملازمین نے اس سنگین صورتحال سے نکلنے کے لئے اپنے اختیارات کے حصول کے لئے جورت مندانہ اقدام اٹھانا ہوگا ورنہ صوبائی حکومت اور ایم پی ایز مستعفی ہوکے صوبے میں شفاف انتخابات کی راہ ہموار کرے تاکہ عوام کے حقیقی منتخب نمائندوں کی عوامی حکومت قائم کی جاسکے انہوں نے کہا کہ پشتون ...

... وزیراعلی چیف سیکریٹری اور آئی جی صاحب پر واضح کرتے ہیں کہ ضلع کوئٹہ کہ غیور عوام اور اصل مالک ابھی تک زندہ اور اس مصنوعی حکمرانی کی اصل حقیقت کو سمجھ رہے ہیں آپ لوگوں نے حالات کا ادراک کرتے ہوئے ضلع کوئٹہ کے عوام کو درپیش مشکلات ومسائل کو حل کرنے اور افغان کڈوال عوام کے خلاف نسلی تعصب پر مبنی پالیسی اور اقدامات ... روپے بنتے ہیں اور تین کھرب کے حساب سے ایک کھرب پانچ ارب روپے بنتے ہیں یہ سنگین صورتحال نامنہاد وغیر نمائندہ صوبائی حکومت کی گورننس کا اصل چہرہ ہے انہوں نے کہا کہ نگران حکومت کے دور میں ڈیورنڈ لاین پر امدورفت و کاروبار کی بندش اصل مقصد پشتون افغان عوام کی معاشی نا مارکیٹ پیدا کرنا ہیں

اے این پی 23 ستمبر کو پشتون کلچر ڈے سادگی سے منائیں

کوئٹہ (پ ر) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں کہا گیا ہے کہ عوامی نیشنل پارٹی امسال 23 ستمبر کو پشتون کلچر ڈے کی مناسبت سے ترتیب دئے گئے تمام پروگرامز ریاست اور حکومت کی جانب سے افغان کڈوال کے ساتھ روا رکھا جانیوالا انسانیت سوز روش ان پر ڈھایا جانیوالا ظلم پشتون خوا میں سیلاب سے پہنچنے والے قیمتی انسانی جانوں کے زیان کنڑ جلال آباد میں تباہ کن زلزلہ سریاب میں بلوچستان نیشنل پارٹی کے جلسے میں خودکش حملے میں شہدا کے اہل خانہ کیساتھ اظہار یکجہتی وہمدردی اور پشتون خوا وطن میں پھیلی بدامنی بے روزگاری کی وجہ سے منسوخ کرنے کا اعلان کرتی ہے اور تمام ضلعی تنظیموں کو ہدایت کی گئی کہ وہ 23 ستمبر کو پشتون کلچر ڈے سادگی سے منائیں

شہریوں کو بنیادی سہولیات فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے، سلیم خان ڈومکی

نصیر آباد (اے این این) چیئرمین میونسپل کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی میر صفدر خان عمرانی* اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سلیم خان ڈومکی کی ہدایات ... انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل کے لیے میونسپل کمیٹی ہر وقت پیش پیش ہے اور شہریوں کو بنیادی سہولیات فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے۔ سلیم خان ڈومکی نے مزید کہا کہ نالوں کی صفائی سے شہر میں بارشوں اور نکاس آب کے مسائل میں واضح کمی آئے گی اور لوگوں کو ریلیف ملے گا۔

پنجگور میں دوسالہ خشک سالی شدت اختیار کرگئی، پانی کی سطح خطرناک حد تک گرگئی

عوام پانی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں، علما سے بارانِ رحمت کے لیے دعا کی اپیل

پنجگور (یو این اے) گزشتہ دو برسوں سے بارش نہ ہونے کے باعث پنجگور میں خشک سالی نے شدید صورت اختیار کر لی ہے۔ پانی کی سطح خطرناک حد تک گر جانے سے شہر میں قلت پیدا ہوگئی ہے اور تقریباً 80 فیصد کنویں خشک ہو چکے ہیں۔ صدیوں پرانے کھجور کے باغات بھی خشک سالی کی لپیٹ میں آ گئے ہیں، جس سے زمینداروں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ دیہی علاقوں میں لوگ پانی کی بوند بوند کو ترسنے لگے ہیں جبکہ حکومت کی جانب سے قائم کردہ بیشتر واٹر سپلائی اسکیمیں غیر فعال ہیں اور جو فعال ہیں وہ بھی محدود پیمانے پر چند گھرانوں کو پانی فراہم کررہی ہیں۔



کوئٹہ، وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے چیئرمین نصر اللہ بلوچ لاپتہ عقیل جان کے والد لعل جان بلوچ اور اہلخانہ کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پشتونخوامیپ ضلع لورالائی کے صدر صفدر میختر وال کے چچا حاجی ملنگ خان انتقال کرگئے

لورالائی (پ ر) پشتونخوامیپ ضلع لورالائی کے صدر صفدر میختر وال کے چچا حاجی ملنگ خان انتقال کر گئے۔ فاتحہ خوانی میختر میں جاری ہے۔ نماز جنازہ میں پشتونخوامیپ کے رہنماؤں، کارکنوں سمیت مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں، کارکنوں، علماء کرام، قبائلی عمائدین اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ دریں اثناء پشتونخوامیپ کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، مرکزی ایگزیکٹیوز، صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، صوبائی ایگزیکٹیوز اور ضلع لورالائی کے ضلع کمیٹی کے اراکین، پشتونخوا ایس او ضلع لورالائی کے رہنماؤں نے حاجی ملنگ خان کی وفات پر صفدر خان میختر وال اور خاندان سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمانے کی دعا کی ہے

ملک میں معاشی استحکام پیدا کرنے کے دعوے محض بیانات تک محدود ہیں، عبدالقادر لونی

سلیکٹڈ حکومت میں آزادنہ اور خودمختار معاشی پالیسیوں کی صلاحیت نہیں رہا

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی کنوینر مفتی شفیع الدین مرکزی نائب امیر مولانا عبدالروف مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری نجیم خان ایڈوکیٹ مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی نائب امیر مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی فنانس سیکرٹری حاجی حیات اللہ کاکڑ نے کہا کہ حکمرانوں آئی ایم ایف کی ظالمانہ پالیسیوں کی تسلط سے قوم کی خون کو نچوڑا گیا۔ ملک میں معاشی استحکام پیدا کرنے کے دعوے جھوٹ کا پلندہ ہے ناروا ٹیکسز، مہنگائی اور بیروزگاری سے قوم کی امیدوں پر شب خون مارا گیا۔ مہنگائی اور بے روزگاری کا طوفان تھمنے کا نام نہیں لے رہا۔ ایک طرف مہنگائی دوسری طرف آئے روز بجلی گیس کی قیمتوں میں اضافے نے لوگوں کو نان شبینہ کا محتاج بنا دیا ہے لوگ دو وقت کی روٹی پوری کرے یا یوٹیلٹی بل ادا کرے انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف کی ڈکٹیشن پر حکومت کی طرف سے مسلط کردہ استحصالی اقدامات سے اشیاضرورت، بجلی وگیس، صحت وتعلیم عام عوام اور محنت کش ملازمین کی دسترس سے دور ہوتے جارہے ہیں ملازمین کے لیئے سفید پوشی کا بھرم رکھنا مشکل ہوگیا ہے خصوصا چھوٹی تنخواہ لینے والے ملازمین کے گھر فاقے چل رہے ہیں۔ بحران در بحران سے سفید پوش مڈل کلاس سے لے کر غربت کی لکیر پر زندگی گزارنے والے سبھی مہنگائی کے ہاتھوں ایک اذیت ناک زندگی گزار رہے ہیں انہوں نے کہا کہ پہلے کرپٹ نے ملک کو لوٹا اب اس دور حکومت میں مافیاز نے ملک کو معاشی بحران سے دوچار کر دیئے انہوں نے کہا کہ سلیکٹڈ حکومت میں آزادنہ اور خودمختار معاشی پالیسیوں کی صلاحیت نہیں رہا اور ملک کی معیشت کو تباہی کے دہانے پر لا کھڑا کیا۔

بلوچستان میں باڈی بلڈنگ کے فروغ کے لیے نئی تنظیم کا قیام

سید فضل الٰہی: نئی تنظیم سے کھلاڑیوں کی رہنمائی اور سہولیات میں بہتری آئے گی

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان اسپورٹس بورڈ کے وائس پریزیڈنٹ سید فضل الٰہی کی زیر صدارت بلوچستان باڈی بلڈنگ فیڈریشن کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں صوبے کے تمام ڈویژنز کے جم مالکان، ٹرینرز اور فیڈریشن کے عہدیداران نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس میں صوبے میں باڈی بلڈنگ کے فروغ اور کھلاڑیوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے مختلف تجاویز پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس کے دوران فیصلہ کیا گیا کہ بہت جلد ایک نئی تنظیم تشکیل دی جائے گی، جس میں بلوچستان بھر کے تمام باڈی بلڈرز اور جم کلبز کو نمائندگی دی جائے گی۔ اس تنظیم کا مقصد صوبے کے باڈی بلڈرز کی جدید خطوط پر تربیت، سہولیات کی فراہمی، مسائل کے حل اور قومی و بین الاقوامی سطح پر بہتر نمائندگی کو یقینی بنانا ہے۔ سید فضل الٰہی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں باڈی بلڈنگ کے شعبے میں بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے جسے آگے بڑھانے کے لیے منظم کوششوں اور ادارہ جاتی تعاون کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئی تنظیم کے قیام سے نہ صرف کھلاڑیوں کی بہتر رہنمائی ہوگی بلکہ باڈی بلڈنگ کے کھیل کو صوبے بھر میں مزید فروغ ملے گا۔ اجلاس میں شریک جم مالکان اور عہدیداران نے اس فیصلے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے عزم ظاہر کیا کہ وہ کھیل کے فروغ اور کھلاڑیوں کی فلاح و بہبود کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کریں گے۔ کے قیام سے نہ صرف کھلاڑیوں کی بہتر رہنمائی ہوگی بلکہ باڈی بلڈنگ کے کھیل کو صوبے بھر میں مزید فروغ ملے گا۔ اجلاس میں شریک جم مالکان اور عہدیداران نے اس فیصلے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے عزم ظاہر کیا کہ وہ کھیل کے فروغ اور کھلاڑیوں کی فلاح و بہبود کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کریں

بلیلی اور ملحقہ علاقوں میں پبلک ٹرانسپورٹ کی بندش، عوام اور طلبہ شدید مشکلات سے دوچار

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام درویش آباد بلیلی یونٹ کے جنرل سیکرٹری نقیب اللہ کاکڑ نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ سیکرٹری ٹرانسپورٹ اور وزیر ٹرانسپورٹ کی نااہلی کے باعث بلیلی، چشمہ اچوزئی، شیخ ماندہ اور کلی گل محمد کے عوام اور طلبہ طویل عرصے سے شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پہلے لوکل بسوں کی بندش سے عوام متاثر ہوئے اور اب حکومتی احکامات پر مزدا مالکان کی گاڑیاں بھی بند کر دی گئی ہیں، جس کے باعث غریب اور متوسط طبقہ بالخصوص طلبہ کے لیے سفری مسائل سنگین شکل اختیار کر گئے ہیں۔

گیس کمپنی کا رویہ قابل مذمت ہے، مولانا حافظ حسین احمد شرودی

شہری طرز زندگی میں اکثر خاندان رات 10 سے 12 بجے کے درمیان کھانا پکانے اور کھانے کے معمول پر عمل کرتے ہیں

کوئٹہ (جی این ایم) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی مولانا سعید احمد مولانا مفتی عبدالباقی بڑیچ مولانا محمد اکبر مینگل مولانا مفتی محمد رضا خان مولانا محمد عثمان پرکانی مولانا حافظ احمد جان ساسولی مولانا قاری نظر محمد حقانی مولانا حاجی محمد عیسی مولانا عبدالمجید امین جان رند ملک روز الدین کاکڑ نصیب اللہ آغا ایڈوکیٹ عبدالباری شہزاد اور جمعیت طلبہ اسلام ضلع کوئٹہ کے صدر حافظ حبیب الرحمٰن اور جنرل سیکرٹری حافظ عابد اللہ حنفی نے کہا کہ رات 10 بجے کے بعد گیس کی طویل لوڈشیڈنگ پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسے عوام کے ساتھ سراسر زیادتی قرار دیا ہے کوئٹہ کے شہری کئی دنوں سے رات 10 بجے کے بعد گیس کی مکمل بندش کا سامنا کر رہے ہیں، جس سے شہری زندگی بری طرح متاثر ہو رہی ہے انہوں نے کہا کہ شہری طرز زندگی میں اکثر خاندان رات 10 سے 12 بجے کے درمیان کھانا پکانے اور کھانے کے معمول پر عمل کرتے ہیں۔ ایسے میں رات کے اوقات میں گیس کی اچانک بندش کی وجہ سے انہیں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ بچے، بوڑھے اور خواتین سب ہی اس مسئلے کی وجہ سے پریشان ہیں۔ شہریوں کو مجبوراً مہنگے متبادل ذرائع جیسے سلنڈر گیس اور لکڑی کا استعمال کرنا پڑ رہا ہے، جس سے ان کے اخراجات میں کئی گنا اضافہ ہوگیا ہے انہوں نے کہا کہ جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ انتظامیہ سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ اس سنگین مسئلے کا فوری نوٹس لے انہوں نے کہا کہ گیس کمپنی کا یہ رویہ قابل مذمت ہے۔ انہوں نے حکام سے اپیل کی کہ وہ فوری طور پر گیس کی سپلائی کو یقینی بنائیں۔ جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی مولانا سعید احمد مولانا مفتی عبدالباقی بڑیچ مولانا محمد اکبر مینگل مولانا مفتی محمد رضا خان مولانا محمد عثمان پرکانی مولانا حافظ احمد جان ساسولی مولانا قاری نظر محمد حقانی مولانا حاجی محمد عیسی مولانا عبدالمجید امین جان رند ملک روز الدین کاکڑ نصیب اللہ آغا ایڈوکیٹ عبدالباری شہزاد اور جمعیت طلبہ اسلام ضلع کویٹہ کے صدر حافظ حبیب الرحمٰن اور جنرل سیکرٹری حافظ عابد اللہ حنفی نے کہا کہ رات 10 بجے کے بعد گیس کی طویل لوڈشیڈنگ پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسے عوام کے ساتھ سراسر زیادتی قرار دیا ہے کوئٹہ کے شہری کئی دنوں سے رات 10 بجے کے بعد گیس کی مکمل بندش کا سامنا کر رہے ہیں، جس سے شہری زندگی بری طرح متاثر ہو رہی ہے انہوں نے کہا کہ شہری طرز زندگی میں اکثر خاندان رات 10 سے 12 بجے کے درمیان کھانا پکانے اور کھانے کے معمول پر عمل کرتے ہیں۔ ایسے میں رات کے اوقات میں گیس کی اچانک بندش کی وجہ سے انہیں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ بچے، بوڑھے اور خواتین سب ہی اس مسئلے کی وجہ سے پریشان ہیں۔ شہریوں کو مجبوراً مہنگے متبادل ذرائع جیسے سلنڈر گیس اور لکڑی کا استعمال کرنا پڑ رہا ہے، جس سے ان کے اخراجات میں کئی گنا اضافہ ہوگیا ہے انہوں نے کہا کہ جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ انتظامیہ سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ اس سنگین مسئلے کا فوری نوٹس لے انہوں نے کہا کہ گیس کمپنی کا یہ رویہ قابل مذمت ہے

مولانا سرور ندیم موسی خیل پر بلاجواز ایف آئی آر کی شدید مذمت کرتے ہیں، جمعیت چمن

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے رہنما اور یوتھ پارلیمنٹ پاکستان کے ممبر حافظ محمد صدیق مدنی نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علما اسلام صوبہ بلوچستان کے نائب امیر مولانا سرور ندیم موسی خیل پر بلاجواز درج کی گئی ایف آئی آر کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اقدام ناانصافی اور بنیادی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک عوامی نمائندے کے خلاف جھوٹے اور من گھڑت الزامات عائد کر کے ایف آئی آر درج کرنا نہ صرف شخصی کردارکشی ہے بلکہ جمہوری اقدار اور سیاسی روایات کی توہین بھی ہے۔ حافظ محمد صدیق مدنی نے کہا کہ اختلافِ رائے جمہوری معاشروں کی پہچان ہوتا ہے، لیکن اختلاف کو دبانے کے لیے سرکاری طاقت اور ایف آئی آر کے ہتھکنڈے استعمال کرنا آمریت کی علامت ہے، جو کسی طور قابلِ قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علما اسلام ایک پرامن اور جمہوری جماعت ہے جو ہمیشہ عوامی حقوق اور سیاسی وقار کے تحفظ کے لیے جدوجہد کرتی آئی ہے، اس ...

اوستا محمد میں امن وامان کے حوالے سے اہم ملاقات

میر فاروق خان جمالی کی ایس پی حسنین وارث سے خصوصی گفتگو

گنداخہ (نورحسن جمالی) ایس پی اوستا محمد حسنین وارث سے ان کے دفتر میں سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر جان محمد خان جمالی کے فرزند میر فاروق خان جمالی نے خصوصی ملاقات کی۔ اس موقع پر معروف سماجی و قبائلی شخصیت بگن خان جمالی بھی موجود تھے۔ ملاقات میں ضلع اوستا محمد کی امن وامان کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ فریقین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ علاقے میں قیام امن اور عوام کو پرامن ماحول فراہم کرنے کے لیے انتظامیہ اور قبائلی قیادت ایک دوسرے کے شانہ بشانہ کردار ادا کریں گے۔ میر فاروق خان جمالی نے کہا کہ امن کے قیام کے بغیر ترقی کا خواب پورا نہیں ہوسکتا، اسی لیے عوام اور اداروں کے درمیان تعاون وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے پولیس کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ اوستا محمد میں جرائم کی روک تھام کے لیے اٹھائے جانے والے اقدامات قابل تحسین ہیں۔ ایس پی حسنین وارث نے اس موقع پر کہا کہ عوام کے تعاون کے بغیر امن قائم نہیں ہوسکتا، پولیس ہر ممکن کوشش کرے گی کہ علاقے کے شہریوں کو تحفظ اور سکون مل سکے

اوورلوڈنگ اور بغیر پرمٹ گاڑیوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی ہورہی ہے، وحید شریف عمرانی

کوئٹہ (اے این این) سیکریٹری ٹرانسپورٹ بلوچستان محمد حیات کاکڑ کی ہدایت اور سیکریٹری پراونشل ٹرانسپورٹ اتھارٹی (پی ٹی اے) بلوچستان وحید شریف عمرانی کی نگرانی میں صوبے بھر میں پبلک ٹرانسپورٹ، بین الصوبائی اور عبوری روٹ کی بسوں کے ساتھ ساتھ اوورلوڈنگ کرنے والے ٹرک، آئل ٹینکرز، کم عمر ڈرائیورز اور بغیر روٹ پرمٹ گاڑیوں کے خلاف سخت کارروائی جاری ہے۔ اس سلسلے میں پی ٹی اے بلوچستان اور نیشنل ہائی وے اینڈ موٹروے پولیس (NHMP) نے طور ناصر کراس کے مقام پر مشترکہ چیکنگ کی اس کارروائی کے دوران مجموعی طور پر 55 گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی جن میں سے 12 زیادہ بھری ہوئی ویگنیں/بسیں 05، سرچ لائٹس جبکہ 6 بغیر فٹنس سرٹیفکیٹ اور 17 روٹ پرمٹ کے بغیر چلنے والی اور 02 چھت پر مسافر بٹھانے والی گاڑیوں کو ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے پر موقع پر چالان کیے گئے۔

مسلم لیگ ن بلوچستان رہنماوں کی جمال شاہ کاکڑ سے ملاقات

پارٹی ورکر مسلم لیگ ن کی ریڑھ کی ہڈی ہیں، ان کے مسائل کے حل میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے، جمال شاہ کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ سے پیر کے روز وزیراعظم سیکرٹریٹ اسلام آباد میں مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے عہدیداروں اور سینئر ساتھیوں نے ملاقات کی۔ ملاقات میں تنظیمی معاملات، صوبے کی سیاسی صورتحال اور عوام کو درپیش مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی اصل طاقت اس کے کارکن ہیں جنہوں نے ہر مشکل وقت میں قیادت کا ساتھ دیا۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی ورکرز کا احترام اور ان کے مسائل کا حل قیادت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ بحیثیت رکن قومی اسمبلی انہوں نے بلوچستان کے مسائل کو ایوان میں بھرپور طریقے سے اجاگر کیا ہے، چاہے وہ تعلیم، صحت، روزگار یا بنیادی سہولیات کی فراہمی کا معاملہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کے عوام کے حقوق کے تحفظ کے لیے جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔ جمال شاہ کاکڑ نے اس موقع پر وزیراعظم میاں شہباز شریف اور مسلم لیگ (ن) کی مرکزی قیادت کے عزم کو بھی اجاگر کیا کہ بلوچستان کو ترقی کے قومی دھارے میں شامل کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کارکنوں کو یقین دلایا کہ ان کے مسائل کے حل میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑی جائے گی۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ سے پیر کے روز وزیراعظم سیکرٹریٹ اسلام آباد میں مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے عہدیداروں اور سینئر ساتھیوں نے ملاقات کی۔ ملاقات میں تنظیمی معاملات، صوبے کی سیاسی صورتحال اور عوام کو درپیش مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

مسلم باغ میں عوامی فنڈ زہڑپ، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کا میونسپل کمیٹی کے خلاف احتجاج

مسلم باغ (یو این اے) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے زیر اہتمام میونسپل کمیٹی مسلم باغ کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا، جس میں ضلعی صدر حاجی دارا خان جوگیزئی، جنرل سیکرٹری نقیب پامیر، ثقافتی سیکرٹری سردار ادریس خان، آفس سیکرٹری حاجی داد خان، کونسلر حاجی نعمت جوگیزئی، عتیق الرحمٰن اور رحمت خان نے خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ چیئرمین اور چیف آفیسر کی ملی بھگت سے عوامی فنڈز میں شدید کرپشن ہو رہی ہے اور حمایت یافتہ کونسلرز کو نوازنے کے لیے دیگر منتخب کونسلرز کے حق کو محدود کیا جا رہا ہے۔ احتجاجی ریلی کے بعد جلسے میں کہا گیا کہ تین جنرل کونسلرز اور ایک خاتون کونسلر کو دانستہ نظر انداز کیا جا رہا ہے، جس کے باعث ان کے حلقہ جات میں ترقیاتی کام روک دیے گئے ہیں، یہ غیر جمہوری اور غیر آئینی عمل ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ کونسلرز سے حاضری شیٹ پر دستخط لے کر بعد ازاں انہیں بجٹ کی منظوری کے طور پر پیش کیا گیا، جو صریحاً جعل سازی ہے۔ مقررین نے کہا کہ کونسلرز عوامی مسائل ...

بختیارآباد ولہڑی میں بجلی کی 13 گھنٹے طویل لوڈشیڈنگ، کاروبار ٹھپ، عوام شدید پریشان

80 فیصد ریکوری کے باوجود 13 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ ظلم کی انتہا ہے، علاقہ مکینوں کا شکوہ

بختیار آباد (یو این اے) بختیار آباد، لہڑی اور گردونواح میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ، علاقہ مکین شدید پریشان، طویل دورانیہ کے لوڈشیڈنگ کے باعث کاروبار ٹھپ، تاجر برادری کی مشکلات میں اضافہ، علاقہ مکینوں کا حکام بالا سے نوٹس لے کر لہڑی فیڈر پر بجلی کی لوڈشیڈنگ کم کرنے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل لہڑی اور بختیار آباد میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 13 گھنٹے تک پہنچ گیا۔ ... گھنٹے کی طویل ترین لوڈشیڈنگ نے اہل علاقہ کی زندگی اجیرن کردی انہوں نے کہا کہ ظلم کی انتہا ہے کہ 80 فیصد سے زائد ریکوری ہونے کے باوجود بھی واپڈا حکام کی جانب سے لہڑی فیڈر پر 13 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ کرنا سمجھ سے بالاتر ہے۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ ایک طرف تو کیسکو انتظامیہ اپنے صارفین کے یہ دعوی کرتے ہیں کہ جتنی زیادہ ریکوری ہوگی اور بل اور بقایاجات جمع ہوں گے لوڈشیڈنگ ...

اسلامی انقلاب کے لیے ہر کارکن کو کردار ادا کرنا ہوگا، مولانا قاری مہراللہ

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے مجلس عاملہ کا اجلاس ضلعی امیر مولانا قاری مہراللہ کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں رکنیت سازی مہم، کوئٹہ کی موجودہ مخدوش صورتحال اور شہر کے مسائل پر تفصیلی غور کیا گیا۔ ضلعی امیر مولانا قاری مہراللہ نے کہا کہ جمعیت نظریاتی ایک جامع اور ہمہ گیر انقلاب کی داعی ہے اور اہداف کے حصول کے لیے مشکلات اور سخت حالات سے گزرنا پڑے گا۔ اسلامی انقلاب کے لیے ہر کارکن کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر میں راہزنی اور دیگر جرائم بڑھ رہے ہیں جس سے شہری اور تاجروں کو غیر محفوظ محسوس ہو رہا ہے۔ انہوں نے آئی جی محمد طاہر سے عوام کی جان ومال اور عزت و آبرو کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات اٹھانے کی اپیل کی۔ مولانا قاری مہراللہ نے اجلاس میں کونکیٹروں کو ہدایت دی ...

جمعیت علما اسلام کا پیغام گھر گھر پہنچائیں، قاری سلیم اللہ

یو سی 20 کی کارکردگی تسلی بخش قرار دی گئی، قاری حمداللہ سالم

چمن (جی این ایم) جمعیت علما اسلام تحصیل صدر چمن کے کمیٹی تحصیل صدر چمن ناظم عمومی قاری سلیم اللہ کی سربراہی میں اور حلقہ خیرآباد ون یوسی 20 کی عاملے کا مشترکہ اجلاس قاری حمداللہ سالم ہاوس میں منعقد ہوا۔ اجلاس کا آغاز باقاعدہ تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ اجلاس کی صدارت یوسی آمیر قاری حمداللہ سالم نے کی۔ اجلاس سے تحصیل صدر ناظم عمومی قاری سلیم اللہ سنئیر نائب آمیر مولوی عبدالخالق خادم اور ڈپٹی ناظم عمومی حلقہ امیر قاری حمداللہ سالم نے خطاب ... شرکا کو دادو دیا اور کہا کہ حلقہ کے ذمہ داران جمعیت علما اسلام کا پیغام عام کرنے کیلئے اپنی جدوجہد تیز کریں اور گھر گھر گلی گلی میں جمعیت علما اسلام کا پیغام پہنچائے۔ اجلاس کا اختتام دعا سے ہوا جبکہ کیبنٹی کے دیگر ممبران تحصیل صدر چمن سرپرست اعلی مفتی عبدالمنان نائب آمیر مولوی آمین اللہ ناظم مالیات حاجی حبیب اللہ حقیار نائب امیر قاری عبدالرحمٰن ذاکر ڈپٹی سالار حافظ یار محمد خادم اجلاس میں شریک تھے ...

Daily KOZAK NEWS Quetta
جہاں خبر... وہاں ہم
روزنامہ کوژک نیوز کوئٹہ
E.mail:kozaknews@gmail.com
چیف ایڈیٹر: محمد اسلم اچکزئی
ایڈیٹر: محمد اکرم اچکزئی

کسی قسم کی کوتاہی یا ناقص کارکردگی برداشت نہیں کی جائے گی ڈی سی

عوام کو تعلیم، صحت، انفراسٹرکچر، پینے کے صاف پانی، نکاسی آب اور دیگر بنیادی سہولیات جلد از جلد میسر آسکیں، ڈپٹی کمشنر جھل مگسی

جو عوام کی اجتماعی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے تیار کیے گئے ہیں۔ضلعی انتظامیہ کی بھرپور کوشش ہے

گنداواہ (ریاض احمد ساسولی) ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ کی نگرانی میں بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت ڈی سی آفس گنداواہ میں متعدد اسکیمات کے ٹینڈرنگ صاف شفاف کے تحت کھولے گئے۔جس میں محکمہ اریگیشن جھل مگسی، محکمہ پی ایچ ای جھل مگسی اور محکمہ بی اینڈ آر بلڈنگ کے متعدد اسکیمات شامل تھی۔ٹینڈرنگ اوپن کے موقع پر ایف سی 151 ونگ جھل مگسی کے لیفٹیننٹ کرنل سہیل احمد، اے ڈی سی جھل مگسی عبدالغفور جمالی، ایکسین اریگیشن جھل مگسی محمد یار مگسی، ایکسین بی اینڈ آر (بلڈنگ) جھل مگسی ظفر (بقیہ 1 اندرونی صفحہ 5 پر)

جعفرآباد میں بہرانی قبائل کے سربراہ الحاج کریم بخش بہرانی کے انتقال کے بعد انکی رسم سوئم ادا کی جارہی ہے

پنجگور، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نے ففٹی بیڈڈ ہسپتال خدابادان کا تفصیلی دورہ کیا

پنجگور (یو این اے) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عابد بلوچ نے ففٹی بیڈڈ ہسپتال خدابادان پنجگور کا تفصیلی دورہ کیا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر نثار احمد بلوچ نے (بقیہ 3 اندرونی صفحہ 5 پر)

حاجی کریم بخش خان بہرانی کی رسمِ سوئم، حاجی مرید خان بہرانی نئے قبائلی سربراہ منتخب

بہرانی قبائل کے سربراہ حاجی کریم بخش خان کو خراجِ عقیدت، دستار بندی کی تقریب میں عمائدین کی بڑی شرکت

جعفرآباد (شکل بلوچ) بہرانی قبائل کے سربراہ حاجی کریم بخش خان بہرانی کے انتقال کے بعدان کی رسمِ سوئم آج نہایت عقیدت واحترام کے ساتھ ادا کی گئی۔اس موقع پر مرحوم کی مغفرت کے لیے قرآن خوانی کا اہتمام کیا گیا، جس میں بہرانی قبائل سمیت دیگر قبائل کے عمائدین اور شخصیات نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی۔قبائلی روایت کے مطابق رسم (بقیہ 2 اندرونی صفحہ 5 پر)

دنیا میں آج وہی قومیں ترقی کے منزل پر پہنچ چکی ہیں بلال بڑیچ

نقل کی روک تھام اور امتحانی مراکز میں سہولیات کی فراہمی کے لیے ہرممکن اقدامات کئے گئی ہیں

سبی (لیاقت علی ڈومکی) ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن سبی ڈویژن بلال احمد بڑیچ نے گزشتہ روز سبی میں ہونے والے میٹرک امتحانی حال کا دورہ کیا دوران دورہ ڈائریکٹر ایجوکیشن سبی ڈویژن بلال احمد بڑیچ کے ہمراہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالستار لانگو، پرنسپل گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی سکول سبی بیگ محمد رئیسانی، وائس پرنسپل عبدالرشید مگسی یو بھی انکے ہمراہ تھے امتحانی حال کے میں سپرینڈنٹ حافظ غلام محی الدین، ڈپٹی سپریڈنٹ محمد یوسف سومرو، محمد اسلم رئیسانی نے انہیں امتحانی حال کا دورہ کرایا دورے کے بعد ڈویژنل ڈائیریکٹر ایجوکیشن بلال احمد بڑیچ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالستار لانگو نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہو کہاہے کہ نقل کی روک تھام اور امتحانی مراکز میں سہولیات کی فراہمی کے لیے ہرممکن (بقیہ 4 اندرونی صفحہ 5 پر)

گنداواہ: ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ کھلی کچہری سے خطاب کررہے ہیں

ٹرانسپورٹرز کیلئے ریلیف پیکج کا اعلان کیا جائے

پنجاب بس یونین

ٹرانسپورٹرز سنگین بحران کا شکار ہیں، حکومت کی بے حسی ناقابلِ برداشت ہے، ظاہر شاہ کاکڑ

چیک پوسٹوں پر غیر قانونی رقوم وصولی اور پٹرولیم مصنوعات کی مہنگائی نے اس اہم شعبہ کو تباہ کردیا، مشترکہ بیان

کوئٹہ (پ ر) پنجاب خیبر پختونخوا بس یونین کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ظاہر شاہ کاکڑ جنرل سیکرٹری، وحید خان، وائس چیرمین حبیب خان کاکڑ، نائب صدر حاجی غلام علی عرف آغاہ، فنانس سیکرٹری، اقبال سرگڑھ، صدر لوکل بس یونین عبدالمتین خان کاکڑ نے کہا ہے۔کہ ٹرانسپورٹ انڈسٹری شدید مشکلات کا شکار ہے اور حالات روز بروز سنگین ہوتے جارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ امن وامان کی ابتر صورتحال، بلاجواز حکومتی فیصلے اور چیک پوسٹوں پر غیر قانونی رقوم کی وصولی نے ٹرانسپورٹ سیکٹر کو مفلوج کردیا ہے۔انھوں نے کہا کہ آئے روز بڑھتی ہوئی پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں نے ٹرانسپورٹرز کی کمر توڑ دی ہے۔کرایوں میں اضافہ عوامی دباؤ کے باعث ممکن نہیں جبکہ اخراجات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔اس غیر منصفانہ صورتحال نے پورے شعبے کو معاشی تباہی کے دہانے پرلا کھڑا کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ چیک پوسٹوں پر بھتہ خوری اور ڈرائیورز کی تذلیل معمول بن چکی ہے جس سے ٹرانسپورٹرز میں سخت اشتعال پایا جاتا ہے۔اگر حکومت نے فوری اور عملی اقدامات نہ کیے تو لاکھوں افراد کا روزگار متاثر ہوگا اور ٹرانسپورٹ کا پہیہ رکنے سے معیشت بھی بری طرح متاثر ہوگی۔ٹرانسپورٹرز رہنماؤں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ٹرانسپورٹ شعبے کے لیے فوری ریلیف پیکج دیا جائے، چیک پوسٹوں پر غیر قانونی (بقیہ 5 اندرونی صفحہ 5 پر)

بارشوں اور سیلابی پانی سے کسی بھی علاقے کو کوئی نقصان نہیں پہنچا

زمینداروں ودیہی آبادی نے محکمہ اریگیشن کے بروقت کاروائی کومثبت اقدام قراردے کرانکی خدمات کوخوب سراہا

سبی (لیاقت علی ڈومکی) گزشتہ بارشوں اور سیلابی پانی سے بچاؤ کے لیے بروقت اور محفوظ اقدامات اٹھانے پر زمینداروں، دیہی آبادی و شہریوں نے محکمہ اریگیشن کی خدمات کو سراہا، تفصیلات کے مطابق دیہی علاقوں کے زمیندار و دیہی آبادی نے اپنے جاری کردہ بیان میں محکمہ اریگیشن کے بروقت اقدامات کوسراہتے ہوکہاہے کہ محکمہ اریگیشن سبی نے (بقیہ 6 اندرونی صفحہ 5 پر)

اوتھل، دعوت اسلامی کا عظیم الشان سنتوں بھرا اجتماع آج شیخ نور محمد گوٹھ گرانڈ میں ہوگا

اوتھل (یو این اے) اوتھل میں دعوت اسلامی کا عظیم الشان سنتوں بھرا اجتماع آج بروز جمعرات بعد عشا شیخ نور محمد گوٹھ گرانڈز نزد لانگو پمپ، مین آرسی ڈی روڈ اوتھل میں ہوگا۔اجتماع میں دعوت اسلامی کی مرکزی (بقیہ 7 اندرونی صفحہ 5 پر)

جہاں ڈینگی کے علاج اور ٹیسٹوں کی سہولیات دستیاب ہیں

جمبر، محکمہ صحت کی طرف سے ضلع قصور میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں ڈینگی سپرے کیا گیا

جمبر (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر قصور اور چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ اینڈ پاپولیشن ڈیپارٹمنٹ کی ہدایات پر ڈاکٹر شاہزیب نقوی ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ہیلتھ، ڈاکٹر منیب انٹمولوجسٹ اور تحصیل سی ڈی سی انسپکٹر محمد ازاد کی زیرنگرانی پتوکی کے سیلاب زدہ علاقوں میں ڈینگی سرگرمیاں، محکمہ صحت کی طرف سے تمام متاثرہ علاقوں میں ڈینگی سپرے (فوگنگ اور آئی ایس آر) (بقیہ 8 اندرونی صفحہ 5 پر)

فنکار معاشرے کی اصل پہچان ہیں زرین مگسی

کوئٹہ میں 25 سال بعد اسٹیج ڈرامہ کی بحالی پر انعام، آرگنائزرز میں انعامی چیکس تقسیم

کوئٹہ (پ ر) حکومت بلوچستان اور صوبائی محکمہ ثقافت وسیاحت کی جانب سے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں 25 سال بعد اسٹیج تھیٹر ڈرامہ کی بحالی کو ایک تاریخی موقع قرار دیتے ہوئے۔ڈرامہ فیسٹول میں شریک تنظیموں، اور آرگنائزرز کو حوصلہ افزائی کے طور پر پارلیمانی سیکرٹری برائے کلچر و سیاحت نوابزادہ زرین خان مگسی نے ایک لاکھ پچاس ہزار روپے کے خصوصی انعامی چیکس تقسیم کیے۔اس موقع پرنوابزادہ زرین مگسی نے کہا کہ کوئٹہ میں اسٹیج ڈرامہ کی واپسی فنونِ لطیفہ کے فروغ اور بلوچستان کے ثقافتی ورثے کوزندہ رکھنے کی طرف ایک خوش آئند پیش رفت ہے۔انہوں نے کہا کہ فنکار معاشرے کی اصل پہچان ہیں اوران کی محنت وقربانی ہمیشہ یادرکھی جائے گی۔ انہوں نے ڈرامہ فیسٹول میں شریک (بقیہ 9 اندرونی صفحہ 5 پر)

بلوچستان کے شاہد مسعود خان نے یورپ اور امریکا میں کامیابی کے جھنڈے گاڑدیے

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے تعلق رکھنے والے شاہد مسعود خان اسکواش میں ساتھ ایشیا اور ایشین چیمپئن کے طور پر ملک کا نام روشن کرچکے ہیں۔ (بقیہ 11 اندرونی صفحہ 5 پر)

حکومت فوری طور پر ایک شفاف انکوائری کرائے

فنڈز اسی طرح ضائع ہوتے رہے تو زمینداروں کی مشکلات مزید بڑھ جائیں گی

کوہلو (نامہ نگار) محکمہ زرعی انجینئرنگ کوہلو میں بڑے پیمانے پر کرپشن کے انکشافات سامنے آئے ہیں فیول کی مد میں ملنے والی کروڑوں روپے کی خطیر رقم جوزمینوں پر بندھات کی تعمیر اور کھیتوں کو ہموار کرنے کے لیے زمینداروں پرخرچ ہونی تھی اصل حقداروں تک پہنچنے کے بجائے افسران کی ذاتی جیبوں میں چلی گئی ریکارڈ میں لاکھوں روپے کے (بقیہ 10 اندرونی صفحہ 5 پر)

سرزمین بلوچستان کا وقار، کیپٹن وقار احمد شہید

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے ضلع لورالائی سے تعلق رکھنے والے کیپٹن وقار احمد نے 15 نومبر 2025 کو ضلع کیچ میں دہشتگردوں کے خلاف لڑتے ہوئے دفاعِ وطن میں جام شہادت نوش کیا۔ (بقیہ 12 اندرونی صفحہ 5 پر)

ضلعی انتظامیہ کے زیرنگرانی سرکٹ ہاؤس گنداواہ میں کھلی کچہری کا انعقاد

ضلعی انتظامیہ مسائل کے حل کیلئے فوری اقدامات اٹھائے گی

گنداواہ (ریاض ساسولی) ضلعی انتظامیہ کے زیر نگرانی سرکٹ ہاؤس گنداواہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا جس کی قیادت ڈپٹی کمشنر جھل مگسی رحمت اللہ شاہ نے کی کھلی کچہری میں ایف سی 151 ونگ جھل مگسی لیفٹیننٹ کرنل سہیل احمد، ایس پی جھل مگسی سبحان علی مگسی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عبدالغفور جمالی، تحصیلدار گنداواہ دیدار علی گولہ، ایکسین اریگیشن (بقیہ 13 اندرونی صفحہ 5 پر)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سینیٹر سعید الحسن مندوخیل اور مسلم لیگ (ن) کے ڈویژنل صدور ملاقات کررہے ہیں

کچھی ضلع میں امن کی بحالی کا سورج طلوع ہورہا ہے، نواب محمد خان شاہوانی

موجودہ ضلعی انتظامیہ کچھی آنے والے دنوں میں مذید بہتر اقدامات اٹھائے گی، چیف آف بیرک وسابق صوبائی وزیر

بولان (نامہ نگار) چیف آف بیرک وسابق صوبائی وزیر نواب محمد خان شاہوانی نے کچھی کے میڈیا نمائندے سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ کچھی ضلع کافی عرصہ دراز سے چور ڈاکوؤں کے رحم کرم پر چھوڑ گیا تھا حکومتی رٹ کو دن رات روندا جارہا تھا ماں بہنوں بیٹیوں کیساتھ بدتمیزی ولوٹ مار کرکے قبائلی معاشرتی اور قانونی اقدار کی دھجیاں بکھیری جا رہی تھی انہوں نے کہا کہ موجودہ ضلعی انتظامیہ کچھی کی نگرانی میں ضلع کچھی میں امن وامان کی صورتحال بہتر (بقیہ 14 اندرونی صفحہ 5 پر)

حاجی دادمحمد اچکزئی کا انتقال ٹرانسپورٹ شعبہ کیلئے بڑا نقصان ہے اکبر لہڑی

مرحوم نے ٹرانسپورٹ کے شعبہ کیلئے جو خدمات انجام دیں۔وہ ہمیشہ یاد رکھی جائینگی

کوئٹہ (پ ر) آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی کے جنرل سیکرٹری میر اکبر لہڑی نے معروف ٹرانسپورٹر، سماجی وقبائلی شخصیت حاجی دادمحمد اچکزئی کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مرحوم نہ صرف ایک کامیاب کاروباری شخصیت تھے بلکہ اپنی قبائلی، سماجی اور فلاحی خدمات کے حوالے سے بھی ہمیشہ یاد رکھے جائیں گے۔انہوں نے کہا کہ حاجی دادمحمد اچکزئی کی وفات (بقیہ 15 اندرونی صفحہ 5 پر)

شہید کیپٹن وقار احمد کاکڑ اور دیگر شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، امین الدین ایڈوکیٹ

سیکورٹی فورسز کے جوانوں کی شہادتوں وقربانیوں کی بدولت بہت جلد بلوچستان میں امن قائم ہوگا

کوئٹہ (اے این این) سپریم کورٹ آف پاکستان کے سنیئر وکیل سابق ایڈیشنل ایڈوکیٹ جنرل امین الدین بازئی ایڈوکیٹ نے تربت میں جام شہادت نوش کرنے والے کیپٹن وقار احمد کاکڑ اور شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہداء نے وطن کے دفاع میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرکے دہشتگردوں کے عزائم کو خاک میں ملادیا ہے، پاک فوج کے شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائینگی، مسلح افواج کے افسروں اور جوانوں نے اپنی قربانیوں سے ایک نئی تاریخ رقم کی ہے پوری قوم (بقیہ 16 اندرونی صفحہ 5 پر)

گنداواہ: ایکسین بی اینڈ ار (روڈ) جھل مگسی ثاقب سرور مقامی صحافی ریاض احمد ملاقات کررہے ہیں

کوئٹہ، علامہ قاری نور محمد حسینی، ذوالفقار طارق قادری، محمد ظریف رضوی آستانہ عالیہ فیضان اولیاء میں محفل گیارہویں شریف سے خطاب کررہے ہیں

تمام اسلامی ممالک کو متحد ہوکر مضبوط دفاعی معاہدہ کرنا ہوگا

صدیق مدنی

اسلام دشمن قوتوں کی سازشیں ناکام بنانے کا واحد حل امت کا اتحاد اور مشترکہ دفاع ہے، جمعیت چمن

چمن (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے رہنما حافظ محمد صدیق مدنی نے قطر پر حالیہ حملے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ امت مسلمہ کے کسی بھی ملک پر حملہ دراصل پوری اسلامی دنیا پر حملے کے مترادف ہے۔ اسلام دشمن قوتیں مختلف سازشوں کے ذریعے اسلامی ممالک کو کمزور اور منتشر کرنے کی کوششوں میں مصروف ہیں، لیکن افسوس کہ مسلم حکمرانوں کی باہمی نااتفاقی نے ان سازشوں کو تقویت بخشی ہے۔انہوں نے کہا کہ اب وقت آچکا ہے کہ تمام اسلامی ممالک اپنی صفوں کو درست کریں اور ایک مشترکہ مضبوط دفاعی معاہدہ کریں تاکہ کوئی بھی طاقت اسلامی دنیا پر حملہ کرنے کی جر؟ت نہ کر سکے۔اگر عالم اسلام اتحاد و یکجہتی کے ساتھ ایک دوسرے کے دفاع کا ذمہ اٹھالے تو (بقیہ 24 اندرونی صفحہ 5 پر)

صوبے میں شراب کی عام ہونا انتہائی تشویشناک ہے' مولانا عبدالقیوم

صوبے کی اقلیتی برادری بھی شراب کے نقصانات سے بخوبی آگاہ ہے' رہنماء جے یو آئی

اوستا محمد (اے این این) جمعیت علماء اسلام ضلع اوستا محمد کے سرپرست اعلیٰ مولانا عبدالقیوم حیدری، ضلعی امیر صوفی خاوند بخش چنہ، جنرل سیکرٹری میر نعیم خان عمرانی، تحصیل امیر مولانا مہر اللہ جتک، تحصیل جنرل سیکرٹری گل جان مستوئی سمیت دیگر رہنماؤں نے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ شراب جیسے غیر اسلامی اور غیر اخلاقی اقدامات ریاست کے اسلامی و نظریاتی تشخص کے منافی ہیں۔رہنماؤں نے کہا کہ پاکستان ایک اسلامی ریاست ہے جس کی بنیاد کلمہ (بقیہ 17 اندرونی صفحہ 5 پر)

افغان مہاجرین کی انخلاء / افغانستان واپسی میں چھ ماہ کی توسیع کی جائے، نذیر آغا ایڈووکیٹ

کوئٹہ (اے این این) افغان مہاجرین کی انخلاء / افغانستان واپسی میں چھ ماہ کی توسیع کی جائے سید نزیر آغا ایڈووکیٹ نے آئینی درخواست دائر کردی (بقیہ 18 اندرونی صفحہ 5 پر)

بلوچستان کو آگ وخون میں دھکیل دیا ہے، جمہوری وطن پارٹی

بلوچستان کومزید خون میں نہلانے کی کسی سازش کوکامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا، مرکزی سیکرٹریٹ

کوئٹہ (یو این اے) جمہوری وطن پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ سے جاری کردہ بیان سوئی اور ڈیرہ بگٹی کا امن ایک بار پھر خاکستر کردیا گیا ہے۔عوام کو بے رحم ڈیتھ اسکوڈ کے ظلم اور بربریت کے حوالے کردیا گیا ہے۔عوامی مینڈیٹ چوری کرنے کے بعد جعلی فارم 47 کے پیداکردہ حکمرانوں نے نہ صرف ڈیرہ بگٹی بلکہ پورے بلوچستان کو آگ وخون میں دھکیل دیا (بقیہ 19 اندرونی صفحہ 5 پر)

کوئٹہ، صوبائی وزیر نور محمد دمڑ سے سینیٹر دوستین ڈومکی ملاقات کررہے ہیں

اٹک فیلکن سیمنٹ کمپنی حب انتظامیہ کی من مانیاں عروج پر پہنچ گئیں

حب (نامہ نگار) اٹک فیلکن سیمنٹ کمپنی حب انتظامیہ کی من مانیاں عروج پر پہنچ گئی ہیں کمپنی حب یہاں سے ماہانہ اربوں روپے کما کربھی قریب ترین مقامی افراد روزگار اور کوئی بنیادی سہولتیں فراہم نہیں (بقیہ 23 اندرونی صفحہ 5 پر)

ماں کا دودھ بچے کے لئے اللہ کی سب سے بڑی نعمت ہے' اکبر سولنگی

ماں کا دودھ پیدائش سے لے کر 6 ماہ تک بچے کے لئے بیحد ضروری ہے' ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر

سبی (اے این این) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر سبی ڈاکٹر محمد اکبر سولنگی نے کہا ہے کہ ماں کا دودھ بچے کے لئے اللہ کی سب سے بڑی نعمت ہے ماں کا دودھ پیدائش سے لے کر 6 ماہ تک بچے کے لئے بیحد ضروری ہے ان خیالات کا اظہار انھوں نے نیوٹریشن ڈائریکٹ محکمہ صحت بلوچستان اور یونیسف کے تعاون سے منعقدہ آگہی واک سے خطاب کرتے ہوئے کہا قبل ازین ماں اور بچے کی صحت سمیت ماں کے دودھ کی اہمیت افادیت پر ایک روزہ واک کا اہتمام کیا گیا (بقیہ 22 اندرونی صفحہ 5 پر)

سردار ایاز صادق کا سینئر صحافی وقار ستی کی جلد صحتیابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار

اسلام آباد (سی ایم لنکس) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے جیو نیوز سے وابستہ سینئر صحافی اور راولپنڈی اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس (ا?را?ئی یو جے (بقیہ 20 اندرونی صفحہ 5 پر)

حب پولیس میں بڑے پیمانے پر تبادلے، عوامی حلقوں کی شدید تنقید

کرسیوں کی اکھاڑ پچھاڑ سے جرائم میں کمی نہیں آئے گی، شہری

حب (یو این اے) ایس ایس پی حب کے جاری کردہ احکامات کے مطابق ضلع میں بڑے پیمانے پر ایس ایچ اوز کے تبادلے اور تعیناتیاں عمل میں لائی گئی ہیں۔نوٹیفکیشن کے تحت ایس ایچ او حب سٹی عطا اللہ جاموٹ کو بیروٹ تعینات کیا گیا، ایس ایچ او بیروٹ امین ساسولی کو ہائیٹ پولیس اسٹیشن بھیجا گیا، جبکہ ایس ایچ او ہائیٹ گل حسن کو حب سٹی کا نیا ایس (بقیہ 21 اندرونی صفحہ 5 پر)

کوئٹہ، صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ، ارکان اسمبلی زرک مندوخیل، میر علی مدد جتک، روی پہوجہ اور سینیٹر دنیش کمار سابق وفاقی وزیر سردار فتح محمد حسنی کی ہمشیرہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کررہے ہیں

بسیمہ بازار ایک ماہ سے بجلی سے محروم، واپڈا کی سست روی پر عوام میں غصہ

طوفانی بارشوں اور شدید ہواں کے باعث گرنے والے کھمبے کی تنصیب نہ ہونے سے کاروبار اور شہری مشکلات کا شکار

واشک (یو این اے) ضلع واشک کے تحصیل بسیمہ میں طوفانی بارشوں اور شدید ہواں کے باعث گرنے والا بجلی کا کھمبہ ایک ماہ گزرنے کے باوجود تاحال دوبارہ نصب نہیں کیا گیا، جس کے باعث بسیمہ بازار مکمل طور پر بجلی سے محروم ہے۔بازار کے مکین اور دکاندار شدید گرمی، اندھیرے اور کاروباری نقصان جیسے مسائل سے دوچار ہیں۔مقامی افراد کے مطابق واپڈا کو بارہا شکایات دی گئیں، مگر حکام کی جانب سے غفلت اور سست روی کا مظاہرہ جاری ہے۔بازار (بقیہ 25 اندرونی صفحہ 5 پر)

یونیورسٹی آف تربت کا مرکزی کانووکیشن کمیٹی کا اجلاس زیرصدارت وی سی منعقد

اجلاس میں تیسرے کانووکیشن کے کامیاب انعقاد سے متعلق جاری تیاریوں اور سرگرمیوں کا بغور جائزہ لیا

تربت (اے این این) یونیورسٹی آف تربت کے تیسرے کانووکیشن کے لیے مرکزی کانووکیشن کمیٹی کا پانچواں اجلاس کنٹرولر امتحانات اور کمیٹی کے کنوینز اکٹر عبدالماجد ناصری کی زیرصدارت منعقد ہوا۔اجلاس میں کمیٹی ممبرا فیکلٹی آف بزنس اینڈ اکنامکس کے ڈین ڈاکٹر عدیل احمد، کوالٹی انہانسمنٹ سیل کے ڈائریکٹر ڈاکٹر ریاض احمد، ڈائریکٹر فنانس شاہ بیک سید، ڈائریکٹر پبلک ریلیشن اعجاز احمد، پروجیکٹ کوارڈینیٹر ڈاکٹر کمال احمد، ڈائریکٹر اسٹوڈنٹ افیئرز (بقیہ 26 اندرونی صفحہ 5 پر)

تعلیمی وتحقیقی شراکت داری سے علمی وتحقیقی رجحانات میں بہترین کارکردگی حاصل ہوگی، پروفیسر خالد حفیظ

کوئٹہ (جی این ایم) تعلیم اداروں اور جامعات کے باہمی ربط وتعاون سے بلوچستان کے تعلیمی منظر میں مثبت پیش رفت ممکن ہے، تعلیمی وتحقیقی شراکت داری سے علمی وتحقیقی رجحانات میں بہترین کارکردگی حاصل ہوگی ان خیالات کا اظہار وائس چانسلر بیوٹمز پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ نے بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی انجینئرنگ اینڈ منیجمنٹ سائنسز اور (بقیہ 27 اندرونی صفحہ 5 پر)

پنجگور، تاجران کمیٹی اور ایف سی کمانڈنٹ کی ملاقات، بارڈر مسائل پر بات چیت

روڑ کھولنے، شناختی کارڈز کی واپسی اور روزگار کے تحفظ پر یقین دہانی

پنجگور (یو این اے) پنجگور ایف سی کمانڈنٹ سے انجمن تاجران کمیٹی کے صدر فرید نواز کی سربراہی میں کمیٹی کے اراکین اور دکانداروں پر مشتمل وفد نے 28

اوتھل، چوٹا گوٹھ کی بارانی ندی خطرناک حد تک سکڑ گئی، اہل علاقہ میں تشویش

محکمہ اریگیشن کی غفلت، 2022 کے سیلابی نقصانات دہرائے جانے کا اندیشہ

اوتھل (یو این اے) اوتھل کے علاقے چوٹا گوٹھ حاجی حسن گوٹھ میں محکمہ اریگیشن کی غفلت کے باعث لاکھڑا روڈ کے ساتھ گزرنے والی بارانی (بقیہ 29 اندرونی صفحہ 5 پر)

جنید انوار چوہدری کا سی پیک کے تحت بحری ترقی میں گرین انرجی اور سمندری تحفظ پر زور

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان، چین کے ساتھ سمندری تعاون کو مزید مستحکم بنانے کے لیے پرعز (بقیہ 30 اندرونی صفحہ 5 پر)

مجھ پر لگائے گئے الزامات بے بنیاد اور من گھڑت ہے' عبدالستار عمرانی

میر اللہ بخش خان عمرانی کی اہلیہ اور بیٹیوں نے زمینی تنازعے میں ان کا آپس کا معاملہ ہے' پریس کانفرنس

اوستا محمد (اے این این) معروف سیاسی وقبائلی شخصیت میر عبدالستار خان عمرانی نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ دنوں ڈیرہ مراد جمالی میں میر اللہ بخش خان عمرانی کی اہلیہ اور بیٹیوں نے زمینی تنازعے پر ہونے والے نقصان کا الزام مجھ پر لگایا جس کی میں سختی سے تردید کرتا ہوں اس واقع میں میرا کوئی عمل دخل نہیں ہے میر اللہ بخش خان عمرانی اور میر (بقیہ 31 اندرونی صفحہ 5 پر)

گھروں پر چھاپے چادر وچاردیواری کی پامالی کی بدترین مثال ہے

AQM

افغان پناہ گزینوں کی انخلاء میں توسع کی جائے مظلوم افغانوں پر ظلم وستم سے ملک میں کبھی بھی خوشحالی نہیں آ گی

کوئٹہ (پ ر) افغان قومی موومنٹ کے مرکزی چیرمین احمد خان نے کہا ہے کہ افغان پناہ گزین کی انخلاء کے خلاف جاری کریک ڈاون ظلم کی انتہا ملک کی بدحالی کرپشن ناقص گورنینس سے توجہ ہٹانا ہے بے حس اشرافیہ کوھوش کا ناخون لینا چاہیئے کہ غریب افغانوں کے کاروبار ختم اور ادھار پر دیئے گئے رقم بھی وصول نہیں ھو رہا ہے سینکڑوں غریب خاندانوں کے پاس کرا? کے پیسے نہیں ہیں 45 برس سے یہاں اباد افغان پناہ گزینوں کے ہزاروں بچے ملک کے مختلف اسکولوں اور دیگر اداروں میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں اور سالانہ امتحانات میں بھی صرف دو مہینے کا وقت رہ چکا ہے افغانستان میں سردی کی امداد ہے اور وہاں پر ان کے گھر اور مکانات بھی گزشتہ 45 سالہ جنگ کی وجہ سے تباہ وبرباد خستہ (بقیہ 32 اندرونی صفحہ 5 پر)

کوئٹہ، بیوٹمز اور آئی ڈی ایس پی کے مابین معاہدے کی دستاویزات پر وائس چانسلر بیوٹمز ڈاکٹر خالد حفیظ اور ڈاکٹر قرۃ العین بختیاری دستخط کررہے ہیں

Daily KOZAK NEWS
روزنامہ کوژک نیوز
چیف ایڈیٹر: محمد اسلم اچکزئی
ایڈیٹر: محمد اکرم اچکزئی
E.mail:kozaknews@gmail.com

ٹرانسپورٹرز کیلئے ریلیف پیکج کا اعلان کیا جائے

پنجاب خیبر پختونخوا بس یونین کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ظاہر شاہ کاکڑ جنرل سیکرٹری، وحید خان، وائس چیرمین حبیب خان کاکڑ، نائب صدر حاجی غلام علی عرف آگاہ، فنانس سیکرٹری، اقبال سرگڑھ، صدر لوکل بس یونین عبدالمتین خان کاکڑ نے کہا ہے۔ کہ ٹرانسپورٹ انڈسٹری شدید مشکلات کا شکار ہے اور حالات روز بروز سنگین ہوتے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امن وامان کی ابتر صورتحال، بلاجواز حکومتی فیصلے اور چیک پوسٹوں پر غیر قانونی رقوم کی وصولی نے ٹرانسپورٹ سیکٹر کو مفلوج کر دیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ آئے روز بڑھتی ہوئی پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں نے ٹرانسپورٹرز کی کمر توڑ دی ہے۔ کرایوں میں اضافہ عوامی دباؤ کے باعث ممکن نہیں جبکہ اخراجات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ اس غیر منصفانہ صورتحال نے پورے شعبے کو معاشی تباہی کے دہانے پر لاکھڑا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چیک پوسٹوں پر بھتہ خوری اور ڈرائیورز کی تذلیل معمول بن چکی ہے جس سے ٹرانسپورٹرز میں سخت اشتعال پایا جاتا ہے۔ اگر حکومت نے فوری اور عملی اقدامات نہ کیے تو لاکھوں افراد کا روزگار متاثر ہوگا اور ٹرانسپورٹ کا پہیہ رکنے سے معیشت بھی بری طرح متاثر ہوگی۔ ٹرانسپورٹرز رہنماؤں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ٹرانسپورٹ شعبے کے لیے فوری ریلیف پیکج دیا جائے، چیک پوسٹوں پر غیر قانونی رقوم کی وصولی کو بند کیا جائے اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کو مستحکم رکھنے کے لیے واضح حکمتِ عملی بنائی جائے۔ انہوں نے انتباہ کیا کہ اگر حکومت نے ٹرانسپورٹرز کے مطالبات کو نظرانداز کیا۔ احتجاجی لائحہ عمل، بشمول پہیہ جام ہڑتال، اپنانے پر مجبور ہونگے۔ جس کی تمام تر ذمہ داری حکمرانوں پر عائد ہوگی

پنجاب خیبر پختونخوا بس یونین کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ظاہر شاہ کاکڑ جنرل سیکرٹری، وحید خان، وائس چیرمین حبیب خان کاکڑ، نائب صدر حاجی غلام علی عرف آگاہ، فنانس سیکرٹری، اقبال سرگڑھ، صدر لوکل بس یونین عبدالمتین خان کاکڑ نے کہا ہے۔ کہ ٹرانسپورٹ انڈسٹری شدید مشکلات کا شکار ہے اور حالات روز بروز سنگین ہوتے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امن و ت کی قیمتوں نے ٹرانسپورٹرز کی کمر توڑ دی ہے۔ کرایوں میں اضافہ عوامی دباؤ کے باعث ممکن نہیں جبکہ اخراجا نے پورے شعبے کو معاشی تباہی کے دہانے پر لاکھڑا کیا ہے

صوبے میں آب نوشی کے مسائل اور حکومتی اقدامات

تحریر: عدیل احمد

کرہ ارض پر پانی کے بغیر زندگی کا تصور ممکن نہیں۔ زمین کے کل پانی میں سے تقریباً 3 فیصد پانی پینے کے قابل ہے، اسی وجہ سے پانی کی اہمیت مسلمہ ہے۔ گزشتہ کئی دہائیوں سے یہ بات سامنے آتی رہی ہے کہ پاکستان خاص طور پر بلوچستان پانی کے سنگین مسائل سے دوچار ہے۔ کبھی پانی کی کمی اور کبھی موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے سیلاب اور قدرتی آفات بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے، مگر وسائل کی کمی کے باعث یہ سب سے پسماندہ صوبہ بھی ہے۔ یہاں کی آب و ہوا خشک ہے اور بارشیں دیگر صوبوں کے مقابلے میں بہت کم یا تقریباً نہ ہونے کے برابر ہوتی ہیں۔ بلوچستان کی مجموعی آبادی کا تقریباً 70 فیصد براہِ راست زراعت اور لائیواسٹاک کے شعبے سے منسلک ہے اور انہی ذرائع سے اپنی روٹی کماتا ہے۔ زراعت کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ٹیوب ویلز کا وسیع استعمال زیرِ زمین پانی کی سطح کو روز بروز نیچے دھکیل رہا ہے۔ زیر زمین پانی میں معدنیات، جیسے فلورائیڈ، کی مقدار بڑھنے کا امکان ہے جس سے پانی کھارا اور صحت کے لیے مضر ہو جاتا ہے۔ ساحلی علاقوں میں بھی کنووں پر انحصار کیا جاتا ہے، اور کئی علاقوں میں پانی کی قلت عیاں ہے۔ کوئٹہ میں پانی کے بحران کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ شہر کی پانی کی ضروریات کو پوری کرنے کے لیے ٹینکروں کے ذریعے پورا کیا جاتا ہے۔ پانی کے مسائل کو حل کرنے کے لیے بلوچستان میں 1987 میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینیئرنگ پی ایچ ای (PHE) اور 1989 میں واسا کا قیام عمل میں آیا۔ صوبائی حکومت نے مختلف اوقات میں متعلقہ محکموں کو فنڈز دیے اور سہولیات فراہم کرنے کی کوششیں کیں، مگر بڑھتی ہوئی آبادی، محدود وسائل اور عوامی غفلت کے باعث یہ مسائل مزید سنگین ہو گئے ہیں۔ مثال کے طور پر بلوں کی عدم ادائیگی، گاڑیوں اور گھریلو استعمال میں میٹھے پانی کا غیر مناسب استعمال وغیرہ واسا کیلئے چیلنج بن گئے ہیں۔ صوبائی حکومت سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ صوبائی وزیر پی ایچ ای سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے منصب سنبھالنے کے بعد غیر قانونی ٹیوب ویلز کے خلاف کارروائیوں کی ہدایات دی ہیں تاکہ زیرِ زمین پانی کی سطح کو لاحق نقصان کو روکا جاسکے۔ یہ آئندہ نسلوں کی امانت ہے۔ خاص طور پر کوئٹہ اور خضدار جیسے علاقوں میں فلورائیڈ اور دیگر نمکیات کی بڑھتی ہوئی مقدار تشویش کا باعث بنی ہوئی ہے اور اس کے لیے فوری منصوبہ بندی اور ٹھوس اقدامات درکار ہیں۔ مثبت اقدام کے طور پر گذشتہ ایک سال میں حب کے علاقے کنڈ ملیر میں سمندر کے پانی کو صاف کرنے کے لیے آر او (R.O.) پلانٹ نصب کیا گیا۔ کنڈ ملیر کی آبادی تقریباً 5 سے 6 ہزار ہے اور وہاں پینے کے لیے صرف ایک کنواں دستیاب تھا۔ سمندر کے پانی کی تحلیل نمکیات (TDS) تقریباً 30,000 تھی جو مضر صحت تھی۔ آر او پلانٹ کے ذریعے اس پانی کو ٹریٹ کر کے استعمال کے قابل بنایا گیا اور تقریباً 4,000 گیلن روزانہ (6 گھنٹے آپریشن کے بعد) کے قریب پانی فراہم کیا جاتا ہے جو اس مقامی آبادی کے لیے کافی ثابت ہوا صوبائی حکومت کے یہ اقدامات قابل ستائش ہیں، مگر صرف حکومتی کوششیں کافی نہیں ہوں گی۔ عوام کو بھی اپنی ذمہ داری سمجھ کر پانی کے استعمال میں احتیاط اختیار کرنی چاہیے — غیر ضروری ٹیوب ویلز نہ لگائیں۔ میٹھے پانی کو غیر ضروری کاموں میں ضائع نہ کریں، بل وقت پر ادا کریں اور غیر قانونی نکاسی بے ضابطگیوں کی اطلاع دیں۔ جب حکومت اور عوام مل کر مستقل منصوبہ بندی اور شعور پیدا کریں گے تو ہم آنے والی نسلوں کے لیے پانی کے بحران کو کم کر سکتے ہیں

تہذیبوں کا عروج وزوال

تاریخ بااختیار اور بے اختیار لوگوں کے عروج و زوال کی نشان دہی کرتی ہے جس میں ہزاروں سینکڑوں کہی ان کہی کہانیاں پوشیدہ ہے لیکن یہ کتنی ستم ظریفی ہے کہ کبھی کسی نے تاریخ سے کچھ سیکھنے کی کوشش نہیں کی یہی ہمارا المیہ ہے زمانہ قدیم میں سلطنت روم یا روم الکبریٰ دنیا کی سب سے بڑی سپر پاور تھی جس میں آج کے یورپ کا بہت بڑا حصہ شامل تھا۔ اس کے زوال کے بعد علیحدہ علیحدہ چھوٹی چھوٹی ریاستیں وجود میں آنے لگیں جس کے درمیان اکثر وبیشتر لڑائیاں اور جنگیں ہوتی رہتی تھیں جس نے بتدریج بڑی بڑی سلطنتوں کی بنیاد رکھی تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ اس طرح فرانس، سپین، برطانیہ اور بعد میں اطالیہ اور جرمنی میں طاقتور شاہی حکومتوں کا قیام عمل میں آیا۔ نپولین کی جنگوں کے بعد انیسویں صدی عیسوی میں یہ تحریک ترقی کرتی گئی اور چھ ملکوں برطانیہ، فرانس، جرمنی، آسٹریا، روس اور اطالیہ کا شمار دنیا کی بڑی طاقتوں میں ہونے لگا ان میں رقبہ اور آبادی کے اعتبار سے نئی سلطنت روس کے مقابلے میں دوسری سلطنتیں بالکل چھوٹی اور حقیر نظر آنے لگیں موجودہ یورپ درجنوں چھوٹے چھوٹے ملکوں پر مشتمل ہے جو ایک بڑی سلطنت کا تاثر دینے سے قاصر ہے اسی لئے یورپی یونین کا قیام عمل میں لایا گیا یورپ میں متعدد چھوٹی چھوٹی شاہی حکومتیں اور جمہوری ریاستیں ہیں اس میں شک نہیں کہ دوسرے براعظموں کے مقابلہ میں یورپ چھوٹا ہے لیکن دنیا کی عظیم ترین مملکتوں کا مرکز رہا ہے۔ یورپین ممالک نے یقیناً ایشیا سے، جہاں دنیا کی سب سے زیادہ قدیم تہذیبوں کی نشوونما ہوئی تھی سے بھرپور فیض اٹھایا۔ یونانیوں کے وقت سے یورپ کو سب براعظموں میں اولین حیثیت رہی ہے۔ یونانی تہذیب کے بعد روما کی تہذیب کا ظہور ہوا اور بعد میں اطالیہ، فرانس، برطانیہ اور جرمنی کی تہذیبیں پیدا ہوئیں۔ تجارت میں بھی یورپ کو ایک عرصہ دراز تک غلبہ حاصل رہا ہے۔ اس تسلط کے کئی اسباب ہیں، معتدل آب و ہوا، ساحلی علاقے تک بآسانی رسائی، قدرتی دولت اور ان تک باشندوں کی فطری رسائی۔ دنیا کی تاریخ میں یورپ نے جو کردار ادا کیا ہے اس کے رقبے کے تناسب سے بہت زیادہ ہے۔

صدیوں تک وہ مغربی تہذیب وتمدن کا گہوارہ اور ادب وفنون اور سائنس کا مرکز رہا ہے۔ تقریباً تین ہزار سال قبل بحر متوسط کے ساحل پر تہذیب وتمدن کا آغاز ہوا تھا۔ اہل اسرائیل، اہل یونان وراہل رومہ یورپی تہذیب کے بانی سمجھے جاتے ہیں۔ یورپ کے ایک بڑے حصے کو رومیوں نے اپنے زیر اثر رکھا تھا۔ ان کے دور حکومت میں یورپ میں پہلی مرتبہ سڑکوں کا جال بچھایا گیا اور سڑکوں کا یہ نظام انیسویں صدی عیسوی تک لاثانی رہا۔ اس دور میں یورپ کے مشہور شہروں لندن، پیرس، ویانا اور مارسیلز وغیرہ کی بنیادیں رکھی گئیں۔ صدیوں کی عملداری کے بعد 500ء میں سلطنت روما کے دو ٹکڑے ہوگئی۔ اس کے مغربی حصہ میں وحشی حملہ آوروں نے نئی ریاستیں قائم کیں اور اس کا مشرقی حصہ بازنطینی مملکت کے نام سے موسوم ہوا جس کا دارالخلافہ نیا روم یا قسطنطنیہ تھا۔ بازنطینی مملکت تقریباً ایک ہزار سال تک قائم رہی۔ اس کی تاریخ میں ایک وقت ایسا بھی آیا جب اس کا اقتدار ایران کی سرحدوں تک پھیلا ہوا تھا اور یورپ، ایشیاء اور افریقہ یکساں طور پر اس کی افواج سے خوف زدہ رہا کرتے تھے۔ اپنے طویل دور حکومت میں یہ سلطنت عیسائیوں کا مضبوط مرکز تھی۔ مشرقی یا یونانی کلیسا نے مشرقی اور وسطی یورپ کے بہت سارے لوگوں کا مذہب تبدیل کروایا۔ مشرقی یورپ، روس، رومانیہ اور بلغاریہ کے بیشتر لوگوں کا طریق عبادت رومن کیتھولک یا مغربی کلیسا سے مختلف ہے۔ 1453ء میں قسطنطنیہ کی فتح کے بعد یہ مملکت ترک مسلمانوں کے قبضہ میں آ گئی۔ سلطنت رومہ کے ٹکڑے ہونے کے بعد مغربی یورپ میں جونئی ریاستیں قائم ہوئی تھیں انہیں عرب مسلمانوں سے خطرے کا سامنا کرنا پڑا۔ قبول اسلام کے بعد عرب اپنے ریگستانی جزیرہ نما سے نکل کر مغربی ایشیاء اور شمالی افریقہ میں پھیل گئے مسلمان آندھی اور طوفان کی طرح اٹھے اور ان پرخطر وسیع علاقوں کو 50 سال سے کم عرصہ میں فتح کرکے پوری دنیا پر چھا گئے اور اسلامک سلطنت کو سپین، پرتگال اور جزیرہ سسلی تک پھیلا دیا۔ بالآخر جنوبی فرانس میں مسلمانوں کی فاتحانہ پیش قدمی کو روک دیا گیا۔ سپین سے ان کا اخراج 1492ء تک پایہ تکمیل کو پہنچا، اس سال کولمبس نے نئی دنیا (امریکا) دریافت کی۔ یورپی تہذیب کی نشوونما میں عرب مسلمانوں کا نمایاں حصہ رہا ہے انہوں نے یہاں چاول، کپاس اور شکر جیسی اہم فصلوں اور بہت سے میووں کی کاشت کو متعارف کروایا اور کئی فنون، صنعتوں اور سائنسی علوم جیسے فلکیات، طب اور ریاضی میں گراں قدر کام انجام دیا مسلمانوں نے ایسے علوم متعارف کروائے جن کا یورپین لوگوں علم تک نہیں تھا اس لئے کہا جاتا ہے کہ یورپ کے مسیحی باشندوں نے بہت سی باتیں عربوں سے سیکھی ہیں مسلمانوں کے خوف نے مسیحی ریاستوں کے حکمرانوں کو اپنی طاقت بڑھانے پر مجبور کیا جس کے نتیجہ میں کئی ایجادات ہوئیں۔ فرانکوں کی قلمرو (FranksofKingdomThe) جس میں موجودہ فرانس اور مغربی جرمنی شامل تھے، وجود میں آئی۔ مسیحی یورپ کا یہ نیا اتحاد 800ء میں قائم ہوا جبکہ اسقف اعظم لیو سوم نے فرانکی بادشاہ شارلیمان (Charlemagne) کی تاج پوشی مغربی کے رومی شہنشاہ کی حیثیت سے کی۔ اس مملکت کا نام مقدس رومی مملکت (The EmpireRomanHoly) رکھا گیا۔ شارلیمان کی وفات (814ء) کے بعد اس کی مملکت میں زمانہ حال کا جرمنی اور بحر متوسط کا ایک چھوٹا ساحلی علاقہ شامل تھا۔ 843 میں اس کی مملکت کو اس کے پوتوں میں تقسیم کر دیا گیا جس کے باعث متعدد سیاسی وحدتیں وجود میں آئیں جن میں موجودہ فرانس اور جرمنی شامل ہیں۔ شارلیمان کی مملکت برائے نام باقی رہ گئی تھی اور 1806ء میں پورے طور پر اس کا خاتمہ ہوگیا جبکہ نپولین نے اس کے آخری شہنشاہ فرانس دوم کو تخت شاہی سے دست بردار ہونے پر مجبور کردیا۔ مقدس رومی مملکت کا قیام اس منصوبے کے تحت عمل میں لایا گیا تھا کہ وہ سلطنت روم کی جانشین بنے مگر یہ مقصد کبھی بھی حاصل نہ ہو سکا۔ یہ مملکت متعدد چھوٹی اور کمزور ریاستوں پر مشتمل تھی جو ہمیشہ طاقتور مرکزی حکومت کے خلاف برسرپیکار رہا کرتی تھیں۔ قرون وسطی اور ابتدائی عہد جدید کے دوران حکمرانوں کے درمیان آپس میں لڑائیاں اور شہنشاہ کے خلاف حکمرانوں کی لڑائیاں بار بار ہوا کرتی تھیں۔ متحدہ مہمات اور اتحاد کے مظاہرے، جیسے بیت المقدس کو مسلمانوں سے اپنے قبضے میں لینے کے لئے صلیبی لڑائیں استثنائی صورتیں تھیں۔ قرون وسطی میں شہروں کی تعداد کم تھی، اکثر امراء اپنی جاگیروں میں رہا کرتے تھے، جو انہیں دوسرے بڑے امیروں یا بادشاہوں سے ملی تھیں۔ جاگیر کے عوض انہیں جو خدمات انجام دینی پڑتی تھیں جوزیادہ تر سیاسی ومعاشرتی نوعیت کی ہوتی تھیں لیکن وہ بادشاہوں، وزیر ومشیروں کی خوشنودی کے لئے دوسروں کی جاسوسی اور مخبری بھی کرنے گریز نہیں کرتے تھے۔ اس جاگیرداری نظام کے تحت بادشاہ مطلق العنان حکمران نہیں ہوا کرتا تھا بلکہ سب سے زیادہ اہم امیر کی حیثیت رکھتا تھا۔ اکثر اوقات کمتر درجہ کے امیر خود اس عہدے کے منتظر ہو جاتے تھے اور بادشاہ کا اختیار صرف اس جاگیر پر چلتا تھا جس پر اس کی شخصی حکمرانی ہوا کرتی تھی مختلف طریقوں سے ہوتی رہی۔

معاملہ فہمی؟

بصرہ کے ایک مشہور تاجر شیخ راغب نے کسی بات سے ناراض ہوکر اپنی بیوی ناصرہ خانم کو پہلی بار طلاق دی تو اُس سے غصے میں کہا آج اور ابھی تم ''اپنے میکے چلی جاؤ!

ناصرہ خانم نے ترت جواب دیا'' نہ میں میکے جاؤں گی، اور نہ ہی اس گھر سے باہر قدم رکھوں گی جب تک میری جان نہ نکل جائے!''

شیخ راغب نے کہا'' میں نے تمہیں طلاق دے دی ہے، اب میری تم سے کوئی حاجت نہیں، میرے گھر سے نکل جاؤ!''

ناصرہ خانم نے بڑے پرسکون لہجے میں کہا ''میں کہیں نہیں جارہی اور تمہارے لئے مجھے اس گھر سے نکالنا جائز بھی نہیں، جب تک میری عدت پوری نہ ہوجائے۔ اور اس دوران میری نان نفقہ کی ذمہ داری بھی تم پر ہے۔''

شیخ راغب نے غصے سے کہا'' یہ تو گستاخی اور بے ادبی ہے!''

ناصرہ خانم نے جواب دیا'' میں یہ خود سے نہیں کہہ رہی، بلکہ یہ اللہ تبارک تعالیٰ کا کلام ہے:'' پھر اس نے قرآن کی سورۃ الطلاق: آیت 1 دہرائی جس کا ترجمہ ہے: اے نبی! جب تم عورتوں کوطلاق دو تو ان کی عدت کے وقت پر طلاق دو اور عدت کا شمار رکھو، اور اللہ سے ڈرو جو تمہارا رب ہے۔ نہ تم انہیں ان کے گھروں سے نکالو اور نہ وہ خود نکلیں، سوائے اس کے کہ وہ کسی صریح بے حیائی کا ارتکاب کریں۔ یہ اللہ کی حدود ہیں، اور جو اللہ کی حدود سے تجاوز کرے، یقیناً وہ اپنی ہی جان پر ظلم کرتا ہے۔

یہ سن کر شیخ راغب نے غصے سے اپنی عباء جھاڑی اس کی طرف دیکھا اور زور سے دروازہ پٹختے ہوئے بڑبڑایا: ''اللہ کی پناہ، یہ عورت تو مصیبت ہے مصیبت!''

ناصرہ خانم نے مسکرا کر آئینے میں اپنا سراپا دیکھا جیسے کچھ ہوا ہی نہ ہو، خود کو سنبھالا اور اس کے بعد روزانہ خوبصورت کپڑے پہننا شروع کر دیئے قصداً گھر کو خوشبو سے معطر کرتی، پورا بناؤ سنگھار کرتی، عطر لگاتی، اور جب بھی شیخ گھر آتا یا نکلتا، وہ اس کے سامنے موجود ہوتی۔ پانچ دن بھی نہ گزرے تھے کہ اس کے خاوند کا دل موم ہونے لگا پھر ایک دن اس نے اپنی باتوں سے ناصرہ خانم کو لبھانا شروع کر دیا یعنی تیر نشانے پر جا لگا وہ دل ہار بیٹھا اور بیوی سے رجوع کر لیا۔ ایک دن ناصرہ خانم نے ناشتہ تیار کرنے میں تاخیر کر دی شیخ راغب نے غصے سے کہا:

''یہ میرے حق میں کوتاہی ہے، یہ کسی مومن عورت کے شایانِ شان نہیں!''

ناصرہ خانم نے نرمی سے جواب دیا'' اپنے مومن بھائی کے بارے میں اچھے گمان رکھو، حسنِ ظن بہترین صفات میں سے ہے، اور یہ دل کے سکون اور دین کی سلامتی کا ذریعہ ہے۔ جس نے لوگوں کے بارے میں اچھا گمان رکھا، اُس نے ان کے دل جیت لئے اور کامران ہوا!''

شیخ راغب بولا:'' یہ باتیں تمہاری کسی کوتاہی کو جواز نہیں دے سکتیں کیا تمہیں یہ اچھا لگے گا کہ میں بغیر ناشتہ کئے گھر سے نکلوں؟''

ناصرہ خانم نے مسکرا کر کہا جواب دیا'' سچے مؤمن کی نشانی یہ ہے کہ وہ اللہ کے دیئے ہوئے تھوڑے پر بھی قناعت کرے۔'' ایک حدیث ہے (ترجمہ): وہ شخص کامیاب ہوگیا جو اسلام لایا، اُسے اتنا رزق ملا جو کافی ہو، اور اللہ نے اسے جو دیا اُس پر قناعت عطا فرمائی۔ (صحیح مسلم، حدیث: 1054)

شیخ راغب نے منہ بسوڑتے ہوئے کہا:'' تو میں اب کچھ بھی نہیں کھاؤں گا!''

ناصرہ خانم نے مسکرا کر کہا:'' تو پھر تم نے اللہ کے پیارے نبی ﷺ کی حدیثِ مبارکہ سے کچھ نہیں سیکھا''

شیخ راغب بغیر کچھ کہے غصے میں نکل گیا۔ واپس آیا تو بھی خاموش رہا۔ رات کو اس نے بستر چھوڑ کر نیچے فرش پر سونا شروع کر دیا۔ یہ سلسلہ دس دن تک چلتا رہا۔ دن میں ناصرہ خانم اُس کے تمام کام کرتی، کھانا بناتی، پانی دیتی، اور رات کو دلکش لباس پہن کر، خوشبو لگا کر اپنے بستر پر لیٹتی لیکن اُسے دانستہ طور پر کچھ نہ کہتی۔

گیارہویں رات شیخ راغب نیچے سوگیا، پھر کسی بہانے اپنی بیوی کو پکارا: ناصرہ خانم نے اشارے سے اپنے پاس آنے کو کہا تھوڑی دیر نخرے دکھانے کے بعد وہ اس کے پلنگ پر آگیا ناصرہ خانم نے ہنستے ہوئے کہا: اب'' کیوں آئے ہو؟''

شیخ راغب نے کہا:'' آئی ایم سوری! میں پلٹ آیا ہوں''

ناصرہ خانم نے کہا:'' کششِ ثقل تو کہتی ہے کہ لوگ اوپر سے نیچے پلٹتے ہیں، تم نیچے سے اوپر کیسے پلٹ آئے؟'' وہ مسکرایا اور کہا:'' کششِ ثقل سے زیادہ طاقتور ایک اور کشش ہے بیوی کی کشش!''

پھر خوشی سے بولا:'' اگر ساری عورتیں تم جیسی ذہین ہوجائیں تو کوئی مرد اپنی بیوی کو کبھی طلاق نہ دیتا گھروں کے سارے مسائل ختم ہوجاتے''

پھر اس نے ایک حدیث بیان کی: (ترجمہ): جو عورت اپنے شوہر کے بد اخلاقی پر صبر کرے، اللہ تعالیٰ اسے حضرت آسیہ بنت مزاحم کے برابر ثواب عطا فرماتا ہے۔

شیخ راغب نے محبت سے کہا:'' اے خانم! تم میرے لئے اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں بہترین معاون ثابت ہوئی۔ اللہ تمہیں جزائے خیر دے اور ہمارے درمیان کبھی جدائی نہ ہو''۔ اس طرح ایک بیوی نے اپنی ذہانت اور معاملہ فہمی سے اپنا گھر تباہ ہونے سے بچالیا (ایک عربی پوسٹ کا اردو ترجمہ)۔

بصرہ کے ایک مشہور تاجر شیخ راغب نے کسی بات سے ناراض ہوکر اپنی بیوی ناصرہ خانم کو پہلی بار طلاق دی تو اُس سے غصے میں کہا آج اور ابھی تم ''اپنے میکے چلی جاؤ!

ناصرہ خانم نے ترت جواب دیا'' نہ میں میکے جاؤں گی، اور نہ ہی اس گھر سے باہر قدم رکھوں گی جب تک میری جان نہ نکل جائے!''

شیخ راغب نے کہا'' میں نے تمہیں طلاق دے دی ہے، اب میری تم سے کوئی حاجت نہیں، میرے گھر سے نکل جاؤ!''

ناصرہ خانم نے بڑے پرسکون لہجے میں کہا ''میں کہیں نہیں جارہی اور تمہارے لئے مجھے اس گھر سے نکالنا جائز بھی نہیں، جب تک میری عدت پوری نہ ہوجائے۔ اور اس دوران میری نان نفقہ کی ذمہ داری بھی تم پر ہے۔''

شیخ راغب نے غصے سے کہا'' یہ تو گستاخی اور بے ادبی ہے!''

ناصرہ خانم نے جواب دیا'' میں یہ خود سے نہیں کہہ رہی، بلکہ یہ اللہ تبارک تعالیٰ کا کلام ہے:'' پھر اس نے قرآن کی سورۃ الطلاق: آیت 1 دہرائی جس کا ترجمہ ہے: اے نبی! جب تم عورتوں کوطلاق دو تو ان کی عدت کے وقت پر طلاق دو اور عدت کا شمار رکھو، اور اللہ سے ڈرو جو تمہارا رب ہے۔ نہ تم انہیں ان کے گھروں سے نکالو اور نہ وہ خود نکلیں، سوائے اس کے کہ وہ کسی صریح بے حیائی کا ارتکاب کریں۔ یہ اللہ کی حدود ہیں، اور جو اللہ کی حدود سے تجاوز کرے، یقیناً وہ اپنی ہی جان پر ظلم کرتا ہے۔

یہ سن کر شیخ راغب نے غصے سے اپنی عباء جھاڑی اس کی طرف دیکھا اور زور سے دروازہ پٹختے ہوئے بڑبڑایا: ''اللہ کی پناہ، یہ عورت تو مصیبت ہے مصیبت!''

ناصرہ خانم نے مسکرا کر آئینے میں اپنا سراپا دیکھا جیسے کچھ ہوا ہی نہ ہو، خود کو سنبھالا اور اس کے بعد روزانہ خوبصورت کپڑے پہننا شروع کر دیئے قصداً گھر کو خوشبو سے معطر کرتی، پورا بناؤ سنگھار کرتی، عطر لگاتی، اور جب بھی شیخ گھر آتا یا نکلتا، وہ اس کے سامنے موجود ہوتی۔ پانچ دن بھی نہ گزرے تھے کہ اس کے خاوند کا دل موم ہونے لگا پھر ایک دن اس نے اپنی باتوں سے ناصرہ خانم کو لبھانا شروع کر دیا یعنی تیر نشانے پر جا لگا وہ دل ہار بیٹھا اور بیوی سے رجوع کر لیا۔ ایک دن ناصرہ خانم نے ناشتہ تیار کرنے میں تاخیر کر دی شیخ راغب نے غصے سے کہا:

''یہ میرے حق میں کوتاہی ہے، یہ کسی مومن عورت کے شایانِ شان نہیں!''

ناصرہ خانم نے نرمی سے جواب دیا'' اپنے مومن بھائی کے بارے میں اچھے گمان رکھو، حسنِ ظن بہترین صفات میں سے ہے، اور یہ دل کے سکون اور دین کی سلامتی کا ذریعہ ہے۔ جس نے لوگوں کے بارے میں اچھا گمان رکھا، اُس نے ان کے دل جیت لئے اور کامران ہوا!''

شیخ راغب بولا:'' یہ باتیں تمہاری کسی کوتاہی کو جواز نہیں دے سکتیں کیا تمہیں یہ اچھا لگے گا کہ میں بغیر ناشتہ کئے گھر سے نکلوں؟''

ناصرہ خانم نے مسکرا کر کہا جواب دیا'' سچے مؤمن کی نشانی یہ ہے کہ وہ اللہ کے دیئے ہوئے تھوڑے پر بھی قناعت کرے۔'' ایک حدیث ہے (ترجمہ): وہ شخص کامیاب ہوگیا جو اسلام لایا، اُسے اتنا رزق ملا جو کافی ہو، اور اللہ نے اسے جو دیا اُس پر قناعت عطا فرمائی۔ (صحیح مسلم، حدیث: 1054)

شیخ راغب نے منہ بسوڑتے ہوئے کہا:'' تو میں اب کچھ بھی نہیں کھاؤں گا!''

ناصرہ خانم نے مسکرا کر کہا:'' تو پھر تم نے اللہ کے پیارے نبی ﷺ کی حدیثِ مبارکہ سے کچھ نہیں سیکھا''

شیخ راغب بغیر کچھ کہے غصے میں نکل گیا۔ واپس آیا تو بھی خاموش رہا۔ رات کو اس نے بستر چھوڑ کر نیچے فرش پر سونا شروع کر دیا۔ یہ سلسلہ دس دن تک چلتا رہا۔ دن میں ناصرہ خانم اُس کے تمام کام کرتی، کھانا بناتی، پانی دیتی، اور رات کو دلکش لباس پہن کر، خوشبو لگا کر اپنے بستر پر لیٹتی لیکن اُسے دانستہ طور پر کچھ نہ کہتی۔

گیارہویں رات شیخ راغب نیچے سو گیا، پھر کسی بہانے اپنی بیوی کو پکارا: ناصرہ خانم نے اشارے سے اپنے پاس آنے کو کہا تھوڑی دیر نخرے دکھانے کے بعد وہ اس کے پلنگ پر آگیا

بھارتیہ راشٹریہ سویم سیوک سنگھ (آر ایس ایس)

آر ایس ایس کی بنیاد ڈاکٹر کیشو بلی رام ہیڈگوار نے ۲۷ ستمبر ۱۹۲۷ء میں ناگپور مہاراشٹر میں رکھی۔ ۲۰۱۴ء تک اس کے ارکان کی تعداد پچاس سے ساٹھ لاکھ تک تھی۔ یہ دنیا کے مختلف ممالک میں ہندو سویم سیوک سنگھ کے نام سے کام کرتی ہے۔ خطیر رقم بھی جمع کرتی ہے۔ دہشت گردی کی وجہ سے اس پر انگریز دور میں پابندی لگی تھی۔ آزادی کے بعد بھارت نے اس پر تین بار پابندی لگائی۔ بھارت میں مسلمانوں کے خلاف دنگے فسادات کرانے اس کا کام ہے۔ ۱۹۲۷ء کے ناگپور میں فسادات میں اس کا اہم رول تھا۔ ۱۹۴۸ء میں اس کے ایک رکن نے مہاتما گاندھی کو قتل کیا۔ ۱۹۶۹ء احمد آباد کے فسادات، ۱۹۷۱ء کو تیلشری فسادات، ۱۹۷۰ء کی بہار کے جمشید پور فرقہ ورانہ فسادات میں ملوث رہی ہے۔ ۶ دسمبر ۱۹۹۲ء کو اس تنظیم کے ارکان نے بابری مسجد میں گھس کر اس کو منعدم کیا۔ اس کے علاوہ آر ایس ایس کو فسادات میں ملوث ہونے پر مندرجہ ذیل تحقیقاتی رپوٹس میں ذمہ دار ٹھہرایا گیا۔ ۱۹۶۹ء کے احمد آباد فساد پر جگمو ہن رپورٹ۔ ۱۹۷۰ء میں بیوندی فساد پر ڈی پی ماڈن رپورٹ۔ ۱۹۷۱ء کے تلشیری فساد پر وتایاتیل رپورٹ۔ ۱۹۷۹ء کے جمشید پور فساد پر جتشید نارائن رپورٹ۔ ۱۹۸۲ء کے کنیا کماری فساد پر وینو گوپال رپورٹ۔ ۱۹۸۹ء کے بھاگل پور فساد رپورٹ۔ اس کے علاوہ بھی بھارت میں دہشت گردانہ کاروائیوں میں بھی سنگھ پریوار تنظیمیں ملوث ہیں۔ مثلاً مالیگام بم دھماکہ، حیدرآباد مکہ مسجد دھماکہ، سمجھوتہ ایکسپریس بم دھماکہ۔ یہ سب بم دھماکے مسلمانوں کو مارنے کے لیے کیے گئے۔ لگتا ہے آر ایس ایس یہودیوں کی صہیونیت اور جرمنی ہٹلر کی نازی طرز کی دہشت گرد تنظیم ہے۔

آر ایس ایس کٹر انتہا پسند، قوم پرست، متعصب ہندوؤں کی، ہٹلر سے بھی بڑھ کو قوم پرست، بلکہ یہودیوں سے بھی چند قدم آگے ایک نامی گرامی دہشت گرد تنظیم ہے۔ ایک دہشت تنظیم ہی نہیں ہے بلکہ اس نے پورے متعصب ہندو معاشرے میں انڈے بچے بھی دیے ہوئے ہیں۔ وہ انڈے بچے یہ ہیں۔ سنگ پریوار (یعنی خاندان) ہیں۔ نمبر۱۔ وشنو ہندو پرشید۔ نمبر۲۔ بھاتیہ جنتا پارٹی۔ (سیاسی ونگ)۔ نمبر۳۔ سنگھ پریوار۔ نمبر۴۔ ون بندھو پرشید۔ نمبر۵۔ راشٹریہ سیوک کمیٹی۔ نمبر۶۔ سیوا بھارتی۔ نمبر۷۔ اھکل بھارتیہ۔ نمبر۸۔ بھارتیہ ودیارتھی پریشد۔ (سنگھ پریوار کا اسٹوڈنٹس ونگ)۔ نمبر۹۔ ونواہی کلیان آشرم۔ نمبر۱۰۔ بھارتیہ مزدور سنگھ۔ نمبر۱۱۔ وریا بھارتی۔ یہ تنظیمیں اپنی بساط کے مطابق مسلمانوں کو ہندو بنانے یا شیڈول کاسٹ قوم بن کے رہنے یا بھارت چھوڑ دینے کے ایجنڈے پر ۱۹۲۷ء سے کام کررہی ہے۔ ابھی مودی کے دور حکومت میں تو آر ایس ایس کے رہنما نے وقت بھی بتا دیا کہ فلاں سال تک مسلمانوں کو ہندو بنالیا جائے گا یا پھر ان کو ملک سے نکال دیا جائے گا۔

اصل میں تو ہندوستان کی قدیم قوم دراوڑتھی۔ جب آریہ نسل نے ہندوستان پر حملہ کیا تو ہندوستان کے اصل باشندوں کو ان کی زمینوں سے بے دخل کر کے حاکم بن بیٹھے۔ ان ہی کی طرح مسلمان بھی ہندوستان پر حملہ آور ہوئے۔ بارا سو سال حکومت کی۔ مسلمان آریہ کی طرح ہندوستان کے قدیم باشندے بن گئے۔ اب آر ایس ایس خود کو بھارت کا مستقل باشندہ تو مانتے ہیں مسلمانوں کو باہر آئے کہتے ہیں۔ جبکہ یہ خود بھی باہر سے آئے ہوئے ہیں۔ لہٰذا یہ رویہ غلط ہے۔ جو بھارت میں رہ رہا ہے۔ وہ بھارتی ہے چاہے ہندو ہو یا مسلمان۔ اچھا، اگر یہ معاشرے تک بات رہتی تو پھر مسلمان معاشرے میں رہ کر اپنے بہترین اخلاق سے ہندوؤں کا مقابلہ کرتے رہتے۔ مگر نریندرا مودی جو آر ایس ایس کا بنیادی رکن ہے، کہ پہلے گجرات کے وزیر اعظم کے دور مسلم دشمنی میں بڑا نام کمایا۔ ڈھائی ہزار مسلمانوں کو تہ تیغ کیا۔ مسلمانوں کو ان کے آرام دہ گھروں سے نکال کر مضافاتی علاقوں میں دھکیل دیا۔ جہاں پر پانی، بجلی، صحت، سوریج کا کوئی نظام نہ تھا۔ نہ ملنے کے امکانات تھے۔ جیسا آریہ نے دراوڑوں کو ہندوستان کے دور دراز جگھوں پر دھکیل دیا تھا۔ مودی کے ان مظالم کی وجہ سے امریکہ میں داخلہ بند کر دیا تھا۔ جب شیطان مودی بھارت کا وزیر اعظم بنا ہے تو پورے بھارت کے مسلمانوں پر ظلم وستم ڈھا رہا ہے۔ اپنے ساتھ آر ایس ایس کے لوگ لگائے ہوئے ہیں۔ جوان مظالم میں ہٹلر صفت مودی کی مدد کر رہے ہیں۔ اتنے مظالم کہ شاید شیطان بھی مودی سے پناہ سے مانگتا ہوگا۔

مودی جب الیکشن کا زمانہ آتا ہے الیکشن جیتنا ہوتا ہے تو اپنے ملک میں خود ان تنظیموں میں سے کسی ایک سے دہشت گردی کرواتا ہے۔ اس کے بعد اس دہشت گردی کا الزام پاکستان پر لگا دیتا ہے۔ پھر پاکستان کو دھمکیاں دینا شروع کرتا ہے کہ پاکستان کے اندر گھس اس دہشت گردی کا بدلہ لوں گا۔ اس پر راقم نے ایک مضمون لکھا تھا کہ'' کوا چلا ہنس کی ۲ چال اپنے بھی بھول گیا'' بھارتی عوام کو بتانا تھا کہ آپ کا دہشت گرد وزیر اعظم مودی، نیو ورلڈ آڈر والے'' امریکہ'' کے نقش قوم پر چل کو دنیا میں اپنی عوام کو بدنام کروا رہا ہے۔ امریکہ نے یہودیوں سے مل کر نائن الیون کا دہشت گردی کا واقعہ خود کرایا۔ پھر اس لا الزام مسلمانوں، خاص شیخ اسامہ بن لادنؒ پر لگا افغانستان کو تورا بورا بنا دیا۔ یہودیوں سے مل کر الیکٹرونک میڈیا سے مسلمانوں کر دہشت گرد انتہا پسند، خونخوار نہ جانے کون کون سے جھوٹے القابات سے جوڑ دیا۔ بھارت بھی امریکہ کے نقش قدم پر چل کو بھارت میں خود دہشت گردی کراتا ہے۔ پاکستان پر الزام لگا کر بھارت کے مسلمانوں کے خلاف ہندوؤں کو اُکساتا ہے۔ تعصب کی بنیاد پر ووٹ حاصل کر کے بھارت میں تیسری بار وزیر اعظم بنا ہے۔ دہشت گرد مودی بھارتی عوام کو کو دھوکہ دے سکتا ہے مگر بین القوامی طور پر جھوٹا ثابت ہوتا رہتا ہے۔

جب بھی پاکستان پر حملہ کرتا ہے منہ کی کھاتا ہے۔ بالاکوٹ حملہ کیا۔ کہا ۲۵۰ دہشت گرد مار دیے۔ جب دنیا اور پاکستان کے صحافیوں کو بالا کوٹ دکھایا گیا تو رپورٹ سامنے آئی کی سب جھوٹ ہے۔ صرف کچھ درخت گرے ہوئے تھے اور ایک کوا مرا پڑا تھا۔ پاکستان نے بھارت میں گھس کر حملہ کر کے بدلہ لے لیا۔ دو جہاز تباہ کر دیے۔ ابھی نندھن پائلٹ کو گرفتار کیا۔ کشمیر پہلگام میں دہشت گردی کرا کے پاکستان پر رات کی تاریکی میں حملہ کیا۔ آپریشن'' سندور'' کے تازہ حملے میں بھی مودی نے مساجد اور دینی مدارس پر حملہ کیا۔ کئی نہتے پاکستانی شہید ہوئے۔ پاکستان نے صبح سویرے'' بنیان مرصوص، معرکہ حق'' آپریشن دن کی روشنی میں حملہ کیا۔ بھارت کے چھ جہاز جس میں فرانس کے دو رافیل جہاز شامل ہیں تباہ کیے۔ بھارت کے سندور کو تندور بنا دیا۔ پورے بھارت میں دفاعی اڈوں کو اُڑا دیا۔ بھارت نے اپنی مذید تباہی سے بچنے کے لیے امریکی صدر ٹرمپ کو منت ساجت کر کے جنگ بند کروائی۔ مگر مودی اپنی عوام سے جھوٹ بولتا رہا کہ پاکستان کو شکست دی ہے۔ بھارت کے سیکولر آئین کے خلاف یک طرفہ ہندواتو کو بھارت میں راج کر کے بھارت کا جمہوری چہرا مسخ کیا جارہا ہے۔ دہشت گرد مودی اور اس کی دہشت گرد تنظیم آر ایس ایس بھارت کو تباہی تک پہنچا کے رہیں گے

آر ایس ایس کی بنیاد ڈاکٹر کیشو بلی رام ہیڈگوار نے ۲۷ ستمبر ۱۹۲۷ء میں ناگپور مہاراشٹر میں رکھی۔ ۲۰۱۴ء تک اس کے ارکان کی تعداد پچاس سے ساٹھ لاکھ تک تھی۔ یہ دنیا کے مختلف ممالک میں ہندو سویم سیوک سنگھ کے نام سے کام کرتی ہے۔ خطیر رقم بھی جمع کرتی ہے۔ دہشت گردی کی وجہ سے اس پر انگریز دور میں پابندی لگی تھی۔ آزادی کے بعد بھارت نے اس پر تین بار پابندی لگائی۔ بھارت میں مسلمانوں کے خلاف دنگے فسادات کرانے اس کا کام ہے۔ ۱۹۲۷ء کے ناگپور میں فسادات میں اس کا اہم رول تھا۔ ۱۹۴۸ء میں اس کے ایک رکن نے مہاتما گاندھی کو قتل کیا۔ ۱۹۶۹ء احمد آباد کے فسادات، ۱۹۷۱ء کو تیلشری فسادات، ۱۹۷۰ء کی بہار کے جمشید پور فرقہ ورانہ فسادات میں ملوث رہی ہے۔ ۶ دسمبر ۱۹۹۲ء کو اس تنظیم کے ارکان نے بابری مسجد میں گھس کر اس کو منعدم کیا۔ اس کے علاوہ آر ایس ایس کو فسادات میں ملوث ہونے پر مندرجہ ذیل تحقیقاتی رپوٹس میں ذمہ دار ٹھہرایا گیا۔ ۱۹۶۹ء کے احمد آباد فساد پر جگمو ہن رپورٹ۔ ۱۹۷۰ء میں رنے کے لیے کیے گئے۔ لگتا ہے آر ایس ایس یہودیوں کی صہیونیت او رجرمنی ہٹلر کی نازی طرز کی دہشت گرد تنظیم ہے

بانی پی ٹی آئی کی ریاست دشمن اپروچ

پاکستان ایک عرصے سے دہشت گردی کیخلاف جنگ جاری رکھے ہوئے ہے۔ 2001ء میں جب نائن الیون کے واقع کے بعد امریکہ نے دہشت گردی کے خلاف عالمی جنگ کا اعلان کیا تو اس میں کسی بھی ملک کے لئے آپشن نہیں تھا۔ امریکی قیادت نے کھل کھلا کر کہا کہ اس جنگ میں یا تو آپ ہمارے ساتھ ہیں یا پھر ہمارے دشمن۔ پاکستان اپنی جغرافیائی پوزیشن کے باعث اس جنگ میں فرنٹ لائن سٹیٹ قرار پایا۔ پاکستان نے اس عالمی جنگ میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا، ہماری زمین، فضاء اور سمندر اس جنگ میں استعمال ہوئے۔ نیٹو اور ایساف فورسز کے لئے سپلائی لائن کراچی تا طورخم قائم ہوئی۔ بہرحال اس جنگ کے دوران ہمارے ازلی دشمن نے افغانستان میں امریکی افواج کے زیر سایہ پاکستان کے خلاف مورچہ لگایا۔ 2003ء میں یہاں خودکش حملے شروع ہوئے، ڈرون حملے سامنے آئے یہ جنگ بظاہر تو القاعدہ اور طالبان کے خلاف لڑی جارہی تھی، لیکن بھارت نے پاکستان کے خلاف بھی مورچہ بندی کی۔ اسی دور میں پاک افغان بارڈر پر گیارہ کے قریب قونصل خانے قائم کیے گئے، جس کا مقصد پاکستان کے خلاف دہشت گردی کو منظم کرنا تھا پھر ہم نے دیکھا کہ افغانستان میں جاری جنگ پاکستان کے سرحدی علاقوں سے ہوتی ہوئی بندوبستی علاقوں تک آن پہنچی۔ بات یہاں تک ہی رہتی تو شاید نتیجہ اور نکلتا یہ جنگ سلپ ہوتے ہوئے کراچی کے ساحلوں تک آن پہنچی۔ 2021ء میں امریکی افغانستان سے دم دبا کر بھاگ نکلے۔ ہم نے کابل میں طالبان کے قبضے کا جشن فتح منایا۔ ہم نے اسے اپنی فتح جانا اور ہمیں یقین ہونے لگا کہ اب ہمارے بھی اچھے دن آئیں گے۔ دہشت گردی کا خاتمہ ہو گا اور ہم بھی پرسکون زندگیاں گزار سکیں گے لیکن ایسا نہیں ہو سکا۔ طالبان نے بغیر سوچے سمجھے، بغیر کسی حکمت عملی کے کابل میں جیلوں کے دروازے کھول کر ملزمان و مجرمان کو آزاد کر دیا۔ ان آزاد کردہ لوگوں میں ٹی ٹی پی کے بہت سے سزا یافتہ دہشت گرد بھی شامل تھے انہوں نے امریکیوں، ناٹو فورسز اور ایساف فورسز کے چھوڑے ہوئے جدید طرز کے ہتھیار اور دیگر آلات پر قبضہ کیا اس طرح ان کی حملہ آور ہونے کی صلاحیت دوچند نہیں کئی چند ہو گئی۔ اس پر مستزاد انڈین سپورٹ نے انہیں اور بھی زیادہ خطرناک بنا دیا ہے پاکستان کی مسلح افواج اور ریاستی ادارے ان کے نشانے پر ہیں پاکستان تھوڑے ہی عرصے میں دو مرتبہ براہ راست بھارتی یلغار کا سامنا کر چکا ہے۔ دونوں مرتبہ ہی اسے منہ کی کھانا پڑی ہے۔ مئی میں تو پاکستان نے بھارت کے چھ رافیل گرا کر اسے شکست فاش سے ہمکنار کیا اس کی عالمی سطح پر سبکی ہوئی، امریکہ جو ہندوستان کو چین کے مقابلہ بڑھاوا دینے کی پالیسی پر عمل پیرا تھا اسے شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔ خفت اٹھانا پڑی۔ بھارت کو اپنی یہ شکست ہضم نہیں ہو رہی اس نے دہشت گردی کی جنگ میں تیزی پیدا کر دی ہے۔ 13 اور 14 ستمبر کو کے پی میں ہماری سیکورٹی فورسز نے بڑی کاروائی کرتے ہوئے 30 خوارج کو جہنم رسید کیا ہے، دہشت گردوں کی یہاں موجودگی اور دہشت گرد کارروائیوں سے یہ بات اظہر من الشمس ہو جاتی ہے کہ نہ صرف بھارت ایسی کارروائیوں کا سپانسر ہے بلکہ افغانستان کی زمین دہشت گردوں اور ان کی کارروائیوں کے لئے لانچنگ پیڈ کے طور پر استعمال ہو رہی ہے۔ اسی طرح لکی مروت اور بنوں میں انٹیلی جنس پر مبنی آپریشنز کے دوران دشمن کے کئی ایجنٹوں کو جہنم واصل کیا گیا بلکہ ان کی لاشوں سے برآمد ہونے والے تھیلوں پر بھارتی این ڈی آر ایف کے نشانات نے بھارت کے مکروہ چہرے کو مزید واضع کر دیا ہے یہ اور ایسے واقعات اس بات کے ناقابل تردید ثبوت ہیں کہ بھارت ہی اس دہشت گردی کے آگے اور پیچھے ہے۔ یہ حملے اس وقت ہو رہے ہیں جب پاکستان کی مسلح افواج اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر کے پاکستان کے مستقبل کو محفوظ بنانے میں لگی ہوئی ہیں۔ دوسری طرف کے پی میں 12 سال سے زائد عرصے سے اقتدار کے مزے لوٹنے والی پی ٹی آئی اور اس کے بانی صوبے کے انتظامی مسائل حل کرنے میں بری طرح ناکام ہو چکے ہیں بات یہاں تک ہوتی تو چل جاتی۔ پی ٹی آئی کی قیادت سیاسی انتشار اور تقسیم کی سیاست کے فروغ کے ذریعے دشمن کے مذموم ایجنڈے کو تقویت دے رہی ہے۔ بانی پی ٹی آئی دہشت گردوں کے خلاف جاری آپریشن کے سخت خلاف ہیں اسے روکنے کی بات ہی نہیں کرتے، بلکہ اسے ایک ایجنڈے کے طور پر بڑھاوا دیتے میں مصروف ہیں، کبھی افغانستان کے ساتھ مذاکرات کا مشورہ دیتے ہیں۔ دہشت گردی کے بارے میں پی ٹی آئی کا ملک دشمن ایجنڈا بہت پرانا ہے۔ 2022ء میں دہشت گردوں کی صوبے میں آبادکاری اور ان کے لئے معافی کا اعلان بانی کے ایسے غلط فیصلے ہیں جن کا خمیازہ آج ہم بھگت رہے ہیں۔

بانی پی ٹی آئی نے آج تک دہشت گردوں کے خلاف بات نہیں کی ہے ان کے ایکس اکاؤنٹ پر کبھی دہشت گردی کے کسی واقع کی مذمت نہیں آئی ہے اور نہ ہی ان کے کسی صوبائی وزیر یا اہلکار نے شہداء کے جنازے میں شرکت کی اور نہ ہی تعزیت کے لئے ان کے گھر گئے یہ اس بات کا کھلا ثبوت ہے کہ کے پی میں گورننس کے خلاء کو چھپانے کے لئے پس پردہ ایک ہی محرک ہے کہ کسی طرح پاکستان کو دہشت گردی کے ذریعے عدم استحکام سے دوچار کر دیا جائے اور اس طرح بانی کے مذموم مقاصد کی آبیاری ہو سکے۔ ثابت ہو گیا کہ عمران خان اور ان کی پارٹی ایک انتشاری ٹولہ ہے جو صرف اور صرف پاکستان اور ریاست پاکستان کے خلاف سرگرم عمل ہیں

آپ کا مسئلہ کیا ہے؟

پاکستانی عوام کی خوش قسمتی یہ ہے کہ یہاں کسی کے پاس اور کچھ ہو یا نہ ہو ایک مسئلہ ضرور ہوتا ہے، کسی شاعر نے کہا تھا جب میری قبر بنی تو میں بھی صاحب جائیداد ہوگیا۔ ایک اور شاعر نے اپنی بدقسمتی کا ذکر کرتے ہوئے یہ کہہ دیا تھا کہ میری بدنیتی مجھے کوئے یار میں دوگز زمین بھی نہیں ملی، تاہم مسائل کے معاملے میں ہمارے ہاں ہر کوئی خودکفیل ہے۔ آپ کوئی امید لے کر کسی کے پاس مسئلہ سنانے جائیں تو آگے سے وہ آپ کو چار مسئلے اپنے سنا دے گا۔ پھر یہ کھینچا تانی شروع ہو جائے گی پہلے مسئلہ کون حل کراتا ہے۔ پنجابی کا ایک محاورہ ہے بندے نوں اپنی پادیو۔ یہ تکنیک ہمارے ہاں بہت استعمال کی جاتی ہے۔ کئی بار ہم یہ سوچ کر کسی کو فون کرتے ہیں کہ وہ ہمارا مسئلہ حل کرے گا۔ وہ بڑے تحمل سے ہمارا مسئلہ سننے کے بعد کہے گا میں کوشش کرتا ہوں آپ کا مسئلہ حل ہو جائے۔ پھر ساتھ ہی اپنا ایک مسئلہ بیان کر کے نہلے پہ دہلا مارے گا آپ کسی کو کہہ کر یہ کام تو کروا دیں۔ اس کے بعد یہ نہ آپ اسے پوچھنے اور نہ وہ بتانے کے قابل رہے گا۔ یہ مسئلہ جنگ معاشرے میں ایسے ہی شروع نہیں ہوگی۔ اس کے پیچھے کئی دہائیوں کی ''محنت'' شامل ہے۔ جس معاشرے میں کوئی ایسا خودکار سسٹم ہی نہ ہو جو آپ کے مسائل حل کر سکے اس معاشرے میں مسائل تو خودرو پودوں کی طرح اگتے ہیں سب سے بڑا مسئلہ تو اسی وقت شروع ہو جاتا ہے جب ہم کوئی بھی کام پڑے تو واقفیت یا سفارش ڈھونڈنے لگتے ہیں۔ بعض دفتروں میں تو اندر جانے کے لئے بھی سفارش یا واقفیت ڈھونڈنی پڑتی ہے۔ یہ ہمارے سرکاری افسروں نے خوف و ہراس بھی کچھ زیادہ ہی پھیلا رکھا ہے، اب تو تھانوں کے دروازے بھی بند ملتے ہیں، جن کے پیچھے کھڑا سنتری پہلے پوری انکوائری کرتا ہے، کون ہے، کہاں سے آئے ہو، کیا کام ہے، اللہ کے بندو یہ تھانے تو جائے امان ہونی چاہیے اسے قلعہ بند خوف کی پناہ گاہیں بنا دیا گیا ہے۔ کوئی بات کرے تو سادہ سا جواب ملتا ہے، سیکیورٹی کی وجہ سے ایسا کرتے ہیں۔ ان سے کوئی نہیں پوچھتا سیکیورٹی تو آپ نے عوام کو دینی ہے، خود اپنی سیکیورٹی کے خوف میں کیوں مبتلا ہو گئے ہیں۔ مسئلہ نہ بھی ہو تو ہم مسئلہ بنانے میں خودکفیل ہیں۔ ایک سابق پروفیسر صاحب نے فون کیا اور پوچھا کیا آپ کی ٹریفک آفس میں کوئی واقفیت ہے، میں نے کہا آپ کو کیا ضرورت ہے واقفیت کی، آپ تو خود بہت معروف ہیں۔ انہوں نے کہا یہ پاکستان ہے، یہاں معروف ہونا کافی نہیں، کوئی واقفیت یا سفارش درکار رہتی ہے۔ میں نے کہا مسئلہ کیا ہے، کہنے لگے میں دو مرتبہ ٹریفک دفتر گیا ہوں۔ عملہ مجھے چیف ٹریفک آفیسر سے نہیں ملنے دیتا۔ کہتے ہیں میٹنگ ہو رہی ہے۔ میں نے کہا ایک کام کریں، جیسا میں کہوں کریں کوئی مسئلہ پیش نہیں آئے گا۔ وہ تھوڑی سی ہچکچاہٹ کے بغیر راضی ہو گئے۔ میں نے انہیں کہا جب آپ سی ٹی او آفس پہنچیں اور باہر کھڑا سنتری یہ کہے صاحب مصروف ہیں اندر میٹنگ ہو رہی ہے تو اسے ایک سائیڈ پر کرتے ہوئے دفتر میں داخل ہو جائیں۔ وہ کہنے لگے۔ یہ مجھے کچھ نامناسب لگ رہا ہے۔ میں نے کہا نامناسب نہیں، آپ ایک پبلک آفس میں جا رہے ہیں کسی کے گھر میں نہیں گھس رہے۔ وہ راضی ہوئے اور چلے گئے۔ وہاں سے انہوں نے مجھے فون کیا کہ سنتری اب روک رہا ہے میں نے کہا وہی کریں جو کہا ہے۔ وہ اسے ہٹا کر اندر چلے گئے۔ پیچھے سے سنتری بھاگتا آیا کہ سر میں نے انہیں بہت روکا ہے یہ پھر بھی اندر آ گئے ہیں۔ میں نے پروفیسر صاحب سے فون پر پوچھا اندر کا منظر کیا ہے، انہوں نے کہا سی ٹی او دوستوں کے ساتھ چائے پی رہے ہیں۔ اتفاق سے وہ میرے پچھے جاننے والے تھے میں نے کہا انہیں فون دیں۔ پروفیسر صاحب نے انہیں فون پکڑایا تو میں نے کہا یہ بیسویں گریڈ کے ریٹائرڈ پروفیسر ہیں۔ تین دن سے آپ کو ملنے کی کوشش کر رہے ہیں، آپ کا عملہ یا نظام انہیں آپ تک رسائی ہی نہیں دے رہا۔ ایک عام آدمی تو آپ کے دفتر کو دیکھ ہی نہیں سکتا ہوگا۔ انہوں نے کہا میرے دروازے تو سب کے لئے کھلے رہتے ہیں یہ عملہ ہی کچھ زیادتی کر جاتا ہے۔ میں نے کہا اب ان کا مسئلہ سنیں اور حل کریں۔ تھوڑی دیر بعد پروفیسر صاحب کا فون آیا بہت خوش تھے کہ کام ہو گیا ہے۔

تو صاحبو! کچھ مسئلے ہوتے ہیں اور کچھ ہم خود بنا لیتے ہیں۔ اصل میں ہمارے ہاں حقوق کا شعور بھی نہیں ہے ہم سمجھتے ہیں جو کسی منصب پر بیٹھ گیا ہے اب وہ مختار کل ہے، اس کے آگے بولنا یا اسے ناراض کرنا آ بیل مجھے مار والی بات ہے۔ حالانکہ ایسا نہیں ہے۔ بڑے سے بڑا افسر بھی کہیں نہ کہیں کسی حد میں آ جاتا ہے۔ ہم میں سے اکثر یہ نہیں جانتے کہ جس نظام کو ہم خراب کہتے ہیں، یہ نظام درحقیقت اپنے اندر بہت بڑی طاقت رکھتا ہے، بس ضرورت اس امر کی ہوتی ہے کہ آپ کو یہ شعور ہو، کہاں آپ کے راستے میں غلط رکاوٹ ڈالی جا رہی ہے اور اس رکاوٹ کو ختم کرنے کے اس نظام میں کیا خودکار طریقہ موجود ہے۔ کبھی آپ نے غور کیا یہ پروپیگنڈہ کیوں کیا گیا ہے کہ ہمارا نظام مسائل کی آماجگاہ ہے۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ اس نظام کو اگر آسان کر دیا گیا تو وہ کرپشن جس نے معمولی سرکاری اہلکاروں کو بھی کروڑ پتی بنا دیا ہے کیسے ہو سکے گی۔ حکومتوں نے اپنے تئیں بڑی کوشش کی کہ عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل ہو جائیں انہیں مختلف ایپس، آن لائن شکایات اور شکایت درج کرانے کے لئے نمبر دیئے اس کے باوجود عوام کو اپنا حق لینے کا شعور نہیں آیا۔ وہ آج بھی ریفرنس یا سفارش ڈھونڈتے ہیں۔ پاکستان واحد ملک ہے جہاں ٹاؤٹوں کی ایک مخلوق بھی موجود ہے۔

☆☆☆

نیویارک ٹائمز 15 ارب ڈالر ہرجانے کا دعویٰ

قطر اتحادی، اسرائیل دوبارہ حملہ نہیں کریگا، امریکی صدر

ویزہ ویور پر فضائی حملے میں 3 دہشتگرد ہلاک ،بدامنی کے شکار شہروں میں مرحلہ وار میٹیشل گارڈز تعینات کریں گے

ٹیک ٹاک پر معاہدہ طے ، جلد خریدار کا اعلان کریںگے،یورپ روس سے تیل کی خریداری بند کرے،صحافیوں سے گفتگو

واشنگٹن (کوئک نیوز) صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے قطر اتحادی ملک ہے، اسرائیل دوبارہ حملہ نہیں کرے گا، وائٹ ہاؤس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے امریکی صدر کے کہا مشرق وسطیٰ میں امن کیلئے کام کر رہا ہوں، ابھی ایران کے ساتھ کام کر رہا ہوں، ابھی ایران کے ساتھ جمعہ کے روز چوتھی صدر سے بات کروں گا امید ہے حکم

لندن آپریشن نرس کے ساتھ رقص رلیاں منانے والا ڈاکٹر دوبارہ جاب کیلئے اہل قرار

ٹریبونل نے اپنی حتمی رائے میں کہا ہے کہ ڈاکٹر کی ذہنی حالت اب ایسی نہیں کہ وہ مریضوں کی ذمہ داری سنبھال سکے، ٹریبونل کے فیصلے کے مطابق ڈاکٹر سہیل احمد کو 2023 میں نمایاں خرابیوں کی وجہ سے ڈاکٹر سہیل احمد پر لگائے گئے الزام کو برقرار رکھا گیا ہے، ٹریبونل نے کہا کہ انہوں نے الزام کو تسلیم کیا ہے، مریض کو نقصان پہنچانے کا امکان تھا، ڈاکٹر سہیل احمد کو آپریشن تھیٹر نرس کے ساتھ نامناسب تعلقات قائم کرنے کا الزام لگایا گیا تھا، ڈاکٹر سہیل احمد کو 2021 میں ایک نرس کے ساتھ رقص کرتے ہوئے ویڈیو بنائی گئی تھی، واقعے کے بعد ڈاکٹر سہیل احمد کو آپریشن تھیٹر کے ساتھ نامناسب تعلقات قائم کرنے کا الزام لگایا گیا تھا، ڈاکٹر سہیل احمد کو 2023 میں نمایاں خرابیوں کی وجہ سے مریض کو پہنچنے والے نقصان کا امکان تھا، ڈاکٹر سہیل احمد کو 90 دن کی اجازت دے دی گئی ہے، ٹریبونل نے کہا کہ ڈاکٹر کو دوبارہ جاب کیلئے اہل قرار دیتے ہوئے ہم نے متعلقہ فیصلہ بعد میں کیا جائے گا، برطانوی میڈیکل ریگولیٹری ادارے جنرل میڈیکل کونسل نے ڈاکٹر سہیل احمد کو 12 ماہ کی معطلی کی سزا سنائی تھی، ڈاکٹر سہیل احمد کو 2024 میں انہی ٹہری سے فارغ کر دیا گیا تھا، میڈیکل ٹریبونل میں ڈاکٹر سہیل احمد کے الزامات کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر سہیل احمد نے اپنی پوزیشن کا غلط استعمال کیا ہے، ڈاکٹر سہیل احمد کے وکیل نے ٹریبونل کو بتایا کہ ڈاکٹر سہیل احمد کو ذہنی صحت کے مسائل کا سامنا ہے، ڈاکٹر سہیل احمد کے وکیل نے کہ

اطالوی اسکیئر ٹریننگ کے دوران سر پر شدید چوٹ لگنے سے چل بسے

اطالوی ونٹر اسپورٹس فیڈریشن (FISI) کے صدر فلیو روڈا نے فرانزوسو کی موت کو ایک المیہ قرار دیا

سانتیاگو (سی ایم لنکس) اطالوی اسکیئر میٹیو فرانزوسو محض 25 برس کی عمر میں ٹریننگ کے دوران سر پر شدید چوٹ لگنے کے باعث چل بسے۔ بین الاقوامی اسکی اور اسنو بورڈ فیڈریشن کے مطابق فرانزوسو نے چلی کے شہر سانتیاگو کے قریب لا پارواڈھلوان پر تربیتی سیشن کے دوران پہلے ہی چھوٹے جمپ پر قابو کھو دیا اور ایک لکڑی کی باڑ سے جا ٹکرائے، جس کے نتیجے میں انہیں شدید دماغی چوٹ پہنچی۔ انہیں فوری طور پر ہیلی کاپٹر کے ذریعے اسپتال منتقل کیا گیا جہاں انہیں انتہائی نگہداشت وارڈ میں رکھا گیا، تاہم چند گھنٹوں بعد ان کی موت واقع ہوگئی۔ فرانزوسو نے 17 ورلڈ کپ ریسز میں حصہ لیا تھا، ان کی بہترین کارکردگی جنوری 2023ء میں سامنے آئی جب انہوں نے کورتینا ڈی امپیٹزو (Ampezzo d Cortina) میں سپر جی ایونٹ میں 28 واں نمبر حاصل کیا۔ اسی سال انہوں نے اطالوی نیشنل الپائن کمبائنڈ ٹائٹل بھی اپنے نام کیا، ان کی آخری ورلڈ کپ ریس مارچ میں ہوئی تھی۔ اطالوی ونٹر اسپورٹس فیڈریشن (FISI) کے صدر فلیو روڈا نے فرانزوسو کی موت کو ایک المیہ قرار دیا

ورلڈ ایتھلیٹکس چیمپئن شپ: بھارتی ایتھلیٹ نیرج چوپڑا نے فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیا

لاہور (سی ایم لنکس) بھارتی ایتھلیٹ نیرج چوپڑا نے ورلڈ ایتھلیٹکس چیمپئن شپ فائنل کے لیے کوالی فائی کرلیا۔ نیرج چوپڑا نے کوالی فائنگ راؤنڈ میں 84.85 میٹر کی تھرو کرکے فائنل کیلیے کوالی فائی کرلیا۔ پاکستان کے ارشد ندیم بھی آج جیولین تھرو کے کوالیفائنگ راؤنڈ میں ان ایکشن ہونگے۔ ارشد ندیم اور بھارت کے نیرج چوپڑا الگ الگ گروپس میں شامل ہیں۔ ارشد ندیم کے گروپ میں بھارت کے دو ایتھلیٹس موجود ہیں۔ فائنل راؤنڈ جمعرات کو کھیلا جائے گا بھارتی ایتھلیٹ نیرج چوپڑا نے ورلڈ ایتھلیٹکس چیمپئن شپ فائنل کے لیے کوالی فائی کرلیا۔ نیرج چوپڑا نے کوالی فائنگ راؤنڈ میں 84.85 میٹر کی تھرو کرکے فائنل کیلیے کوالی فائی کرلیا۔ پاکستان کے ارشد ندیم بھی آج جیولین تھرو کے کوالیفائنگ راؤنڈ میں ان ایکشن ہونگے۔ ا گروپس میں شامل ہیں

ورلڈ ایتھلیٹکس چیمپئن شپ
ارشد ندیم نیرج چوپڑا آج آمنے سامنے

ورلڈ ایتھلیٹکس چیمپئن شپ: ارشد ندیم نے جیولن تھرو ایونٹ کے فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا

لاہور (کوژک نیوز) اولمپک گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم نے ورلڈ ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں جیولن تھرو ایونٹ کے فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا۔ ٹوکیو میں جاری ورلڈ ایتھلیٹکس چیمپئن شپ مس جیولن تھرو کے مقابلوں میں تو ارشد ندیم کا آغاز اچھا نہ ہوا، پہلی باری میں ارشد ندیم نے 76.99 میٹر کی تھرو پھینکی، ان کی دوسری تھرو بھی غیر متاثر کن رہی، دوسری باری میں پاکستانی اسٹار صرف 74.17 میٹر تھرو کرسکے تاہم تیسری باری میں ارشد ندیم اپنی بھرپور فارم میں دکھائی دیے۔ ارشد ندیم نے تیسری باری میں 85.28 میٹر کی تھرو کے ساتھ فائنل کیلئے کوالیفائی کیا۔ فائنل میں براہ راست کوالیفائی کرنے کیلئے کم از کم 84.50 میٹر کی تھرو درکار تھی جو ارشد نے تیسری باری میں حاصل کرلی۔ گرینیڈا کے اینڈرسن پیٹرز نے 89.53 میٹر، جرمنی کے جولیئن ویبر نے 87.21 میٹر، کینیا کے جولیس یگو 85.96 میٹرز جبکہ پولینڈ کے ڈآوڈ ویگنر 85.67 میٹرز کی تھرو کے ساتھ فائنل کیلئے براہ راست کوالیفائی کیا۔ بھارتی تھرو ور نیرج چوپڑا 84.85 میٹر کی تھرو کرسکے اور ارشد ندیم سے ایک پوزیشن نیچے رہے۔ مجموعی طور 12 کھلاڑیوں نے فائنل کیلئے کوالیفائی کیا ہے، ایونٹ کا فائنل جمعرات کی دوپہر کھیلا جائے گا اولمپک گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم نے ورلڈ ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں جیولن تھرو ایونٹ کے فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا۔ ٹوکیو میں جاری ورلڈ ایتھلیٹکس چیمپئن شپ مس جیولن تھرو کے مقابلوں میں تو ارشد ندیم کا آغاز اچھا نہ ہوا، پہلی باری میں ارشد ندیم نے 76.99 میٹر کی تھرو پھینکی، ان کی دوسری تھرو بھی غیر متاثر کن رہی، دوسری باری میں پاکستانی اسٹار صرف 74.17 میٹر تھرو کرسکے تاہم تیسری باری میں ارشد ندیم اپنی بھرپور فارم میں دکھائی دیے۔ ارشد ندیم نے تیسری باری میں 85.28 میٹر کی تھرو کے ساتھ فائنل کیلئے کوالیفائی کیا۔ فائنل میں براہ راست کوالیفائی کرنے کیلئے کم از کم 84.50 میٹر کی تھرو درکار تھی جو ارشد نے تیسری باری میں حاصل کرلی۔ گرینیڈا کے اینڈرسن پیٹرز نے 89.53 میٹر، جرمنی کے جولیئن ویبر نے 87.21 میٹر، کینیا کے جولیس یگو 85.96 میٹرز جبکہ پولینڈ کے ڈآوڈ ویگنر 85.67 میٹرز کی تھرو کے ساتھ فائنل کیلئے براہ راست کوالیفائی کیا۔ بھارتی تھرو ور نیرج چوپڑا 84.85 میٹر کی تھرو کرسکے اور ارشد ندیم سے ایک پوزیشن نیچے رہے۔ مجموعی طور 12 کھلاڑیوں نے فائنل کیلئے کوالیفائی کیا ہے، ایونٹ کا فائنل جمعرات کی دوپہر کھیلا جائے گا اولمپک گولڈ میڈ تھرو پھینکی، ان کی دوسری تھرو بھی غیر متاثر کن رہی، دوسری باری میں پاکستانی اسٹار صرف 74.17 میٹر تھرو کوالیفائی کیا۔ فائنل میں براہ راست کوالیفائی کرنے کیلئے کم از کم 84.50 میٹر کی تھرو درکار تھی جو ارشد نے تیسری باری میں حاصل کرلی۔

کیریبین پریمیئر لیگ، ایلیمینیٹر میچ میں فتح کے ساتھ ٹرنباگو نائٹ رائیڈرز کی ٹیم کوالیفائر ٹو میں داخل

نکولس پوران شاندار بیٹنگ پر میچ کے بہترین کھلاڑی قرار پائے

گیانا (سی ایم لنکس) کیریبین پریمیئر لیگ میں ٹرنباگو نائٹ رائیڈرز کی ٹیم ایلیمینیٹر میچ میں اینٹیگوا اور باربوڈا فالکنز کو 9 وکٹوں سے شکست دے کر کوالیفائر 2 میں پہنچ گئی، فاتح ٹیم نے 167 رنز کا ہدف 17 ویں اوور میں 1 وکٹ کے نقصان پر پورا کرلیا، نکولس پوران کو شاندار بیٹنگ پر میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ بدھ کو پراویڈنس سٹیڈیم گیانا میں کھیلے گئے لیگ کیا ایلیمینیٹر میچ میں ٹرنباگو نائٹ رائیڈرز کے کپتان نکولس پوران نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا اور اینٹیگوا اور باربوڈا فالکنز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 166 رنز بنا کر ٹرنباگو نائٹ رائیڈرز کو میچ میں کامیابی کے لئے 167 رنز کا ہدف دیا۔ اینڈریز گوس نے عمدہ بیٹنگ کرتے ہوئے 61 اور عامر جنگو نے 55 رنز بنائے جبکہ مایہ ناز بنگلہ دیشی آل راؤنڈر شکیب الحسن نے ناقابل شکست 26 رنز بنائے۔ ٹرنباگو نائٹ رائیڈرز کی طرف سے عمدہ باؤلنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے سوربھ نیترا ولکر نے 3 جبکہ عثمان طارق اور آندرے رسل نے دو، دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جواب میں ٹرنباگو نائٹ رائیڈرز کے کپتان نے دھواں دار بلے بازی کرتے ہوئے 8 چھکوں اور 3 چوکوں کی مدد سے ناقابل شکست 90 رنز کی دلکش اننگز کھیلی، ایلکس ہیلز ناقابل شکست 54 رنز سے ساتھ دوسرے نمایاں بلے باز رہے۔ یوں ٹرنباگو نائٹ رائیڈرز کی ٹیم نے ایلیمینیٹر میچ میں اینٹیگوا اور باربوڈا فالکنز کو نہ صرف 9 وکٹوں سے شکست دی بلکہ لیگ کے کوالیفائر 2 میچ کے لئے بھی کوالیفائی کرلیا۔ اس شکست کے بعد اینٹیگوا اور باربوڈا فالکنز کی ٹیم لیگ سے باہر ہوگئی ہے۔ نکولس پوران شاندار بیٹنگ پر میچ کے بہترین کھلاڑی قرار پائے شکست دی بلکہ لیگ کے کوالیفائر 2 میچ کے لئے بھی کوالیفائی کرلیا۔ اس شکست کے بعد اینٹیگوا اور باربوڈا فالکنز کی ٹیم لیگ سے باہر ہوگئی ہے۔ نکولس پوران شاندار بیٹنگ پر میچ کے بہترین کھلاڑی قرار پائے

اٹلی کی ویمن ٹیم بلی جین کنگ کپ کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی

اٹلی کی ویمن ٹیم نے میزبان حریف چین کو باآسانی 0-2 سے شکست دی۔ اٹلی نے دونوں سنگلز مقابلے جیت لئے

بیجنگ (سی ایم لنکس) دفاعی چیمپئن اٹلی کی ویمن ٹیم ویمن ٹینس ایسوسی ایشن (ڈبلیو ٹی اے) بلی جین کنگ کپ کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی جبکہ میزبان چین کی ٹیم اٹلی سے شکست کے بعد ایونٹ سے باہر ہوگئی ہے۔ اٹلی کی ویمن ٹیم نے بلی جین کنگ کپ کے کوارٹر فائنل میں میزبان حریف چین کی ٹیم کو باآ؟ سانی 0-2 سے شکست دے کر سیمی فائنل کے لئے کوالیفائی کیا۔ ڈبلیو ٹی اے بلی جین کنگ کپ کے مقابلے چین کے جنوب مشرقی شہر شینزین کے بے سپورٹس سینٹر میں کھیلے گئے جس کے ویمنز سنگلز مقابلے میں اٹلی اور چین کی ٹیمیں آمنے سامنے تھیں۔ اٹلی کی ویمن ٹیم نے میزبان حریف چین کو باآسانی 0-2 سے شکست دی۔ اٹلی نے دونوں سنگلز مقابلے جیت لئے۔ پہلے سنگلز میچ میں اٹلی کی ایلیسیبٹا کوکیریٹو نے حریف چین کی کھلاڑی یو یوآن کو 6-4، 5-7 اور 5-7 سے ہرا دیا۔ دوسرے سنگلز میچ میں اٹلی کی ٹینس کھلاڑی جیسمین پاؤلینی نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے چین کی ٹینس کھلاڑی وانگ ژینیو کو 6-4، 6-7 (7-4) اور 4-6 سے نہ صرف شکست دی بلکہ بلی جین کنگ کپ کے سیمی فائنل کے لئے بھی کوالیفائی کرلیا دفاعی چیمپئن اٹلی کی ویمن ٹیم ویمن ٹینس ایسوسی ایشن (ڈبلیو ٹی اے) بلی جین کنگ کپ کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی جبکہ میزبان چین کی ٹیم اٹلی سے شکست کے بعد ایونٹ سے باہر ہوگئی ہے۔ اٹلی کی ویمن ٹیم نے بلی جین کنگ کپ کے کوارٹر فائنل میں میزبان حریف چین کی ٹیم کو با؟ سانی 0-2 سے شکست دے کر سیمی فائنل کے لئے کوالیفائی کیا۔ ڈبلیو ٹی اے بلی جین کنگ کپ کے مقابلے چین کے جنوب مشرقی شہر شینزین کے بے سپورٹس سینٹر میں کھیلے گئے

سیڑھیاں چڑھتے ہوئے اب سانس پھولنے کی شکایت ہوتی ہے

،دنیا کے سابق تیز ترین ایتھلیٹ یوسین بولٹ کا انکشاف

ٹوکیو (سی ایم لنکس) دنیا کے مشہور زمانہ سابق سپرنٹر یوسین بولٹ نے انکشاف کیا ہے کہ انہیں اب سیڑھیاں چڑھتے ہوئے سانس پھولنے کی شکایت ہوتی ہیاوران کی زندگی مکمل طور پر بدل گئی ہے۔ یہ بات انہوں نے ٹوکیو میں منعقدہ تقریب کے دوران میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اولمپک گولڈ میڈلسٹ یوسین بولٹ اب ورزش یا دوڑنے کی بجائے اپنا زیادہ وقت گھر اور بچوں کے ساتھ گزارتے ہیں۔ 39 سالہ یوسین بولٹ نے 2008 سے 2016 کے درمیان 8 اولمپک گولڈ میڈل اور 11 ورلڈ چیمپئن شپ ٹائٹلز جیتے۔ یوسین بولٹ کا کہنا ہے کہ وہ اب شاذ و نادر ہی جم جاتے ہیں اور دوڑنا تو تقریباً چھوڑ ہی دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں عموماً وقت پر اٹھتا ہوں تاکہ بچوں کو سکول کے لیے روانہ کرسکوں۔ اگر کوئی خاص کام نہ ہو تو گھر میں ہی آرام کرتا ہوں، اگر موڈ ہو تو کبھی کبھار جم چلا جاتا ہوں۔ بچوں کے واپس آنے پر ان کے ساتھ وقت گزارتا ہوں

نئی ٹی 20 رینکنگ: فرحان کی بڑی چھلانگ، صائم اور حسن نواز کی تنزلی

ٹی ٹوئنٹی آل راؤنڈرز کی رینکنگ میں بھارت کے ہردک پانڈیا کی پہلی پوزیشن برقرار ہے

دبئی (سی ایم لنکس) آئی سی سی کی نئی ٹی ٹوئنٹی رینکنگ میں پاکستانیوں سمیت دیگر ممالک کی ٹیموں کے کھلاڑیوں کی بھی پوزیشنز تبدیل ہوئی ہیں۔ آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ کی نئی رینکنگ جاری کردی گئی ہے جس کے مطابق بھارت کے ابھیشیک شرما کی پہلی پوزیشن برقرار ہے جبکہ انگلینڈ کے فل سالٹ اور جوز بٹلر کی ایک ایک درجہ ترقی ہوئی ہے اور اب دونوں کھلاڑی بالترتیب دوسرے اور تیسرے نمبر پر آگئے ہیں۔ پاکستان کے بابر اعظم 2 درجہ تنزلی کے بعد 26 ویں اور محمد رضوان 5 درجہ تنزلی کے بعد 33 ویں نمبر پر پہنچ گئے ہیں۔ قومی ٹیم کے صاحبزادہ فرحان 18 درجے چھلانگ کے بعد 56 ویں پوزیشن پر آگئے ہیں۔ پاکستان کے صائم ایوب 5 درجہ تنزلی کے بعد 46 ویں جبکہ حسن نواز 12 درجے تنزلی کے بعد 47 ویں پوزیشن پر چلے گئے ہیں۔ دوسری جانب ٹی ٹوئنٹی بولرز میں بھارت کے ورن چکرورتی نمبرون بولر بن گئے ہیں، انہوں نے 3 درجے ترقی کے بعد نیوزی لینڈ کے جیکب ڈفی سے پہلی پوزیشن چھینی اور اب جیکب ڈفی دوسری پوزیشن پر چلے گئے ہیں۔ پاکستان کے سفیان مقیم 4 درجے بہتری کے بعد 11 ویں اور ابرار احمد 11 درجے چھلانگ کے بعد 16 ویں پوزیشن پر آگئے ہیں۔ ٹی ٹوئنٹی آل راؤنڈرز کی رینکنگ میں بھارت کے ہردک پانڈیا کی پہلی پوزیشن برقرار ہے جانب ٹی ٹوئنٹی بولرز میں بھارت کے ورن چکرورتی نمبرون بولر بن گئے ہیں، انہوں نے 3 درجے ترقی کے بعد نیوزی لینڈ کے جیکب ڈفی سے پہلی پوزیشن چھینی اور اب جیکب ڈفی دوسری پوزیشن پر چلے گئے ہیں۔ پاکستان کے سفیان مقیم 4 درجے بہتری کے بعد 11 ویں اور ابرار احمد 11 درجے چھلانگ کے بعد 16 ویں پوزیشن پر آگئے

یوئیفا چیمپئنز لیگ، ریال میڈرڈ اور آرسنل نے اپنے میچز جیت لئے

میڈرڈ (سی ایم لنکس) ریال میڈرڈ نے یوئیفا چیمپئنز لیگ کے ایک میچ میں مارسیلی کو شکست دے دی جبکہ آرسنل کی ٹیم نے دوسرے میچ میں اتھلیٹک کلب کی ٹیم کو 0-2 گول سے ہرا دیا۔ یوئیفا چیمپئنز لیگ میں شائقین فٹ بال کو انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ سپین کے دارالحکومت میڈرڈ کے مقام پر کھیلے گئے لیگ کے اہم میچ میں میزبان ریال میڈرڈ اور مارسیلی کی ٹیمیں آمنے سامنے تھیں جس میں ریال میڈرڈ کی ٹیم نے حریف ٹیم مارسیلی کو ایک کے مقابلے میں 2 گول سے ہرا دیا۔ کیلین ایمباپے اور ٹموتھی ویہ نے ایک ایک گول کرکے اپنی ٹیم ریال میڈرڈ کی فتح میں اہم کردار ادا کیا۔ یہ ریال میڈرڈ کی لیگ میں ابتدائی فتح ہے اور اس فتح کے بعد اس کو 3 قیمتی پوائنٹس بھی مل گئے ہیں۔ سان میمس، بلباؤ، سپین میں کھیلے گئے ایک اور میچ میں آرسنل اور ایتھلیٹک کلب کی ٹیمیں آمنے سامنے تھیں

دنیا کے تیز ترین ایتھلیٹ یوسین بولٹ کو سیڑھیاں چڑھنے میں بھی دشواری کا سامنا

ان کے پاس 100 میٹر، 200 میٹر اور 4×100 میٹر کی دوڑ جیتنے کا عالمی ریکارڈ ہے

جمیکا (سی ایم لنکس) وقت کبھی ایک جیسا نہیں رہتا یہ بات جمیکا سے تعلق رکھنے والے دنیا کے تیز ترین انسان کا اعزاز پانے والے یوسین بولٹ پر صادق ا؟تی ہے، جنہیں اب ریٹائرمنٹ کے بعد سیڑھیاں چڑھنے میں بھی دشواری کا سامنا رہتا ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق 2017 میں ریٹائر ہونے والے 39 سالہ یوسین بولٹ نے حال ہی میں ایک انٹرویو دیا ہے جس میں انہوں نے ریٹائرمنٹ کے بعد کی زندگی کے حوالے سے بات چیت کی۔ انہوں نے اعتراف کیا کہ اب سیڑھیاں چڑھنے پر میرا سانس پھول جاتا ہے، سیڑھیاں چڑھنا بھی ایک چیلنج کی طرح محسوس ہونے لگا ہے۔ اولمپکس میں 8 گولڈ میڈلز جیتنے والے سابق ایتھلیٹ کا کہنا تھا کہ اب میں زیادہ تر وقت اپنے بچوں کے ساتھ گزارتا ہوں۔ عام طور پر ان کے اسکول جانے سے قبل اُٹھتا ہوں اور انہیں اسکول جاتا دیکھتا ہوں اس کے بعد دن بھر کیا کرنا ہے اس بات کا انحصار میرے موڈ پر ہے۔ انہوں نے بتایا کہ عام طور پر اگر کچھ خاص نہ ہو، تو میں بس گھر پر آرام کرتا ہوں اور گھر میں رہ کر فلمیں اور سیریز دیکھتا ہوں۔ اس کے علاوہ مجھے لیگو (Lego) کا شوق ہے تو لیگو بھی بناتا ہوں۔ اس کے علاوہ بچوں کیساتھ گھومتا پھرتا ہوں، جب تک کہ وہ مجھے تنگ کرنا شروع نہ کردیں۔ ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے ورزش کی اہمیت پر زور دیا اور کہا کہ مجھے دوبارہ باقاعدہ ورزش شروع کرنی چاہیے۔ مجھے جم جانا پسند نہیں لیکن میں کافی عرصے سے دوڑ سے دور ہوں، تو مجھے لگتا ہے کہ اب واقعی دوڑنا شروع کرنا ہوگا۔ واضح رہے کہ یوسین بولٹ نے 2017 میں ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا تھا۔ ان کے پاس 100 میٹر، 200 میٹر اور 4×100 میٹر کی دوڑ جیتنے کا عالمی ریکارڈ ہے

شوبز

اورنگزیب لغاری کا ماہرہ خان کی عمر پر تنقید کرنے والوں کو کرارا جواب

لیکن مہمان پر منحصر ہے کہ وہ اس کا کس طرح جواب دیتا ہے

کراچی (سی ایم لنکس) پرائیڈ آف پرفارمنس کے حامل پاکستان شوبز انڈسٹری کے جانے پہچانے اداکار اورنگزیب لغاری نے معروف شخصیات پر تنقید کرکے سستی شہرت حاصل کرنے والوں کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔ حال ہی میں سینئر اداکار نے نجی ٹی وی چینل کے پروگرام میں بطور مہمان شرکت کی جہاں انہوں نے مختلف امور پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ گزشتہ دنوں مختلف فنکاروں کی جانب سے معروف شخصیات پر غیر ضروری تنقید کرکے نفرت پھیلانے اور سستی شہرت حاصل کرنے کی کوشش کی گئی، اس حوالے سے میزبان نے سینئر اداکار اورنگزیب لغاری کے خیالات معلوم کیے۔ میزبان کے سوال کا جواب دیتے ہوئے سینئر اداکار نے کہا کہ ہمارے چند فنکاروں نے مشہور اداکاروں کے بارے میں برا بھلا کہہ کر خبروں میں رہنے کا طریقہ ڈھونڈ لیا ہے۔ انہوں نے کسی کا نام لیے بغیر مثال دیتے ہوئے کہا، 'ہمارے ایک اداکار ہیں جنہوں نے اداکارہ ماہرہ خان کو ان کی عمر پر تنقید کا نشانہ بنایا، مجھے ان سے یہ امید نہیں تھی۔ ماہرہ ہمارے ملک کا ایک بہت بڑا نام ہیں نئے آنے والوں کو ان سے سیکھنے کی ضرورت ہے۔ جو ماہرہ پر تنقید کرتے ہیں وہ کبھی اس کی برابری نہیں کرسکتے۔ ایک فنکار کی کوئی عمر نہیں ہوتی، یہ جانتے ہوئے بھی انہیں تنقید کا نشانہ بنا رہے ہیں۔' اورنگزیب لغاری کا مزید کہنا تھا کہ آج کل ہر دوسرے پوڈکاسٹ یا پروگرام میں یہی روش چل پڑی ہے، میزبان کی کوشش ہوتی ہے کہ چند ویوز کی خاطر اس طرح کے سوالات پوچھیں لیکن مہمان پر منحصر ہے کہ وہ اس کا کس طرح جواب دیتا ہے ہیں۔' اورنگزیب لغاری کا مزید کہنا تھا کہ آج کل ہر دوسرے پوڈکاسٹ یا پروگرام میں یہی روش چل پڑی ہے، میزبان کی کوشش ہوتی ہے کہ چند ویوز کی خاطر اس طرح کے سوالات پوچھیں لیکن مہمان پر منحصر ہے

جسٹن ٹروڈو اور کیٹی پیری نے رومانوی تعلقات کو خفیہ رکھا ہے؟

ٹورنٹو (سی ایم لنکس) معروف امریکی گلوکارہ کیٹی پیری اور کینیڈا کے سابق وزیراعظم جسٹن ٹروڈو نے مبینہ طور پر اپنے تعلقات کو خفیہ رکھا ہوا ہے۔ امریکی میگزین یو ایس ویکلی نے اپنی ایک رپورٹ میں دعویٰ کیا ہے کہ کیٹی پیری اور جسٹن ٹروڈو اب بھی ایک دوسرے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ رپورٹ میں مزید بتایا گیا کہ امریکی گلوکارہ اور سابق کینیڈین وزیراعظم اب بھی ایک دوسرے سے رابطے میں ہیں لیکن ان دونوں نے اپنے تعلقات کو خفیہ رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ علاوہ ازیں، رپورٹ میں ایک اور انکشاف بھی کیا گیا ہے کہ کیٹی پیری اور جسٹن ٹروڈو فی الحال اپنے تعلقات کو مزید آگے بڑھانے کے بارے میں بہت زیادہ سنجیدہ نہیں کیونکہ ابھی دونوں ہی اپنی اپنی زندگیوں میں مصروف ہیں۔ رپورٹ کے مطابق امریکی گلوکارہ کے برازیل سے واپس آنے پر سابق کینیڈین وزیراعظم ان سے ملنے کا منصوبہ بنا رہے

صبا قمر کی شادی ہونے والی ہے؟

کراچی (سی ایم لنکس) پاکستان کی صفِ اول کی اداکاراؤں میں سے ایک صبا قمر کی شادی کی خبریں زیر گردش ہیں۔ مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمز اداکارہ کے نئے ڈرامے کا ٹیزرز سامنے آتے ہی ان کی شادی کی خبروں نے زور پکڑ لیا ہے۔ یوں تو صبا قمر اپنی زندگی کو بھارتی ہدایت کار امتیاز علی کی فلموں کی طرح 'ادھوری روح' قرار دیتی ہیں اور کہتی ہیں کہ زندگی میں ادھورے پن کا ایک اپنا ہی مزہ ہے۔ تاہم اب لگتا ہے ان کی زندگی مکمل ہونے والی ہے۔ ان قیاس آرائیوں کی بنیادی وجہ اداکارہ کا نیا ڈرامہ 'پامال' ہے، جس میں ان کے مدِ مقابل اداکار عثمان مختار ہیں۔ جی ہاں، وہی عثمان مختار جو اپنی ساتھی اداکاراؤں کے لیے خوش قسمتی کا ستارہ سمجھے جاتے ہیں، جن کے ساتھ کام کرنے والی ہر اداکارہ جلد شادی کے بندھن میں بندھ جاتی ہیں۔ نجی ٹی وی چینل کے نئے میڈیا صارفین قیاس آرائیاں کررہے ہیں

استاد امانت علی خان کو مداحوں سے بچھڑے 51 برس گزر گئے

لیکن ان کا فن آج بھی زندہ ہے اور مداحوں کے دلوں میں گھر کیے ہوئے ہے

لاہور (سی ایم لنکس) برصغیر کے عظیم کلاسیکل گلوکار اور پٹیالہ گھرانے کے معروف فنکار اُستاد امانت علی خان کو دنیا سے رخصت ہوئے 51 برس بیت چکے ہیں، مگر ان کی گائی ہوئی غزلیں اور نغمے آج بھی سامعین کے دلوں کو چھو لیتے ہیں۔ 1922 میں ہوشیار پور (برصغیر) میں پیدا ہونے والے امانت علی خان نے موسیقی کی ابتدائی تعلیم اپنے والد اُستاد اختر حسین خان سے حاصل کی۔ وہ پٹیالہ گھرانے کے بانی علی بخش جرنیل کے پوتے اور اُستاد فتح علی خان کے بھائی تھے۔ ان دونوں بھائیوں نے ایک ساتھ پرفارمنس دے کر بے پناہ مقبولیت حاصل کی۔ قیام پاکستان کے بعد امانت علی خان لاہور منتقل ہوئے اور ریڈیو پاکستان سے وابستہ ہوگئے، جہاں انہوں نے کلاسیکل و نیم کلاسیکی گائیکی میں منفرد مقام حاصل کیا۔ ان کے معروف گیتوں میں 'ہونٹوں پہ کبھی ان کے میرا نام ہی آئے'، 'چاند میری زمیں پھول میرا وطن' اور 'یہ آرزو تھی تجھے گُل کے روبرو کرتے' شامل ہیں۔ استاد امانت علی خان کو تمغہ حسن کارکردگی سے بھی نوازا گیا۔ استاد امانت علی خان 17 ستمبر 1974 کو 52 برس کی عمر میں وفات پاگئے، لیکن ان کا فن آج بھی زندہ ہے اور مداحوں کے دلوں میں گھر کیے ہوئے ہے برصغیر کے عظیم کلاسیکل گلوکار اور پٹیالہ گھرانے کے معروف فنکار اُستاد امانت علی خان کو دنیا سے رخصت ہوئے 51 برس بیت چکے ہیں، مگر ان کی گائی ہوئی غزلیں اور نغمے آج بھی سامعین کے دلوں کو چھو لیتے ہیں۔ 1922 میں ہوشیار پور (برصغیر) میں پیدا ہونے والے امانت علی خان نے موسیقی کی ابتدائی تعلیم اپنے والد اُستاد اختر حسین خان سے حاصل کی۔ وہ پٹیالہ گھرانے کے بانی علی بخش جرنیل کے پوتے اور اُستاد فتح علی خان کے بھائی تھے۔ ان دونوں بھائیوں نے ایک ساتھ پرفارمنس دے کر بے پناہ مقبولیت حاصل کی۔ قیام پاکستان کے بعد امانت علی خان لاہور منتقل ہوئے اور ریڈیو پاکستان سے وابستہ ہوگئے، جہاں انہوں نے کلاسیکل و نیم کلاسیکی گائیکی میں منفرد مقام حاصل کیا۔ ان کے معروف ' گل کے روبرو کرتے' شامل ہیں

عائشہ عمر کے ڈیٹنگ شو پر تنازع، سوشل میڈیا پر ہنگامہ، پیمرا نے وضاحت جاری کردی

کراچی (سی ایم لنکس) معروف اداکارہ عائشہ عمر کے ڈیٹنگ ریئلٹی شو لازوال عشق کے ٹیزر ریلیز ہوتے ہی سوشل میڈیا پر شدید تنقید اور بائیکاٹ مہم شروع ہوگئی، جس کے بعد پیمرا نے بھی معاملے پر وضاحت جاری کردی۔ شو کے ٹیزر میں دکھایا گیا ہے کہ شو میں چار مرد اور چار خواتین ایک پرتعیش ولا میں اکٹھے رہیں گے اور ان کی تمام سرگرمیاں ریکارڈ ہوں گی، عائشہ عمر نے ٹیزر میں بتایا کہ شو کا مقصد لازوال محبت کی تلاش اور اس سفر میں پیش آنے والی جذباتی آزمائشوں کو دکھانا ہے۔ ترکی کے مقبول ریئلٹی شو عشق آداسی (Island Love) سے متاثر ہو کر بنائے گئے اس پروگرام کو اردو ناظرین کے لیے ڈیٹنگ ریئلٹی فارمیٹ کا پہلا تجربہ قرار دیا جارہا ہے، یہ شو یوٹیوب پر خصوصی طور پر نشر ہوگا اور تقریباً 100 اقساط پر مشتمل ہوگا۔ معاملے پر سوشل میڈیا پر شدید بحث جاری ہے، صارفین نے شو کو غیر اخلاقی قرار دیتے ہوئے

60 کروڑ کے فراڈ کیس میں نیہا دھوپیا اور بپاشا باسو کے نام بھی سامنے آگئے

ممبئی (سی ایم لنکس) راج کندرا کے 60 کروڑ روپے کے فراڈ کیس میں بھارتی اداکارہ نیہا دھوپیا اور بپاشا باسو کا نام بھی آگیا۔ بالی ووڈ اداکارہ شلپا شیٹھی کے شوہر اور بزنس مین راج کندرا 60 کروڑ روپے سے زائد کے فراڈ کیس میں تحقیقات کا سامنا کررہے ہیں، یہ مقدمہ ان کی سابقہ کمپنی سے جڑا ہے اور اس کی تفتیش ممبئی پولیس کے اکنامک آفینسز ونگ (EOW) کر رہی ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق راج کندرا نے تحقیقاتی ٹیم کو اپنے بیان میں بتایا کہ کمپنی کے جمع شدہ فنڈز کا ایک بڑا حصہ تشہیری مہم پر خرچ کیا گیا، جس میں تقریباً 20 کروڑ روپے پروموشن، سلیبرٹی انڈورسمنٹ اور نشریاتی اخراجات پر لگائے گئے۔ تحقیقات کے دوران راج کندرا نے دعویٰ کیا کہ بالی ووڈ اداکارائیں بپاشا باسو اور نیہا دھوپیا بھی ان پروموشنل سرگرمیوں کا حصہ تھیں

شوبز انڈسٹری تبدیل، ڈرامے بنا کر خود کو لانچ کیا جارہا ہے: غزالہ جاوید

اور انہیں پرانی نسل کی طرح پابندیوں کا سامنا بھی نہیں کرنا پڑتا

لاہور (سی ایم لنکس) سینئر اداکارہ غزالہ جاوید نے انکشاف کیا ہے کہ شوبز انڈسٹری میں وقت کے ساتھ بڑے پیمانے پر تبدیلیاں آئی ہیں، اب انڈسٹری میں لوگ پیسے لگا کر ڈرامے اور سیریلز بناتے ہیں تاکہ خود کو یا اپنی بچیوں کو لانچ کر سکیں۔ اداکارہ غزالہ جاوید نے دنیا نیوز کے مقبول مزاحیہ پروگرام 'مذاق رات' میں شرکت کی جہاں انہوں نے اپنے کیریئر اور شوبز انڈسٹری کے حوالے سے کھل کر گفتگو کی۔ انہوں نے بتایا کہ ماضی میں جب معروف فنکار معین اختر حیات تھے تو اس وقت انہیں کئی سیاسی جماعتوں کی جانب سے شمولیت کی پیشکشیں ہوئیں، متعدد لوگ ان کے گھر آئے اور انہیں اپنی سیاسی پارٹی میں شامل ہونے کی دعوت دی، تاہم معین اختر نے انہیں مشورہ دیا کہ کسی بھی سیاسی پارٹی کا حصہ نہ بنیں کیونکہ ایک فنکار سب کا ہوتا ہے، اس لئے وہ کسی ایک کا نہیں ہوسکتا۔ سینئر اداکارہ کے مطابق معین اختر نے کہا کہ فنکار کا دل اتنا بڑا ہوتا ہے کہ وہ سب سے پیار کرتا ہے اور سب اس سے محبت کرتے ہیں، اس لئے خود کو کبھی محدود نہ کریں۔ کیریئر کے آغاز کے حوالے سے غزالہ جاوید نے بتایا کہ اس وقت ڈراموں کا معیار بہت اعلیٰ تھا، پی ٹی وی پر مہینوں ریہرسل کی جاتی تھی، لیکن وہ اتنی محنت کرنے کی خواہش مند نہیں تھیں، اسی لئے چند سیریلز کرنے کے بعد انہوں نے فیصلہ کیا کہ ڈراموں میں مزید کام نہیں کریں گی۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ آج کل لوگ پیسے دے کر انڈسٹری میں آ رہے ہیں، ڈرامے اور سیریلز بنا رہے ہیں تاکہ خود کو یا اپنی بچیوں کو لانچ کرسکیں۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں شوبز میں آنے پر گھر والے اعتراض کرتے تھے اور واویلا مچ جاتا تھا، لیکن آج کل وہی لوگ چاہتے ہیں کہ اگر کوئی جاننے والا شوبز میں ہے تو وہ اس کے ذریعے کام حاصل کرلیں۔ غزالہ جاوید کے مطابق اب نئی ا؟نے والی اداکارائیں زیادہ تعلیم یافتہ ہیں اور انہیں پرانی نسل کی طرح پابندیوں کا سامنا بھی نہیں کرنا پڑتا



ماڈل عبیرا اسد اور ثوبان عمیس کا راہیں جدا کرنے کا فیصلہ

لاہور (سی ایم لنکس) رواں سال شادی کرنیوالے پاکستانی ماڈل عبیرا اسد اور ثوبان عمیس نے راہیں جدا کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ ماڈل عبیرا اسد اور ثوبان عمیس کا شمار پاکستان کے کامیاب ماڈلز میں ہوتا ہے جنہیں بیسٹ ماڈلز کا ایوارڈ بھی مل چکا ہے، جوڑے نے رواں سال فروری کے مہینے میں ہی شادی کی تھی تاہم ان کی ازدواجی زندگی سے متعلق بری خبر سامنے آئی ہے۔ ثوبان عمیس نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر ایک سٹوری شیئر کی اور اپنی راہیں جدا کرنے کے فیصلے سے آگاہ کیا۔ ثوبان نے لکھا ہے کہ میں نے اور عبیر نے راہیں جدا کرنے کا فیصلہ کیا ہے

شوٹنگ کے مصروف شیڈول کے باعث بھائی کے جنازے میں شرکت نہیں کرسکا: محمد احمد

لاہور (سی ایم لنکس) سینئر اداکار محمد احمد نے انکشاف کیا ہے کہ فلم کی شوٹنگ کے مصروف شیڈول کے باعث وہ اپنے بھائی کے جنازے میں شرکت نہیں کرسکے تھے۔ محمد احمد نے حال ہی میں نجی ٹی وی کے مارننگ شو میں شرکت کی، جہاں انہوں نے اپنے ذاتی اور پیشہ ورانہ تجربات پر کھل کر گفتگو کی۔ انہوں نے بتایا کہ فلم 'کیک' کی عکسبندی کے دوران وہ ایک مزاحیہ سین شوٹ کررہے تھے جس میں آمنہ شیخ اور صنم سعید بھی شامل تھیں، اسی وقت ان کے موبائل پر وائبریشن ہوئی اور پیغام موصول ہوا کہ بھائی جان کا انتقال ہوگیا ہے، یہ خبر پڑھ کر وہ بالکل سن ہوکر رہ گئے، ادھر ہدایتکار ایکشن کہہ رہے

بقیہ 01

احکام بھی موجود تھے۔ پی ایم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے نئے قائم کردہ ٹی وی چینل کے مختلف سیکشنز کا دورہ کیا اور وہاں کام کرنے والے نوجوانوں سے بات چیت کی۔ وزیراعظم نے ان کے جذبے کو سراہتے ہوئے کہا کہ بیرونی بیانیے کی جنگ میں ان کا کردار انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل چینل کے آغاز کا بنیادی مقصد مسلسل حقیقی خبریں فراہم کرتے ہوئے پاکستان کے بارے میں ہونے والی غلط بیانی اور پروپیگنڈے کا موثر جواب دینا ہے۔ وزیراعظم نے پاکستان ٹی وی ڈیجیٹل کی نشریات کے لیے اپنا پہلا انٹرویو بھی ریکارڈ کرایا

بقیہ 02

انصاف کے مرکزی صدر و سابق ڈپٹی وزیراعظم، سابق وزیراعلی پنجاب چودھری پرویز الٰہی سے میاں علی کامران اور دیگر نے ملاقات کی جس میں ملکی صورتحال اور پارٹی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر چودھری پرویز الٰہی نے کہا کہ ہم مشکل وقت میں اپنے کارکنوں کو کبھی مایوس نہیں کریں گے۔ وہ کارکن جو آزمائش کی گھڑی میں عمران خان کے شانہ بشانہ ڈٹے رہے، دراصل ملک و قوم کا قیمتی سرمایہ ہیں اور ہمیں ان پر فخر ہے۔ انہوں نے کارکنوں کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ وہ خدمت خلق کے جذبے کو جاری رکھتے ہوئے سیلاب زدگان کی امداد اور بحالی کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ چودھری پرویز الٰہی نے کہا کہ تحریک انصاف کی اصل طاقت اس کے مخلص کارکن ہیں جو ہر کڑے وقت میں اپنے قائد کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی مانند کھڑے رہے۔ میاں علی کامران نے بھی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ کارکنوں کی صفوں میں اتحاد اور خدمت کا جذبہ قائم رکھا جائے گا۔

بقیہ 03

کورٹ کے جسٹس محسن اختر کیانی نے ادارہ شماریات میں تقرریوں سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران دلچسپ ریمارکس دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہماری ہائیکورٹ کے رولز ایک رات میں بن گئے اور دستخط بھی ہوگئے، آپ سے 5 ماہ میں تقرری کے رولز نہیں بن رہے؟ نجی ٹی وی کے مطابق ادارہ شماریات میں تقرریوں کے حوالے سے زیر سماعت کیس کے دوران اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس محسن اختر کیانی نے وکیل سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ 5 ماہ ہوگئے، آپ لوگوں سے تقرری کے رولز نہیں بنے فاضل جج نے کہا کہ ہماری ہائی کورٹ کے رولز ایک رات میں بن گئے اور دستخط بھی ہوگئے، عدالتی عملہ آپ کو دے دیتے ہیں

بقیہ 04

قومی صحت سید مصطفیٰ کمال نے عالمی شراکت داری اور ورک فورس ڈویلپمنٹ کو فروغ دینے کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت صحت کے نظام کو مضبوط بنانے کے لئے پرعزم ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو ہیلتھ سروسز اکیڈمی اسلام آباد کے دورے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ہیلتھ سروسز اکیڈمی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شہزاد علی خان نے وزیر صحت کو اکیڈمی کی کامیابیوں، اقدامات اور آئندہ حکمت عملیوں پر بریفنگ دی۔ انہوں نے عوامی صحت کی تعلیم میں جدت اور تحقیقاتی تعاون بڑھانے پر زور دیا۔ اس دوران شواہد پر مبنی پالیسی سازی اور افرادی قوت کی تیاری پر بھی گفتگو کی گئی۔ وفاقی وزیر نے ہیلتھ سروس اکیڈمی کی پیشرفت کو سراہا۔ ایچ ایس اے نے وزیر صحت کے دورے اور تعاون پر شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 05

کی بہن علیمہ خان کا کہنا ہے کہ مجھ پر انڈوں سے حملہ کرنے کا واقعہ اسکرپٹڈ تھا، جن 2 خواتین نے مجھ پر انڈا پھینکا ان کو پولیس نے بچایا۔ جوڈیشل کمپلیکس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پولیس نے کہا کہ دونوں خواتین کو حراست میں لیا گیا ہے بعد میں دونوں کو چھوڑ دیا گیا۔ علیمہ خان کا کہنا تھا کہ دو سال سے ہم جیل آتے ہیں کبھی کوئی بدتمیزی کا واقعہ پیش نہیں آیا، دو چار لوگوں کو باقاعدہ طور پر اب ماحول خراب کرنے کے لیے بھیجا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں پولیس نے بتایا 4 بندے بدتمیزی کرنے کے لیے آپ کے پیچھے ہیں، کسی کی بھی ماں بیٹی پر اس طرح حملہ ہوگا کوئی برداشت نہیں کرے گا، ہمارا معاشرہ اور دین خواتین سے اس طرح کی بدتمیزی کی اجازت نہیں دیتا۔ ان کا کہنا تھا کہ کل بھی ہمارے ساتھ جیل کے باہر اسی خاتون نے بدتمیزی کی کوشش کی جس نے انڈا پھینکا، جیل کے باہر کل ہمارے اوپر کسی نے پتھر بھی مارے، پہلے انڈا پھینکا، پھر بدتمیزی کی، کل پتھر مارے اب چھرا بھی مار سکتے ہیں۔ علیمہ خان نے کہا کہ ہمارا کام بانی پی ٹی آئی کا پیغام پہنچانا ہے وہ ہم پہنچائیں گے، ہم پر حملہ ہوا ہماری ایف آئی آر پولیس درج نہیں کر رہی۔ ہمارے وکلاء جی ایچ کیو حملہ کیس کا ٹرائل اے ٹی سی منتقل کرنے کے نوٹیفکیشن کو چیلنج کریں گے۔ قانون اور انصاف تو یہاں ہے نہیں، یہ بانی پی ٹی آئی کی آواز بند کرنا چاہتے ہیں۔

بقیہ 06

خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے 40 کلوگرام کچا چرس اور 600 کلو خام مال برآمد کر لیا جبکہ ایک ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ ڈی پی او عبداللہ عمران چیمہ نے ڈی ایس پی طاہر محمود کیانی اور ایس ایچ او ولی کاکڑ کے ہمراہ سٹی تھانے میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ کارروائی 10 ستمبر کی رات 12 بجے خفیہ اطلاع پر گنج کے علاقے میں واقع ایک گودام پر کی گئی۔ چھاپے کے دوران ملزم ارباب خان کو گرفتار کیا گیا، جس کے قبضے سے بھاری مقدار میں منشیات برآمد ہوئیں۔ ڈی پی او کے مطابق ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے اور اس نیٹ ورک کے دیگر عناصر کی تلاش بھی جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ چمن پولیس منشیات فروشوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل کر رہی ہے اور آئندہ بھی ایسی کارروائیاں بلا امتیاز جاری رہیں گی۔

بقیہ 07

سدرن گیس کمپنی کو اوور بلنگ سے روک دیا اور ہدایت کی ہے کہ اوور بلنگ کے تمام کیسز کی جانچ پڑتال کر کے رپورٹ پیش کی جائے۔ عدالت نے واضح کیا کہ اگر کمپنی نے دوبارہ اوور بلنگ کی تو ذمہ داران کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ چیف جسٹس جناب روزی خان بریچ اور جسٹس جناب سردار احمد حلیمی پر مشتمل ڈویژن بینچ نے یہ احکامات سماعت کے دوران دیے، جس میں درخواست گزار سید نذیر آغا ایڈووکیٹ نے سوئی سدرن گیس کمپنی کے جانب سے جاری کیے گئے

بقیہ 08

فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر 14 اور 15 ستمبر کی رات آپریشن کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو موثر طریقے سے نشانہ بنایا، شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد 5 بھارتی حمایت یافتہ دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔

بقیہ 09

بنایا۔ بھارتی سپانسرڈ دہشتگردوں کو عبرتناک انجام تک پہنچانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ قوم سکیورٹی فورسز کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے مکمل خاتمے تک آپریشنز جاری رہیں گے۔

بقیہ 10

کے نظام کو شفاف اور آسان بنایا جائے گا اس مقصد

بقیہ (گزشتہ سے پیوستہ)

کے لیے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے محصولات کے پورے ڈھانچے کو مزید موثر، قابل اعتماد اور عوام دوست بنایا جا رہا ہے

بقیہ 11

باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیخ رشید نے اپنے بھتیجے کے بارے میں کہا کہ میں قسم کھاتا ہوں کہ راشد شفیق نے فیصل آباد نہیں دیکھا، ان کے والد کی طبیعت ناساز ہے۔ انہوں نے کہا کہ ارباب اختیار سے درخواست ہے عام آدمی کو معافی دیں۔

بقیہ 12

ڑی، غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے 28 ملزمان اور منشیات کے 35 ملزمان کو گرفتار کیا۔ پولیس نے بھاری مقدار میں منشیات برآمد کی۔ منشیات کے کیسز کے تحت 35 مقدمات درج کیے گئے اور گرفتار ملزمان سے درج ذیل مقدار میں منشیات برآمد کی گئی: چرس 48.200 کلو، ہیروئن 0.150 کلو، آئس 0.568 کلو اور شراب کی 4 بوتلیں۔ اسلحہ برآمدگی کے کیسز میں 28 مقدمات درج کیے گئے، 28 ملزمان گرفتار ہوئے جن کے قبضے سے 3 ایس ایم جی، 1 رائفل، 1 شاٹ گن، 23 پستول اور 112 کارتوس برآمد ہوئے۔ موٹر سائیکل چھیننے والے اور چوروں کے خلاف کارروائی میں 7 سنیچرز ملزمان گرفتار، 6 موٹر سائیکل اور 1 گاڑی برآمد ہوئی جبکہ چوری کے کیسز میں 21 ملزمان گرفتار، 18 موٹر سائیکل اور 2 گاڑیاں برآمد کی گئیں۔ کوئٹہ پولیس نے کہا کہ یہ کارروائیاں شہر کو منشیات، غیر قانونی اسلحہ اور جرائم سے پاک کرنے کی مسلسل کوششوں کا حصہ ہیں اور شہر میں امن قائم رکھنے کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ پولیس نے عزم ظاہر کیا کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 13

مجھوتہ نہیں کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعیت علما اسلام کوئٹہ کے سیکرٹری اطلاعات و امیر انجم المدارس یونٹ مولانا طاہر توحیدی کی قیادت میں ملاقات کرنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا

بقیہ 14

ہے۔ تنخواہیں نہ ملنے کے باعث ملازمین کے گھروں میں فاقوں کی نوبت آ گئی ہے

بقیہ 15

آصفہ بھٹو زرداری اور بلاول بھٹو زرداری بھی شریک تھے۔ صدر مملکت کا کہنا تھا کہ پاک چین دوستی نسل در نسل آگے بڑھے گی، مخالف اور دشمن عناصر پاک چین دوستی کو نقصان نہیں پہنچا سکتے۔

بقیہ 16

شامل ہیں۔ زخمیوں کو قریبی اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے، جہاں انہیں طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر تحقیقات شروع کر دی ہیں۔

بقیہ 17

آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اور گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج فار گرلز کے طلبا اور اساتذہ نے شرکت کی۔ اس موقع پر طلبا کا کہنا تھا کہ آپریشن بنیان المرصوص کی کامیابی پر طلبہ اور اہل کشمیر کی طرف سے مبارکباد پیش کرتے ہیں، ہم پاک فوج کے ساتھ کھڑے ہیں اور جانوں کا نذرانہ دینے سے گریز نہیں کریں گے۔ پاکستان اور کشمیر کو دنیا کی کوئی طاقت جدا نہیں کر سکتی۔ اساتذہ نے کہا کہ پاکستان خطے میں نیٹ ریجنل سٹیبلائزر کے طور پر ابھر کر سامنے آیا ہے۔

بقیہ 18

پہنچیں۔ راولپنڈی کی اڈیالہ جیل سے اپنی ہمشیرہ علیمہ خان کے ذریعے جاری کردہ پیغام میں انہوں نے کہا کہ میں یزیدیت کے آگے سر نہیں جھکاؤں گا، یہ جو مرضی کر لیں میں غلامی قبول نہیں کروں گا، میرے اور بشریٰ بی بی کے اوپر جیل میں جو مینٹل ٹارچر ہو رہا ہے وہ عاصم منیر آپ اس لیے کروا رہے

بقیہ 19

ورک سوئی سدرن اور سوئی ناردرن کو ارسال کر دیا ہے، جس میں ملکی گیس پر کنکشن لگانے کے لیے مستقل طور پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ سوئی سدرن اور ناردرن کو پہلے سے وصول شدہ 30 لاکھ درخواستوں کو منسوخ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے جب کہ درآمدی گیس پر گیس کنکشن کے لیے فریم ورک 9 شرائط پر مبنی ہے۔ سوئی سدرن اور ناردرن ایک سال میں 50 فیصد صارفین کو ارجنٹ فیس کے ساتھ گیس کنکشن فراہم کر سکے گی، ارجنٹ فیس ادا کرنے والے صارفین کو 3 ماہ میں درآمدی گیس پر نیا کنکشن فراہم کیا جائے گا۔ ایک سال منقطع رہنے والے گھریلو گیس کنکشن کے صارفین کو درآمدی گیس کا کنکشن ملے گا، درآمدی گیس کنکشن کا ٹیرف ملکی گیس کے مقابلے میں 70 فیصد زیادہ ہوگا۔

بقیہ 20

پر سعودی عرب پہنچ گئے ہیں۔ وزیراعظم کا طیارہ جونہی سعودی فضائی حدود میں داخل ہوا تو سعودی فضائیہ کے لڑاکا طیاروں نے وزیراعظم شہباز شریف کے جہاز کو حصار میں لے لیا اور کنگ خالد ایئرپورٹ تک ساتھ رہے۔ وزیراعظم نے جہاز کے ریڈیو سے استقبال کرنے والے سعودی فضائیہ کے پائلٹس کا عربی میں شکریہ ادا کیا

بقیہ 21

مطابق صوبے میں سال 2024-25 کے لیے گندم کی خریداری نہ ہونے کے باعث گندم کا اسٹاک مکمل طور پر ختم ہو چکا ہے، اور ستمبر 2025 تا مارچ 2026 کے لیے محکمے کے پاس گندم دستیاب نہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ حکومت نے اس بحران سے نمٹنے کے لیے ایک سمری تیار کی ہے جس میں وفاقی حکومت اور پنجاب حکومت سے 5 لاکھ بیگز گندم کی خریداری کی سفارش کی گئی ہے۔ بلوچستان کابینہ کی منظوری کے بعد گندم کی خریداری کے عمل کو فوری طور پر آگے بڑھانے کا فیصلہ کیا جائے گا۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ اگر بروقت اقدامات نہ کیے گئے تو عوامی سطح پر گندم کی قلت سے قیمتوں میں اضافہ اور بنیادی ضروریات کی کمی کا خطرہ ہے، جس کے اثرات پورے صوبے میں محسوس کیے جا سکتے ہیں۔

بقیہ 22

کے مطابق ملک بھر میں انٹرنیٹ کی رفتار سست ہونے سے صارفین کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ انٹرنیٹ کی رفتار سست ہونے کی وجہ سے ویڈیوز اور میسجز بھیجنے کی شکایات ہیں جبکہ دیر سے میسجز موصول ہو رہے ہیں

بقیہ 23

دوبارہ بحال کر دی گئی ہیں۔ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے، جس میں بتایا گیا کہ سابق چیئرمین سینیٹ اور ایم پی اے جاغی، حاجی صادق سنجرانی کی کاوشوں سے یہ سہولت فراہم کی گئی۔ دالبندین سے پروازوں کی بحالی نہ صرف چاغی بلکہ پورے رخشان ڈویژن کے عوام کے لیے سفر کو آسان بنا دیتی ہے۔ اس سے قبل پی آئی اے کے فوکر طیارے کوئٹہ سے دالبندین، اور دالبندین سے تربت اور کراچی کے لیے پرواز کرتے تھے، جس سے ایمرجنسی کی صورت میں سفری سہولیات فراہم کی جاتی تھیں۔ ایلان رخشان نے حاجی صادق سنجرانی اور حکومت پاکستان کا شکریہ ادا کیا اور اس اقدام کو علاقے کے لیے نہایت اہم قرار دیا۔

بقیہ 24

واٹر میر جان بلوچ اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ چیف انجینئر حاجی سید محمد نے وفد کو جی ڈی اے کے جاری ترقیاتی منصوبوں، خصوصا اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے پر پیش رفت سے آگاہ کیا

بقیہ 25

پر بھی درجنوں دہشت گردوں نے بھاری ہتھیاروں سے حملہ کیا جہاں فائرنگ کا سلسلہ ایک گھنٹے تک جاری رہا۔ حکام کا کہنا ہے کہ پولیس نے 3 دہشت گردوں کو ہلاک جبکہ 4 کو زخمی کر دیا، دہشت گرد اپنے ساتھی ہلاک اور زخمیوں کو لے کر فرار ہوگئے جبکہ حملے میں 3 پولیس اہلکار معمولی زخمی ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ کرک کے گرگری تھانے پر بھی دہشت گردوں نے حملہ کیا تاہم اس دوران پولیس اور دہشت گردوں میں فائرنگ کا تبادلہ ہوا، ڈی پی او کرک کے مطابق دہشت گردوں کو تھانے کے قریب نہیں آنے دیا گیا۔ دوسری جانب رات گئے بلوچستان کے ضلع شیرانی میں دہشت گردوں نے پولیس لائنز اور ملحقہ لیویز تھانے پر حملہ کر دیا جس میں لیویز کے 3 اہلکار اور کانسٹیبلری کا ایک جوان شہید ہوگیا جبکہ حملوں کے دوران 6 اہلکار شدید زخمی ہوئے۔ ڈپٹی کمشنر کے مطابق حملوں کے باعث تھانوں میں کمیونیکیشن سسٹم مکمل طور پر تباہ ہوگیا جبکہ لیویز کی ایک گاڑی کو بھی شدید نقصان پہنچا، واقعہ کی اطلاع ملتے ہی اضافی فورس کو ژوب سے طلب کر لیا گیا، امدادی ٹیموں نے زخمیوں کو ژوب کے سول ہسپتال میں منتقل کر دیا۔ سکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لیکر دہشت گردوں کے خلاف آپریشن شروع کر دیا ہے۔

بقیہ 26

کرتے ہوئے کہا کہ شہداء نے وطن کے دفاع میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے دشمنوں کے عزائم کو خاک میں ملا دیا ہے، پاک فوج کے شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، مسلح افواج کے افسروں اور جوانوں نے اپنی قربانیوں سے ایک نئی تاریخ رقم کی ہے پوری قوم شہداء، ان کے اہلخانہ اور عزیز و اقارب کی قربانیوں کی مقروض ہے، اپنے بیان میں کہا کہ پاک فوج کے جوانوں کی بہادری اور قربانیوں کی بدولت بہت جلد بلوچستان میں امن کا بول بالا ہوگا کیونکہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں قوم اور فورسز یکجا ہیں۔ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کیپٹن وقار احمد کاکڑ اور دیگر شہداء کی درجات کی بلندی کی دعا کرتے ہوئے سوگوار خاندانوں سے اظہار تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔ دریں اثناء صوبائی وزیر صحت نے ژوب شیرانی میں دہشت گردوں کی جانب سے لیویز چوکی پر حملہ قابل مذمت جس کی مذمت کرتے ہیں اور متاثرہ خاندان کی ساتھ غم میں برابر شریک ہیں۔

بقیہ 27

سے وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال جبکہ فلسطین کی جانب فلسطین کے سفیر نے معاہدے پر دستخط کیے

بقیہ 28

وظیفہ جاری جاری کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ مذکورہ فارم اسٹاف ویلفیئر آرگنائزیشن ریجنل آفس سی جی ایس کالونی سٹیلائٹ ٹاؤن کوئٹہ سے دفتری اوقات میں حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ وفاقی ملازمین گریڈ 1 تا 22 کے بچے جو سرکاری اسکول، کالج، یونیورسٹی میں زیر تعلیم ہوں حقدار ہونگے۔ ریٹائرڈ اور مرحوم ملازمین کے بچے بھی اہل ہونگے۔ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ 31 اکتوبر 2025ء ہے۔ وفاقی ملازمین کے بیس سال سے کم عمر بچے جنہوں نے تعلیمی سال 25-2024ء کے دوران قرآن مجید حفظ کیا ہو اور بورڈ / یونیورسٹی / ایسوسی ایٹ ڈگری کے امتحانات میں 80 فیصد یا اس سے زائد نمبر حاصل کئے ہوں انہیں بھی کیش ایوارڈ دیا جائے گا۔ مزید معلومات کے لئے محمد ایاز اسٹاف ویلفیئر آفیسر فون نمبر 081-9211166 سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ 29

متاثرین کے لئے پیکج لایا جا رہا ہے۔ سیلاب متاثرین کو بجلی کے بلوں میں ریلیف دینے پر کام کر رہے ہیں، ایک دو روز میں سیلاب متاثرین سے متعلق ریلیف سامنے آ جائے گا۔ سیکرٹری کا کہنا تھا کہ سیلاب متاثرہ علاقوں میں ریلیف کے لئے آئی ایم ایف کے ساتھ رابطے میں ہیں، وزارت خزانہ کے ساتھ بھی ریلیف پیکج کے لئے بات چیت کر رہے ہیں۔ سیکریٹری پاور ڈویژن نے بریفنگ میں بتایا کہ گزشتہ سال 640 ارب ہدف کے برعکس 397 ارب روپے کا نقصان ہوا ہے، رواں مالی سال کے لیے بجلی نقصانات کا ہدف 540 ارب روپے مقرر کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حیسکو اور سیپکو کے بورڈز کی تنظیم نو آئندہ چند روز میں کر دی جائے گی، بورڈز میں اکثریت پرائیویٹ سیکٹر کے ممبران کی ہوگی، کوشش کی گئی ہے کہ بورڈز میں نجی شعبے سے ماہرین کی خدمات لی جائیں۔

بقیہ 30

پی کے اور پنجاب میں بے پناہ تباہی مچائی ہے، جس سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی کے منفی اثرات ہمارے لیے ایک بڑے چیلنج کی صورت اختیار کر چکے ہیں اور اب وقت آ گیا ہے کہ ہم اجتماعی سطح پر اس مسئلے کا مقابلہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بھی درجنوں دیہات متاثر ہوئے، زراعت کو نقصان پہنچا اور کئی خاندان بے گھر ہوئے ہیں۔ حکومت بلوچستان متاثرہ عوام کی بحالی کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے جبکہ وفاقی حکومت اور بین الاقوامی اداروں سے بھی تعاون حاصل کیا جا رہا ہے۔ نسیم الرحمان خان ملاخیل نے مزید کہا کہ موسمیاتی تبدیلی صرف ایک ماحولیاتی مسئلہ نہیں بلکہ یہ انسانی جانوں، معیشت اور مستقبل کے لیے بڑا خطرہ ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ شجرکاری، پانی کے وسائل کا موثر استعمال اور ماحول دوست پالیسیوں کے ذریعے ہی ہم آنے والی نسلوں کو محفوظ مستقبل فراہم کر سکتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ عوام بھی حکومت کے شانہ بشانہ کھڑے ہوں اور اپنے حصے کا کردار ادا کریں تاکہ بلوچستان سمیت پورا پاکستان موسمیاتی خطرات سے محفوظ ہو سکے۔

بقیہ 31

ملک درست ٹریک پر ہے، 74 فیصد کے خیال میں پاکستان کے حالات درست سمت میں نہیں۔ سروے رپورٹ کے مطابق 64 فیصد شہریوں نے مہنگائی کو سب سے زیادہ پریشان کن مسئلہ قرار دیا، بیروزگاری سے تنگ افراد کی شرح میں 7 فیصد اضافہ ہوا، غربت سے تنگ افراد کی شرح چھ فیصد بڑھ کر 33 فیصد رہی۔ بجلی کی قیمتوں میں اضافے سے تنگ افراد کی شرح میں 6 فیصد کمی آئی، اضافی ٹیکسز سے پریشان افراد کی شرح 8 فیصد کمی سے 7 فیصد رہی، 16 فیصد کے خیال میں معیشت مضبوط جبکہ 61 فیصد نے معیشت کو کمزور قرار دیا۔ بارہ فیصد پاکستانی عام گھریلو یا ذاتی استعمال کی خریداری کو آسان سمجھتے ہیں، جبکہ 88 فیصد شہریوں نے عام گھریلو اشیا کی خریداری کو مشکل قرار دیا، ہر 10 میں سے دو پاکستانی ملازمت یا کاروبار محفوظ رہنے کے بارے میں پرامید ہیں، جاب سیکیورٹی کا احساس 30 فیصد سے کم ہو کر 19 فیصد پر آ گیا۔

بقیہ 32

ں میں کمیونیکیشن سسٹم مکمل طور پر تباہ ہوگیا جبکہ لیویز کی ایک گاڑی کو بھی شدید نقصان پہنچا، واقعہ کی اطلاع ملتے ہی اضافی فورس کو ژوب سے طلب کر لیا گیا

بقیہ 33

کی عوامی مجلس کے سپیکر عبدالرحیم عبداللہ پارلیمانی وفد کے ہمراہ سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات کی

بقیہ 34

کیو حملہ کیس کے جیل ٹرائل کا نوٹیفکیشن واپس لے کر نیا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ جیل ٹرائل کے نوٹیفکیشن کی واپسی کے بعد جی ایچ کیو حملہ کیس کا ٹرائل اب اڈیالہ جیل کے بجائے انسداد دہشتگردی عدالت راولپنڈی میں ہوگا۔ ذرائع نے بتایا کہ جی ایچ کیو حملہ کیس اور دیگر مقدمات کے باقی ملزمان اے ٹی سی راولپنڈی پیش ہونگے جب کہ عمران خان کو ضرورت کے مطابق ویڈیو لنک پر پیش کیا جائے گا۔

بقیہ 35

کیلئے امداد کی اپیل کر دی۔ قائم مقام صدر یوسف رضا گیلانی نے سیلاب متاثرین کیلئے بروقت امداد پر زور دیا۔ دریں اثنا قائم مقام صدر مملکت سے ایوان صدر میں سینیٹر رانا ثنااللہ خان نے بطور سینیٹر پہلی رسمی ملاقات کی۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان ملکی سیاسی اور امن وامان کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ صدر مملکت سے پیپلز پارٹی کے سینٹرل سیکرٹری جنرل ہمایوں خان نے بھی ملاقات کی جس میں انہوں نے پارٹی کی صورتحال پر بریفنگ دی۔

بقیہ 36

خرچ ہوئی تھی، اصل حقداروں تک نہیں پہنچی بلکہ افسران کی ذاتی جیبوں میں منتقل ہوگئی۔ ریکارڈ میں لاکھوں روپے کے اخراجات دکھائے گئے ہیں، مگر زمینی حقائق اس کے برعکس ہیں۔ سیلاب سے متاثرہ زمینیں آج بھی ویران ہیں، نہ بندھات تعمیر ہوئے اور نہ کھیتوں کی ہمواری کا کام مکمل ہوا۔ زمینداروں نے کہا کہ فنڈز کی خورد برد نے انہیں شدید مشکلات میں مبتلا کر دیا ہے۔ زمینداروں نے اس مبینہ بدعنوانی کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ حکومت فوری شفاف انکوائری کرائے اور ذمہ دار افسران کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے تاکہ آئندہ زمینداروں کے ساتھ ناانصافی نہ ہو۔ سیاسی اور سماجی حلقوں نے بھی اس بدعنوانی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی زراعت پہلے ہی مشکلات کا شکار ہے اور فنڈز کے ضائع ہونے سے زمینداروں کی مشکلات مزید بڑھ جائیں گی۔

بقیہ 37

گزشتہ روز تہران میں ہونے والی ملاقات میں پاک ایران معاشی وتجارتی تعلقات کے فروغ کے مختلف پہلوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے تجارت میں موجود رکاوٹوں کے خاتمے، برآمدات و درآمدات کے امکانات میں اضافہ، کمپلائنس، ثقافتی تبادلے اور دیگر شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔ اس موقع پر دونوں ممالک کے اعلیٰ سطحی وفود بھی موجود تھے جنہوں نے مختلف شعبوں میں دو طرفہ تعاون بڑھانے پر مشاورت کی۔ یہ ملاقات اسلام آباد اور تہران کی جانب سے معاشی اور تجارتی تعلقات کو مزید گہرا کرنے کی جاری کوششوں کا مظہر قرار دی جا رہی ہے۔

بقیہ 38

تک پہنچ سکتی ہے یہ بات بروکریج ہاس ٹاپ لائن سیکیورٹیز نے اپنی رپورٹ میں بتائی ہے رپورٹ کے مطابق پاکستان کا کنزیومر پرائس انڈیکس (سی پی آئی) ستمبر 2025 میں 6.5 سے 7 فیصد سالانہ رہنے کی توقع ہے، جو اگست 2025 میں 3 فیصد اور ستمبر 2024 میں 6.93 فیصد تھا ماہانہ بنیاد پر ستمبر کے لیے مہنگائی کا تخمینہ 3.1 فیصد ہے، جو گزشتہ 26 ماہ میں سب سے زیادہ اضافہ ہوگا رپورٹ میں کہا گیا کہ سالانہ افراط زر کی شرح 11 ماہ کی بلند ترین سطح پر ہوگی جبکہ خوراک کی قیمتوں میں متوقع 8.75 فیصد اضافہ اب تک کا سب سے زیادہ ماہانہ اضافہ ہو سکتا ہے

بقیہ 39

ہوگا۔ پشاور ہائیکورٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ آج عمر ایوب، شبلی فراز اور عبدالطیف کی نا اہلی سے متعلق درخواستوں کی سماعت تھی، ان مقدمات میں الیکشن کمیشن نے غیر قانونی طور پر نا اہل کیا ہے

بقیہ 40

مطالبہ کیا ہے۔ برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے سربراہ فولکر ترک نے نو ستمبر کو قطر پر اسرائیلی حملے کو بین الاقوامی قانون کی سنگین خلاف ورزی اور علاقائی امن پر حملہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ غیر قانونی ہلاکتوں پر احتساب ضروری ہے۔ قطر اور کئی ممالک نے ان کے موقف کی حمایت کی۔ قطری وزیر مریم المسند نے حملے کو غدارانہ قرار دے کر عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ عملی اقدامات کیے جائیں تاکہ اسرائیل کو سزا دی جا سکے

بقیہ 41

کی فراہمی معطل رہے گی۔ 18 ستمبر (بروز جمعرات) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11Kv بروری روڈ، عالم خان، نواں کلی، اولڈ منگلی، ملک پلانٹ، شہباز ٹاؤن، انٹرنیکلر اور جناح ٹاؤن فیڈرز سے بجلی صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بند رہے گی۔

بقیہ 42

رکھے ہیں نجی ٹی وی کے مطابق وزیراعلی کے پی علی امین گنڈاپور کے خلاف شراب واسلحہ برآمدگی کیس کی سماعت جوڈیشل مجسٹریٹ مبشر حسن چشتی نے کی عدالت نے وکلا کی ہڑتال کے باعث سماعت بغیر کسی کارروائی کے ملتوی کرتے ہوئے علی امین گنڈاپور کے وارنٹ گرفتاری برقرار رکھے کیس کی آئندہ سماعت 23 ستمبر کو ہوگی، علی امین گنڈاپور کے خلاف تھانہ بارہ کہو میں مقدمہ درج ہے یاد رہے کہ 10 ستمبر کو اسلام آباد کی سیشن عدالت نے شراب واسلحہ برآمدگی کیس میں وزیراعلی خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے تھے، عدالت نے وکیل کی وارنٹ گرفتاری معطل کرنے کی استدعا مسترد کر دی تھی۔ جوڈیشل مجسٹریٹ مبشر حسن چشتی نے علی امین گنڈاپور کے وارنٹ گرفتاری جاری کیے تھے، علی امین گنڈاپور کی جانب سے عدالت میں کوئی بھی پیش نہیں ہوا تھا عدالت نے علی امین گنڈاپور کو گرفتار کر کے 17 ستمبر کو عدالت میں پیش کرنے کی ہدایت کی تھی، علی امین گنڈاپور کے خلاف تھانہ بہارہ کہو میں مقدمہ درج ہے۔

بقیہ 43

ٹی آئی کے سپاہی ہیں تو ہمیں چالیس سال کی قیدیں سنائی گئیں، فیصل آباد اور سرگودھا کی عدالتیں الگ الگ فیصلے سنا رہی ہیں۔ عمر ایوب نے کہا کہ سابق آڈیٹر جنرل نے رپورٹ لکھی جس پر صدر زرداری نے دستخط کیے، رپورٹ میں 366 ارب روپے کی بدعنوانی لکھی گئی تھی، نئے آڈیٹر جنرل نے کہا کہ نہیں 10 کھرب روپے کی بدعنوانی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ بدعنوانیاں ایک سال میں ہوئی ہیں، آڈیٹر جنرل کا سافٹ ویئر اپ ڈیٹ ہوا تو انہوں نے کہا کہ یہ ٹائپنگ غلطی ہے، اس سے اور بڑی ڈکیتی کیا ہو سکتی ہے؟ عمر ایوب نے کہا کہ روٹی جو مہنگی ہوئی وہ صرف سیلاب کی وجہ سے نہیں بلکہ غلط پالیسیوں کی وجہ سے ہوئی، پنجاب نے کہا کہ کے پی کی طرف ایک کلو آٹا بھی نہیں جائے گا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ سیلاب زدہ علاقوں میں کوئی امداد کرنے جائے تو اس پر ایف آئی آر ہو جاتی ہے، کہتے ہیں کہ امدادی تھیلے پر مریم نواز یا شہباز شریف کی تصویر کیوں نہیں لگائی۔

بقیہ 44

زیادہ تر پوری کر دی گئیں اور بعض پر کام جاری ہے، پوری نہ ہونے والی شرائط کے سلسلے میں آئی ایم ایف سے پیشگی اجازت لی گئی ہے

بقیہ 45

یہاں اسٹی ٹیوٹ آف آرٹس اینڈ ڈیزائن میں منعقدہ بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نبی کریم کی امت میں پیدا ہونے پر ہمیں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہئے، یہ اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا انعام ہے، دنیا کو اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچانے کی ذمہ داری نبی کریم کی امت پر ہے تاکہ کوئی گمراہی کے راستے پر بھٹک کر ہدایت سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت مسلمانوں کی آبادی دو ارب سے بڑھ چکی ہے

بقیہ 46

خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے 40 کلوگرام کچا چرس اور 600 کلو خام مال برآمد کر لیا جبکہ ایک ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ ڈی پی او عبداللہ عمران چیمہ نے ڈی ایس پی طاہر محمود کیانی اور ایس ایچ او ولی کاکڑ کے ہمراہ سٹی تھانے میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ کارروائی 10 ستمبر کی رات 12 بجے خفیہ اطلاع پر گنج کے علاقے میں واقع ایک گودام پر کی گئی۔ چھاپے کے دوران ملزم ارباب خان کو گرفتار کیا گیا، جس کے قبضے سے بھاری مقدار میں منشیات برآمد ہوئیں۔ ڈی پی او کے مطابق ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے اور اس نیٹ ورک کے دیگر عناصر کی تلاش بھی جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ چمن پولیس منشیات فروشوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل کر رہی ہے اور آئندہ بھی ایسی کارروائیاں بلا امتیاز جاری رہیں گی۔

بقیہ 47

وزیر غلام سرور ندیم اور سیکرٹری لعل جان جعفر کے درمیان تلخ کلامی شدت اختیار کر گئی تھی، جس پر سیکرٹری نے سابق وزیر کے خلاف متعلقہ تھانے میں ایف آئی آر درج کرائی اور پولیس نے انہیں گرفتار کر لیا تھا۔ بعد ازاں سابق وزیر ضمانت پر رہا ہو گئے۔ جمعیت علما اسلام کے وفد میں سابق وزیر حاجی محمد نواز خان کاکڑ، مولانا محب اللہ، سینئر صحافی ظاہر خان ناصر اور سابق وزیر مولانا امیر زمان کے بیٹے عطا اللہ شامل تھے۔ وفد نے سیکرٹری لعل جان جعفر سے ملاقات کر کے معاملے کو رفع دفع کرنے پر اتفاق کیا۔ آج رات صوبائی امیر مولانا عبدالواسع کی قیادت میں جرگہ سیکرٹری کے گھر پہنچا اور معاملہ خوش اسلوبی سے ختم ہوا۔ اس موقع پر قبائلی عمائدین، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، سابق ڈپٹی اسپیکر سردار بابر خان موسیٰ خیل، اور جمعیت علما اسلام کے مرکزی و صوبائی عہدیدار بھی موجود تھے، جنہوں نے صلح ومصالحت میں اپنا کردار ادا کیا۔

بقیہ 48

مطابق، انہوں نے کئی بار متعلقہ محکمے کو دستاویزات جمع کرائے لیکن تاخیر اور عدم توجہی کے باعث انہیں میرج گرانٹ سے محروم رکھا گیا۔ مسئلہ حل نہ ہونے پر انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ سے رجوع کیا اور تحریری درخواست دائر کی۔ وفاقی محتسب نے درخواست موصول ہوتے ہی انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت کی۔ سماعت کے دوران محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا، جس پر وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ عبدالغفار کو فوری طور پر میرج گرانٹ فراہم کی جائے۔ احکامات پر عمل درآمد کرتے ہوئے محکمے نے عبدالغفار کو 50 ہزار روپے کا چیک فراہم کر دیا۔ درخواست گزار نے اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 49

بھرتی کا عمل طور پر تعطل کا شکار ہے، جس سے ہزاروں امیدوار شدید غیر یقینی صورتحال اور ذہنی دباؤ کا شکار ہوگئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق مختلف محکموں میں خالی آسامیوں کے سلسلے میں تحریری امتحانات، انٹرویوز اور ریکروٹمنٹ کے دیگر مراحل تاخیر کا شکار ہیں۔ سالوں کی محنت اور تیاری کے بعد امتحانات دینے والے نوجوان اب اپنے مستقبل کے حوالے سے مایوسی اور بے چینی میں مبتلا ہیں

بقیہ 50

گرد ایم 8- شاہراہ پر بڑی کارروائی کی تیاری میں مصروف تھے۔ سیکیورٹی فورسز کے دستے موقع پر پہنچے اور شدید فائرنگ کے تبادلے میں دو دہشت گرد جہنم واصل ہوئے، جن میں کالعدم تنظیم بی ایل ایف کا اہم کمانڈر عتیق میران بھی شامل تھا، جو جنوبی بلوچستان میں انتہائی سرگرم تھا۔ کارروائی کے دوران دہشت گردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ، بارود اور دھماکہ خیز مواد بھی برآمد ہوا۔ عتیق میران کنڈان، صیدان، دشت، کیچ اور شیر بندی کے علاقوں میں سکیورٹی فورسز کی پوسٹوں پر حملوں، کیپٹن وقار کاکڑ کی شہادت، اسسٹنٹ کمشنر تمپ کے اغوا، عام شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ، بھتہ خوری اور اغوا برائے تاوان جیسے سنگین جرائم میں ملوث رہا ہے۔ سیکیورٹی فورسز نے کہا ہے کہ دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی اور صوبے میں امن وامان قائم رکھنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 51

شہریوں کے لیے شدید پریشانی کا باعث بن گیا ہے۔ صرف دو ہفتوں کے قلیل عرصے میں گندم کی قیمت میں غیر معمولی اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، جہاں گندم فی من 2500 روپے سے بڑھ کر 4000 روپے تک جا پہنچی ہے۔ اس کے نتیجے میں آٹا عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہوتا جا رہا ہے

بقیہ 52

کے دوران انجینئر عبدالخالق عالیزئی، بابو محمد یوسف، بابو محمد یعقوب، منظور احمد، کونسلر افتخار، کونسلر محمد اصغر، اکبر جنگ، عبدالرشید نیچاری، ندیم دہوار سمیت دیگر افراد بھی موجود تھے

بقیہ 53

نے وکلا کو کہا ابھی کوئی آرڈر پاس نہیں کر رہے لیکن ساعت ختم ہونے کے بعد معلوم ہوا کہ جسٹس جہانگیری کو کام سے روک دیا گیا۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ 16 ستمبر دن ایک بجے کورٹ نمبر 1 کی آڈیو ویڈیو ریکارڈنگ دی جائے۔ بیرسٹر جہانگیر جدون کی جانب سے درخواست کے ساتھ یو ایس بی بھی جمع کروائی گئی۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز مبینہ جعلی ڈگری کیس میں اسلام آباد ہائی کورٹ نے جسٹس طارق محمود جہانگیری کو جوڈیشل ورک سے روک دیا تھا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے سپریم جوڈیشل کونسل کے فیصلے تک کام سے روکنے کا حکم دیا۔

بقیہ 54

تقریباً 10 منٹ تک جاری رہی۔ اسرائیلی فوج کا کہنا ہے کہ یہ کارروائی حوثیوں کی فوجی سرگرمیوں کے جواب میں کی گئی ہے اور اس میں حوثیوں کے 10 مقامات کو نشانہ بنایا گیا۔ صیہونی فوج نے الزام عائد کیا کہ الحدیدہ بندرگاہ سے حوثی ایران سے اسلحہ وصول کرتے ہیں۔ اسرائیلی فوج نے حملے سے قبل الحدیدہ بندرگاہ اور وہاں لنگر انداز جہازوں کو خالی کرنے کا انتباہ جاری کیا تھا۔ عینی شاہدین اور بندرگاہ کے ذرائع کے مطابق اسرائیلی حملوں کا ہدف 3 وہ ڈوکس تھے جو پچھلے حملوں کے بعد بحال کیے گئے تھے۔ دوسری جانب حوثیوں نے اسرائیلی فوج کی جارحیت کے جواب میں اسرائیل پر بیلسٹک میزائل داغ دیا جس کے بعد اسرائیل کے کچھ علاقوں میں سائرن بج اٹھے۔ حوثی ترجمان نے کہا کہ وہ اسرائیلی فوج کی وحشیانہ کارروائیوں کے خلاف اقدامات کرتے رہیں گے۔

بقیہ 55

6 افراد کے جاں بحق ہونے کی تصدیق ہوئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق دھماکے سے عمارت کو شدید نقصان ہوا اور عمارت مکمل تباہ ہوگئی۔ ایرانی حکام کی جانب سے واقعے سے متعلق مزید تفصیلات نہیں بتائی گئی ہیں تاہم اس حوالے سے تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔

بقیہ 56

مطالبہ کیا ہے۔ شہریوں کے مطابق کوئٹہ میں پینے کے صاف پانی کی قلت سنگین صورتحال اختیار کر چکی ہے۔ اکثر علاقے دنوں اور بعض جگہوں پر ہفتوں تک پانی سے محروم رہتے ہیں، جس کی وجہ سے لوگ ٹینکر مافیا کے رحم وکرم پر ہیں

بقیہ 57

گردی عدالت راولپنڈی میں ہوگا ذرائع نے بتایا کہ جی ایچ کیو حملہ کیس اور دیگر مقدمات کے باقی ملزمان اے ٹی سی راولپنڈی پیش ہونگے جب کہ عمران خان کو ضرورت کے مطابق ویڈیو لنک پر پیش کیا جائے گا۔

بقیہ 58

کے 75 لاکھ ڈالر مالیت کے تصدیق شدہ آرڈرز حاصل کر لیے ہیں۔ یہ پیشرفت پاک، چین اقتصادی راہداری کے تحت زرعی اور خوراک کی تجارت میں گہرے ہوتے تعلقات کی بھی عکاسی کرتی ہے۔ پاکستان کا گوشت سیکٹر ملکی معیشت کا ایک اہم اور تیزی سے ترقی کرتا ہوا حصہ ہے جو نہ صرف وسیع لائیو اسٹاک پوٹینشل پر انحصار کرتا ہے بلکہ بالخصوص خلیجی ممالک کی بڑھتی ہوئی برآمدات سے بھی تقویت حاصل کر رہا ہے۔ گزشتہ ماہ کمپنی نے اپنی بین الاقوامی منڈیوں میں موجودگی کو بڑھانے کے لیے تاجکستان کی نئی مارکیٹ میں داخل ہونے کا اعلان کیا تھا۔

بقیہ 59

کرپٹ ٹولے کس منہ سے دنیا کے سامنے باوقار بننے کا دعوی کرتے ہیں۔ ان کے بقول حکمرانوں کے قول وفعل میں کھلا تضاد ہے اور یہ عناصر اپنی کرپشن اور چوروں کے ٹولوں کے ساتھ 25 کروڑ عوام کا خون چوس رہے ہیں۔ رحیم کاکڑ نے کہا کہ یہ حکمران ٹرمپ کے دباؤ میں اپنے قریبی دوستوں کے ساتھ بھی فراڈ کرنے سے گریز نہیں کرتے، جبکہ 45 سال سے قائم تعلقات کے باوجود افغانستان کو ناراض کر چکے ہیں۔ آج چین اور روس افغانستان کے ساتھ کھڑے ہیں لیکن پاکستان داخلی اور خارجی سطح پر تنہا ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پورا ملک دہشتگردی، سیلاب، مہنگائی اور بے روزگاری کے سنگین مسائل میں گھرا ہے۔ ان حالات میں فوری طور پر عمران خان کو رہا کر کے اقتدار ان کے حوالے کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، کیونکہ ہر قسم کے حالات کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت صرف عمران خان میں موجود ہے۔

بقیہ 60

متی ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے دعوی کیا گیا ہے کہ جاپان فی الحال فلسطینی ریاست کو تسلیم نہیں کرے گا۔ رپورٹ کے مطابق جاپانی وزیراعظم یو این کے فلسطین سے متعلق اجلاس میں شریک نہیں ہوں گے، فلسطین کو تسلیم نہ کرنے کا جاپان کا موقف امریکا اور اسرائیل کے قریب ہے۔ واضح رہے کہ فرانس، برطانیہ، کینیڈا، لکسمبرگ، بیلجیم اور آسٹریلیا سمیت کئی ممالک نے کہا ہے کہ وہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

بقیہ 61

لہٰذا ہمارا اقدام مکمل طور پر درست تھا اسرائیل نے گزشتہ ہفتے متعدد جنگی جہازوں کے ساتھ قطری دارالحکومت دوحہ کے ہائی سیکیورٹی زون میں واقع رہائشی علاقے پر حملہ کیا جس میں چھ افراد ہلاک ہوئے تاہم اسرائیل حماس کی اعلیٰ قیادت کو نشانہ بنانے میں ناکام رہا جو مذاکراتی عمل کے لیے قطر میں موجود ہے

بقیہ 62

ہزار 645 پاکستانی گزشتہ تین سالوں کے دوران اپنے قریبی افراد کو چھوڑ کر بیرون ملک چلے گئے ہیں۔ بیرون ملک جانے والوں میں خواتین کی بڑی تعداد بھی شامل ہے۔ ڈاکٹر، انجینئر، ائی ٹی ایکسپرٹ، اساتذہ، بینکرز، اکاؤنٹنٹ، ڈیٹر، ڈیزائنر، آرکیٹیکٹ کے ساتھ ساتھ پلمبر، ڈرائیور، ویلڈر اور دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد ملک چھوڑ گئے ہیں

بقیہ 63

سوشل میڈیا کے ذریعے پولیس افسران اور بیوروکریٹس ذاتی تشہیر کرتے ہیں۔ درخواست میں عدالت سے استدعا کی گئی کہ پولیس اور بیوروکریٹس پر سوشل میڈیا کے استعمال پر پابندی کا حکم جاری کیا جائے۔

بقیہ 64

ملتے ہی ایم پی اے سی سردار کوہیار خان ڈومکی اور ڈپٹی کمشنر سبی کی خصوصی ہدایات پر ایکسیئن اریگیشن خادم حسین جانڈو کی سربراہی میں بھاری مشینری اور عملہ ہمہ وقت ایمرجنسی کی حالت میں موجود رہا۔ محکمہ اریگیشن نے بارشوں اور سیلابی پانی سے شہریوں، دیہی آبادی اور زمینداروں کی زرعی زمینوں کو بچانے کے لیے تمام بچاؤ بند اور آبی چینلز کی بروقت نگرانی اور مرمت کے اقدامات کیے۔

بقیہ 65

اور پہلے سے وصول شدہ 30 لاکھ درخواستوں کو منسوخ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے

بقیہ 66

گلیشیئرز موجود ہیں لیکن یہ تیزی سے ختم ہو رہے ہیں۔ چیئرمین این ڈی ایم اے نے مزید کہا ہے کہ ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے لیے فنڈ دینے والے ممالک خود موسمیاتی تبدیلی کے مسائل کا شکار ہیں، ہمارے پاس اپنی استعداد اور ڈیٹا این سے زیادہ بہتر ہے اور این ڈی ایم اے کی پیشگوئی 98 فیصد درست ثابت ہو رہی ہے۔ انہوں نے بتایا ہے کہ جموں و کشمیر اور پنجاب کے دریاؤں میں اس بار پانی زیادہ ہے جبکہ بھارتی ڈیمز کی جانب سے کوئی ڈیٹا شیئر نہیں کیا گیا۔ چیئرمین این ڈی ایم اے نے بتایا کہ قادر آباد، سدھنائی اور جھنگ میں بند توڑ کر پانی کے ریلوں کا زور کم کیا گیا جبکہ گڈو بیراج پر 5 لاکھ کا ریلا جمع ہونے کا امکان ہے۔

بقیہ 67

تعمیر، پینے کے صاف پانی کی فراہمی، تعلیمی اداروں کی اپ گریڈیشن اور صحت کی سہولیات کی بہتری شامل ہیں۔ عوام نے مجھ پر اعتماد کا اظہار کیا ہے، یہ میرا فرض ہے کہ ان کے مسائل کو ایوان میں پوری قوت سے پیش کروں شیخ زرک خان مندوخیل نے نوجوانوں کے کردار پر زور دیتے ہوئے کہا کہ نوجوان ملک کا قیمتی سرمایہ ہیں اور ان کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنا اولین ترجیح ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ کھیلوں اور تعلیمی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں گے تاکہ نئی نسل مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب ہو۔ علاقے کے معززین اور شہریوں نے شیخ زرک خان مندوخیل کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ اپنے وعدوں پر عملدرآمد کریں گے اور علاقے کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کریں گے۔

بقیہ 68

سینٹی گریڈ تربت: 42 ڈگری سینٹی گریڈ نوکنڈی: 40 ڈگری سینٹی گریڈ چمن: 35 ڈگری سینٹی گریڈ گوادر (ساحلی علاقہ) 34: ڈگری سینٹی گریڈ جیوانی: 32 ڈگری سینٹی گریڈ محکمہ موسمیات نے شہریوں اور زراعت سے وابستہ افراد کو شدید گرمی کے اثرات سے بچانے کے لیے ہدایات جاری کی ہیں اور کہا ہے کہ پانی کے زیادہ استعمال اور دھوپ میں احتیاط برتی جائے۔

بقیہ 69

دے چکا ہے۔ واضح رہے کہ ایران اور اسرائیل کے درمیان ہونے والی جنگ کے بعد دونوں ممالک میں کشیدگی تا حال جاری ہے۔

بقیہ 70

کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ روزانہ درجنوں گاڑیاں خراب سڑک کے باعث حادثات کے خطرے سے دوچار ہیں۔ مقامی افراد نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ بائی پاس کی فوری مرمت اور پائیدار بحالی کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے اور سڑک حادثات سے محفوظ رہے۔

بقیہ 71

اے کی ٹیموں نے طوغی روڈ، علمدار روڈ، ہزارہ ٹاؤن، اسپنی روڈ، کچلاک بازار اور بلیلی میں دودھ فروشوں، ملک شاپس اور دودھ بردار گاڑیوں کا معائنہ کیا۔ دوران جانچ 2 دکانوں کو ملاوٹ ثابت ہونے پر سیل کر دیا گیا

بقیہ 72

کیا، ہسپتال میں دو زخمی دوران علاج دم توڑ گئے، جاں بحق افراد میں ایک خاتون اور ایک مرد شامل ہے، زخمیوں کی حالت بھی تشویشناک بتائی گئی ہے۔ حادثے کی اطلاع پر پولیس کی بھاری نفری اور امدادی ٹیمیں بھی موقع پر پہنچ گئیں، ریسکیو حکام کے مطابق جیب بریک فیل ہونے کے باعث کھائی میں گری۔

بقیہ 73

جمع کرائے لیکن تاخیر اور عدم توجہی کے باعث انہیں میرج گرانٹ سے محروم رکھا گیا۔ مسئلہ حل نہ ہونے پر انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ سے رجوع کیا اور تحریری درخواست دائر کی۔ وفاقی محتسب نے درخواست موصول ہوتے ہی انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت کی۔ سماعت کے دوران محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا، جس پر وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ عبدالغفار کو فوری طور پر میرج گرانٹ فراہم کی جائے۔ احکامات پر عمل درآمد کرتے ہوئے محکمے نے عبدالغفار کو 50 ہزار روپے کا چیک فراہم کر دیا۔ درخواست گزار نے اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 74

گرفتار ملزمان کی شناخت علم خان ولد رسول بخش عرف رسولی اور عبدالرزاق ولد فقیر محمد اقوام جاموٹ ساکنان بابنڑی اوتھل کے نام سے ہوئی۔ واضح رہے کہ ملزمان نے بابنڑی صادق گوٹھ اوتھل کے مقام سے بکرا چوری کیا اور موٹر سائیکل پر فرار ہونے کی کوشش کر رہے تھے تاہم پولیس کی بروقت کارروائی نے انہیں گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 75

پی ژوب شوکت علی سمیت دیگر پولیس افسران اور اہلکاروں نے شرکت کی

بقیہ 76

حالات بدترین بحران کا شکار ہیں۔ مظاہرین نے واضح کیا کہ جب تک تمام واجب الادا تنخواہیں ادا نہیں کی جاتیں، صفائی سمیت بلدیاتی خدمات مکمل طور پر بند رہیں گی۔ احتجاج کے باعث شہر کی گلیوں اور بازاروں میں کچرے کے ڈھیر لگ گئے ہیں، بدبو اور آلودگی سے شہری اذیت میں مبتلا ہیں جبکہ وبائی امراض کے پھیلنے کا خدشہ بھی بڑھ گیا ہے

بقیہ 77

صورتحال مزید عوامی احتجاج اور اشتعال کو جنم دے سکتی ہے۔ انہوں نے حکومت سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ دور اندیشی اور فراخدلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بارڈرز کھولنے کے حوالے سے فوری اقدامات کرے۔ ذرائع نے بتایا کہ بلوچستان بارڈر ٹریڈ الائنس رواں ہفتے تک بارڈرز کھولنے کی امید رکھتی ہے اور تمام پہلوں کا جائزہ لینے کے بعد حتمی فیصلہ کرے گی۔ انہوں نے عوام کو بھی یقین دہانی کروائی کہ ذمہ داروں کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہیں اور قوی امکانات ہیں کہ اگلے ہفتے تک بارڈرز روزگار اور تجارت کے لیے کھول دیے جائیں گے۔ الائنس نے خبردار کیا کہ اگر حکومت اپنی یقین دہانی سے مکر گئی تو عوامی مفاد میں اگلا لائحہ عمل کے لیے انہیں مجبور ہونا پڑے گا۔

بقیہ 78

بلوچستان کے دیگر اضلاع میں 18 گھنٹے سے زائد کی لوڈشیڈنگ کی جا رہی ہے، حالانکہ حبکو اور یوچ پاور اسٹیشنز سے 2000 میگاواٹ سے زائد بجلی پیدا ہو رہی ہے جو کراچی اور دیگر صوبوں کو فراہم کی جا رہی ہے۔ درخواست گزار کے مطابق بلوچستان کے عوام باقاعدگی سے بجلی کے بل ادا کر رہے ہیں لیکن چند ڈیفالٹرز کی وجہ سے صوبے کے عوام کو بجلی جیسی بنیادی سہولت سے محروم کیا جا رہا ہے۔ عدالت نے قرار دیا کہ یہ اقدام آئین کے آرٹیکل 9 اور 25 کی صریح خلاف ورزی ہے۔ عدالت نے سخت ریمارکس دیتے ہوئے حکم دیا کہ آئندہ سماعت پر 24 ستمبر کو جامع رپورٹ جمع کرائی جائے، بصورت دیگر وزیراعلیٰ بلوچستان اور چیئرمین واپڈا کو بھی طلب کیا جائے گا۔

بقیہ 79

کے شعبے میں 100 ملین ڈالر سے زائد کی سرمایہ کاری میں اضافہ متوقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولینڈ نے پاکستان میں اقتصادی تعاون بڑھانے کے لئے نئے شعبوں میں شراکت داری کی خواہش ظاہر کی ہے۔ میسیج پیارسکی نے اعلان کیا کہ پولینڈ، پاکستان میں دوطرفہ تعلقات کو مستحکم کرنے کے لئے اعلیٰ سطح کے سیاسی وفد بھیجے گا۔ سیاسی وفد بھیجے جانے کا فیصلہ سیلاب متاثرین کے لیے امدادی سامان فراہم کرنے کی کارروائیوں کے تسلسل میں کیا گیا۔ ایس آئی ایف سی کے تعاون سے پاکستان اور پولینڈ کے تعلقات میں اقتصادی اور تجارتی تعاون میں مزید اضافہ متوقع ہے۔

بقیہ 80

کارروائی پر احتساب ہوگا۔ اعلامیے میں مزید کہا گیا کہ غزہ میں فوری جنگ بندی، انسانی امداد کی فراہمی اور بین الاقوامی قوانین کا احترام سب کا مشترکہ مقصد ہے۔ وزرائے خارجہ نے خبردار کیا کہ بین الاقوامی پانیوں میں جہازوں پر حملہ یا غیر قانونی حراست احتساب کے زمرے میں آئے گی۔

بقیہ 81

عالیانی، صوبائی وزیر نوابزادہ زرین مگسی اور ڈپٹی کمشنر لسبیلہ محترمہ حمیرا بلوچ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ مکینوں کا کہنا ہے کہ علاقے کے 150 گھروں کی آبادی گزشتہ تین ہفتوں سے بجلی سے محروم ہے، حالانکہ وہ 100 فیصد بجلی کے بل باقاعدگی سے ادا کرتے ہیں۔ علاقہ مکینوں نے خبردار کیا ہے کہ اگر آج شام تک بجلی بحال نہ ہوئی تو وہ مین آر سی ڈی روڈ کو بلاک کرنے پر مجبور ہوں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ ماضی میں بجلی کی غیر منصفانہ بندش پر کبھی احتجاج کا سوچا بھی نہیں، لیکن اب کے ای کی مسلسل زیادتیوں کے باعث انہیں یہ انتہائی قدم اٹھانا پڑ رہا ہے۔

بقیہ 82

موجود تھے۔ امریکی صدر برطانوی بادشاہ چارلس سوئم کی دعوت پر لندن پہنچے ہیں، برطانوی بادشاہ چارلس سوئم اور امریکی صدر کی ملاقات ہوگی۔ صدر ٹرمپ کے وفد میں شامل امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو بھی برطانیہ پہنچے گئے۔ برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ آج (جمعرات کو) ونڈسر کیسل جائیں گے، برطانوی شاہ چارلس، صدر ٹرمپ اور ان کی اہلیہ میلانیا ٹرمپ کے اعزاز میں ونڈسر کاسل میں دو روزہ تقریبات کا اہتمام کریں گے۔ برطانوی وزیراعظم کیئر اسٹارمر کو امید ہے کہ یہ پروقار استقبالیہ دورے کے دوران ممکنہ مشکلات سے انہیں بچانے میں مددگار ثابت ہوگا

بقیہ 83

کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈائریکٹر ایجوکیشن بلال احمد بزنجو اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالستار لانگو نے کہا کہ امتحانی مراکز میں سہولیات کی فراہمی اور نقل کی روک تھام کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے گئے ہیں

بقیہ 84

، جس کے نتیجے میں قربان علی ولد سلام گل شدید جھلس گئے۔ زخمی کو فوری طور پر ٹراما سنٹر میزئی اڈہ منتقل کیا گیا، جہاں ایمرجنسی روم میں ڈاکٹروں نے فوری طبی امداد فراہم کی۔ ابتدائی علاج کے بعد زخمی کو مزید علاج کے لیے ریفر کر دیا گیا۔ محکمہ صحت کے مطابق زخمی کی حالت فی الحال مستحکم ہے اور حادثے کی وجوہات جاننے کے لیے تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 85

اپنی رہائشی مکان کی ملکیت کی دستاویزات (کھتونی/فرد) کی ایک کاپی بمعہ شناختی کارڈ کی کاپی لازمی طور پر جمع کرائیں۔ اعلامیے کے مطابق تمام متاثرہ افراد کو ہدایت کی گئی ہے کہ یہ دستاویزات 27 ستمبر 2025 تک این آر ایس پی فلات آفس میں جمع کرائی جائیں تاکہ ان کے کیسز کو بروقت پراسیس کیا جا سکے۔

بقیہ 86

عوامی حلقوں میں غیر معمولی اہمیت حاصل ہو چکی ہے، کیونکہ ان کے فیصلے نہ صرف مقامی سیاست بلکہ بلوچستان کابینہ میں بھی ردوبدل کا سبب بن سکتے ہیں۔ پی بی 6-دکی: اس حلقے سے موجودہ صوبائی وزیر ورکن اسمبلی سردار مسعود خان لونی کی کامیابی کو سردار محمد انور خان ناصر نے چیلنج کیا ہے۔ درخواست گزار کا موقف ہے

بقیہ 87

ہوکر رہ گیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق صوبائی ترجمان نے بتایا ہے کہ انٹرنیٹ سروس کی بندش طالبان کے سپریم لیڈر ہیبت اللہ اخونزادہ کے حکم پر کی گئی ہے۔ ترجمان نے دعوی کیا کہ وائی فائی اور فائبر آپٹک سروس بند کرنے کا مقصد غیر اخلاقی سرگرمیوں کی روک تھام ہے

بقیہ 88

حمایت کرنے والوں کو پھر کس قسم کی اجازت دی جائے۔ ایشیا کپ سے متعلق رانا ثنا نے کہا کہ پاکستان نے میچ ریفری کو ہٹانے کا مطالبہ کیا ہے، بھارت کو ایسی گری ہوئی حرکت نہیں کرنی چاہیے تھی، کھیلوں کو سیاست کے میدان سے دور رکھنا چاہیے۔

بقیہ 89

کو کام سے روکا جا رہا ہے، اس کیس میں حساس نوعیت کے سوالات موجود ہیں، جن میں جج کی اہلیت کا سوال بھی شامل ہے۔ اسلام آباد کورٹ کو یہ بھی بتایا گیا کہ سپریم جوڈیشل کونسل میں جسٹس طارق جہانگیری کے خلاف شکایت زیر التوا ہے۔ عدالت نے جسٹس طارق محمود جہانگیری کو سپریم جوڈیشل کونسل کے فیصلے تک بطور جج کام سے روکنے کا حکم دیا ہے۔ عدالتی حکم نامے میں مزید کہا گیا کہ عدالتی معاونین 21 اکتوبر کو عدالت کی معاونت کریں گے۔ کیس کی آئندہ سماعت بھی 21 اکتوبر کو مقرر کر دی گئی ہے۔ جسٹس طارق جہانگیری کو عدالتی کام سے روکنے کے بعد ہائی کورٹ نے ججز کا نیا ڈیوٹی روسٹر جاری کر دیا گیا ہے جس میں جسٹس طارق جہانگیری کا نام شامل نہیں ہے۔ روسٹر کے مطابق جسٹس ثمن رفعت اب ہائی کورٹ کی تیسرے نمبر پر سینئر ترین جج بن گئی ہیں۔

بقیہ 90

پختونخوا حکومت نے اٹھایا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کی قربانیوں کی وجہ سے باقی ملک دہشت گردی کی آگ سے محفوظ ہے، وفاقی حکومت ہوش کے ناخن لے اور اس اہم مسئلے کو سنجیدگی سے دیکھے۔ بیرسٹر سیف نے کہا کہ ہر چیز پر سیاست نہیں کی جا سکتی، افغانستان کو نظر انداز کرنا وفاقی حکومت کی بڑی غلطی ہے۔ صوبائی مشیر اطلاعات نے کہا کہ یہ انسانی زندگیوں کا معاملہ ہے، وفاق یا تو خود افغانستان سے رابطہ کرے یا خیبر پختونخوا کو اجازت دے، اگر دہشت گردی کی آگ خیبر پختونخوا سے باہر پھیلی تو پورا ملک اس کی لپیٹ میں آ جائیگا۔

بقیہ 91

علمائے اسلام ضلع کوئٹہ، پاکستان میں مقیم افغان مہاجرین کے حقوق اور ان کی باوقار واپسی کے حوالے سے اپنے گہرے تحفظات کا اظہار کرتی ہے اور تمام متعلقہ حکام سے مطالبہ کرتی ہے کہ اس حساس انسانی مسئلے کو انتہائی سنجیدگی سے لیا جائے اقوام متحدہ کی قراردادوں اور عالمی انسانی حقوق کے اصولوں کے مطابق، ہر مہاجر کو عزت اور تحفظ کا حق حاصل ہے اس اصول سے انحراف کسی بھی مہذب معاشرے کے لیے قابل قبول نہیں انہوں نے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ اس بات پر زور دیتی ہے کہ غریب اور بے سہارا مسلمان مہاجرین کے گھروں میں بلاوجہ گھس کر ان کی تذلیل اور بے عزتی کرنے کی کسی بھی صورت اجازت نہیں دی جا سکتی۔ ایسے غیر اخلاقی اور ہتک آمیز اقدامات نہ صرف انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہیں بلکہ اسلامی اخلاقیات کے بھی منافی ہیں۔ ایسے اقدامات پاکستان کی بین الاقوامی ساکھ کو بھی نقصان پہنچاتے ہیں اور مہاجرین کے دلوں میں نفرت اور بے اعتمادی کو جنم دیتے ہیں انہوں نے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ افغان مہاجرین کی اپنے وطن واپسی کے عمل کی مخالف نہیں ہے

بقیہ 92

ہمارے بچے تعلیم جیسے زیور سے محروم ہو رہے ہیں۔ اعلیٰ احکام سے فوری نوٹس لینے کی اپیل کی ہے بصورت دیگر ہم لوگ مجبور ہو کر اپنے بچوں سمیت شخت گیر احتجاج کرنے پر مجبور ہو جائے گیں۔ سلیم خان تفصیلات کے مطابق: ساکران کے معتبر شخصیت سلیم خان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے

بقیہ 93

گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ گئے ہیں اور فاقوں نے ڈیرے ڈال رکھے ہیں۔ ان کا واضح مقف ہے کہ جب تک واجبات ادا نہیں کیے جاتے، احتجاج اور کام چھوڑ ہڑتال جاری رہے گی۔ دوسری جانب بیلا کے شہریوں نے بھی ملازمین کے مطالبات کی حمایت کرتے ہوئے وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور پارلیمانی سیکریٹری برائے سیاحت و ثقافت نواب زادہ میر زرین خان مگسی سے مطالبہ کیا ہے کہ ملازمین کی تنخواہوں کی فوری ادائیگی کو یقینی بنایا جائے تاکہ شہر کو کچرے کے ڈھیروں اور صفائی کے بحران سے نجات مل سکے۔ گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ گئے ہیں اور فاقوں نے ڈیرے ڈال رکھے ہیں۔ ان کا واضح مقف ہے کہ جب تک واجبات ادا نہیں کیے جاتے، احتجاج اور کام چھوڑ ہڑتال جاری رہے گی۔ دوسری جانب بیلا کے شہریوں نے بھی ملازمین کے مطالبات کی حمایت کرتے ہوئے وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور پارلیمانی سیکریٹری برائے سیاحت و ثقافت نواب زادہ میر زرین خان مگسی سے مطالبہ کیا ہے کہ ملازمین کی تنخواہوں کی فوری ادائیگی کو یقینی بنایا

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ بلوچستان کے ساتھ گروپ فوٹو

پنجاب حکومت کا جی ایچ کیو حملہ کیس کے جیل ٹرائل کا نوٹیفکیشن واپس

عمران خان ویڈیو لنک پر پیش ہونگے صوبائی حکومت نے نیا نوٹیفکیشن جاری کردیا، رپورٹ

راولپنڈی (جی این ایم) پنجاب حکومت نے جی ایچ کیو حملہ کیس کے جیل ٹرائل کا نوٹیفکیشن واپس لے لیا ہے ذرائع کے مطابق پنجاب حکومت نے جی ایچ کیو حملہ کیس کے جیل ٹرائل کا نوٹیفکیشن واپس لے کر نیا نوٹیفکیشن جاری کردیا ذرائع کا کہنا ہے کہ جیل ٹرائل کے نوٹیفکیشن کی واپسی کے بعد جی ایچ کیو حملہ کیس کا ٹرائل اب اڈیالہ جیل کے بجائے انسداد دہشت

(بقیہ 57 اندرونی صفحہ 7 پر)

روزانہ 25 ارب روپے قرض لینے والے عوام کا خون چوس رہے ہیں، رحیم کاکڑ

پاکستان بحرانوں میں گھرا ہے، واحد حل عمران خان کی رہائی ہے، سابق میئر کوئٹہ

کوئٹہ (یو این اے): تحریک انصاف کے رہنما اور سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ نے اپنے ایک بیان میں موجودہ حکمرانوں کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ روزانہ کی بنیاد پر 25 ارب روپے قرض لے کر کرپشن زدہ نظام کو چلانے والے دو خاندانی

(بقیہ 59 اندرونی صفحہ 7 پر)

اسرائیلی وزیراعظم کا قطر پر حملے کا دفاع قطر حماس کو مالی مدد فراہم کرتا ہے، نیتن یاہو کا الزام

نیتن یاہو کے دو قریبی ساتھیوں پر بھی قطر سے رقوم وصول کرنے کے الزامات کی تحقیقات جاری ہیں، اسرائیلی جریدے کی رپورٹ

تل ابیب (جی این ایم) اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو نے قطر پر حملے کا دفاع کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ قطر حماس کو مالی مدد فراہم کرتا ہے اس لیے دوحہ پر حملہ جائز تھا صحافیوں سے گفتگو میں نیتن یاہو نے کہا کہ قطر حماس سے جڑا ہوا ہے، اسے سہارا دیتا ہے، پناہ دیتا ہے اور مالی مدد فراہم کرتا ہے اس کے پاس اثر ورسوخ ہے مگر اس نے استعمال نہیں کیا،

(بقیہ 61 اندرونی صفحہ 7 پر)

لاہور ہائیکورٹ، بیوروکریٹس اور پولیس افسران کے سوشل میڈیا کے استعمال کا اقدام چیلنج

چیف سیکرٹری پنجاب آئندہ سماعت پر طلب، پنجاب حکومت سے تحریری وضاحت بھی طلب کر لی گئی

لاہور (سی ایم لنکس) بیوروکریٹس اور پولیس افسران کی جانب سے سوشل میڈیا کے استعمال کا اقدام لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ اس معاملے پر لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس احمد ندیم ارشد نے چیف سیکرٹری پنجاب کو آئندہ سماعت پر طلب کر لیا اور پنجاب حکومت سے اس بابت تحریری وضاحت بھی طلب کر لی گئی ہے۔ دائر درخواست میں کہا گیا کہ

(بقیہ 63 اندرونی صفحہ 7 پر)

سبی میں بارشوں اور سیلابی پانی سے بروقت بچا، محکمہ اریگیشن کی خدمات کو عوام کی بھرپور پذیرائی

زمینداروں اور دیہی آبادی کا محکمہ اریگیشن سبی کے بروقت اقدامات پر اظہارِ اطمینان

کوئٹہ (یو این اے) سبی میں بارشوں اور ممکنہ سیلابی صورتحال سے بچاؤ کے لیے بروقت اور محفوظ اقدامات پر سبی کے زمینداروں، دیہی آبادی اور شہریوں نے محکمہ اریگیشن سبی کی خدمات کو خوب سراہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق، بارشوں کی پیشگی اطلاعات

(بقیہ 64 اندرونی صفحہ 7 پر)

ایران، رہائشی عمارت میں گیس دھماکے سے 6 افراد جاں بحق

تہران (جی این ایم) ایران میں ایک رہائشی عمارت میں گیس کے دھماکے سے 6 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق گیس دھماکا ایرانی شہر ہواز کی رہائشی عمارت میں ہوا جس کے نتیجے میں اب تک

(بقیہ 55 اندرونی صفحہ 7 پر)

کوئٹہ کے عوام بنیادی سہولتوں سے محروم، شہری شدید مشکلات کا شکار

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے عوام کئی برسوں سے بنیادی سہولتوں کی کمی کا شکار ہیں، شہری حلقوں نے حکومت سے فوری اقدامات کا

(بقیہ 56 اندرونی صفحہ 7 پر)

پاکستانی کمپنی دی آرگینک میٹ نے چین سے 7.5 ملین ڈالر کے آرڈرز حاصل کرلیے

لاہور (جی این ایم) پاکستان کے گوشت کے شعبے کے لیے ایک بڑی اور مثبت پیشرفت سامنے آئی ہے، دی آرگینک میٹ کمپنی لمیٹڈ نے چین کو پکا ہوا اور ہیٹ ٹریٹڈ فروزن بون لیس بیف برآمد کرنے

(بقیہ 58 اندرونی صفحہ 7 پر)

جاپان فی الحال فلسطینی ریاست کو تسلیم نہیں کریگا، جاپانی اخبار

ٹوکیو (جی این ایم) جاپانی اخبار نے دعوی کیا ہے کہ جاپان فی الحال فوری طور پر فلسطینی ریاست کو تسلیم نہیں کرے گا۔ جاپانی اخبار نے اپنی رپورٹ میں حکو

(بقیہ 60 اندرونی صفحہ 7 پر)

3 سال، 28 لاکھ 94 ہزار پاکستانی بیرون ملک چلے گئے

لاہور (سی ایم لنکس) ملک میں ایک طرف بڑھتی ہوئی مہنگائی، لاقانونیت اور بے روزگاری ہے تو دوسرا کاروبار شروع کرنے میں بھی طرح طرح کی مشکلات ہیں۔ انہی حالات سے تنگ آئے 28 لاکھ 94

(بقیہ 62 اندرونی صفحہ 7 پر)

ملکی گیس کنکشن پر مستقل پابندی عائد، وصول شدہ 30 لاکھ درخواستیں منسوخ کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (سی ایم لنکس) پیٹرولیم ڈویژن نے وفاقی کابینہ کا منظور کردہ فریم ورک سوئی سدرن اور سوئی ناردرن کو ارسال کر دیا جس میں ملکی گیس پر کنکشن لگانے کے لئے مستقل طور پر پابندی عائد کر دی گئی

(بقیہ 65 اندرونی صفحہ 7 پر)

بیلہ کراس میں 22 دنوں سے بجلی بند، علاقہ مکین شدید مشکلات میں مبتلا

مکینوں کا احتجاج کی دھمکی، وفاقی و صوبائی حکام سے فوری نوٹس کا مطالبہ

بیلہ (یو این اے) لسبیلہ کی تحصیل بیلہ کراس گزشتہ 22 دنوں سے بجلی کی مسلسل بندش کا شکار ہے، جس نے مقامی آبادی کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ علاقے کے مکینوں کا کہنا ہے کہ کراچی الیکٹرک کے ذمہ داران خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں اور کسی بھی سطح پر ان کی شنوائی نہیں ہو رہی۔ عوامی حلقوں نے وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان

(بقیہ 81 اندرونی صفحہ 7 پر)

صدر ٹرمپ سرکاری دورے پر برطانیہ پہنچ گئے، احتجاجی مظاہرے متوقع

امریکی صدر بادشاہ چارلس سوئم اور برطانوی وزیراعظم کیئر اسٹارمر سے ملاقات کریں گے

لندن (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ برطانیہ کے سرکاری دورے پر لندن پہنچ گئے، جہاں وہ بادشاہ چارلس سوئم اور برطانوی وزیراعظم کیئر اسٹارمر سے ملاقات کریں گے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے دورہ برطانیہ کے دوران ان کی اہلیہ اور خاتون اول میلانیا ٹرمپ بھی ان کے ساتھ ہیں، ایئرپورٹ پر بادشاہ کے نمائندے لارڈ ان ویٹنگ ویز کاونٹ ہڈ نے صدر ٹرمپ کا استقبال کیا جب کہ فارن سیکرٹری یوونٹ کوپر اور امریکی سفیر بھی استقبال کے لئے

(بقیہ 82 اندرونی صفحہ 7 پر)

سبی ڈویژن میں میٹرک امتحانات، ڈائریکٹر ایجوکیشن بلال احمد بڑیچ کا امتحانی مراکز کا دورہ

نقل ایک ناسور ہے، طلبہ اپنی صلاحیتوں پر بھروسہ کریں، ڈائریکٹر ایجوکیشن سبی ڈویژن

سبی (یو این اے) ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن سبی ڈویژن بلال احمد بڑیچ نے گزشتہ روز سبی میں میٹرک کے امتحانی حال کا دورہ کیا۔ ان کے ہمراہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالستار لانگو، پرنسپل گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی اسکول سبی بیگ محمد رئیسانی اور وائس پرنسپل عبدالرشید منگریو بھی موجود تھے۔ امتحانی ہال میں سپرنٹنڈنٹ حافظ غلام محی الدین، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ محمد یوسف سومرو اور محمد اسلم رئیسانی نے معزز مہمانوں کو امتحانی مرکز کا تفصیلی دورہ کرایا۔ دورے

(بقیہ 83 اندرونی صفحہ 7 پر)

گوادر، رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ، چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ کے ہمراہ عبدالغفور ٹیچنگ ہسپتال کا دورہ کررہے ہیں

قلات، سیلاب متاثرین کو 27 ستمبر تک دستاویزات جمع کرانے کی ہدایت

این آر ایس پی قلات آفس کا اعلامیہ، شناختی کارڈ اور ملکیت کی کاپی لازمی قرار

قلات (یو این اے) این آر ایس پی قلات آفس نزد ڈی ایچ او آفس قلات کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ ضلع قلات کے تمام سیلاب متاثرین، جن کا سروے مارچ، اپریل اور مئی 2025 میں این آر ایس پی کے نمائندوں نے مکمل کیا تھا، وہ

(بقیہ 85 اندرونی صفحہ 7 پر)

قلعہ عبداللہ، میزئی اڈہ میں کار کا ڈیزل ٹینک پھٹنے سے شخص شدید جھلس گیا

قلعہ عبداللہ (یو این اے) میزئی اڈہ میں ایک خطرناک واقعے کے دوران کار کا ڈیزل ٹینک پھٹ گیا

(بقیہ 84 اندرونی صفحہ 7 پر)

کوئٹہ، پی بی، 6 اور پی بی، 7 کے انتخابی کیسز کی سماعت 19 ستمبر کو مقرر

دکی اور سنجاوی کے متنازعہ انتخابی نتائج پر سیاسی مستقبل داو پر

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے دو اہم صوبائی حلقوں پی بی 6-(دکی) اور پی بی 7-(سنجاوی) کے متنازعہ انتخابی نتائج پر دائر انتخابی عذرداریاں 19 ستمبر 2025 کو الیکشن ٹریبونل بلوچستان میں سماعت کے لیے مقرر کردی گئی ہیں۔ ان کیسز کو سیاسی و

(بقیہ 86 اندرونی صفحہ 7 پر)

افغانستان، غیر اخلاقی سرگرمیاں روکنے کیلئے انٹرنیٹ کی بندش، کاروبار زندگی مفلوج

کابل (جی این ایم) طالبان حکومت نے افغانستان کے صوبے بلخ میں فائبر آپٹک انٹرنیٹ سروس اچانک بند کردی، جس کے باعث کاروبار زندگی مفلوج

(بقیہ 87 اندرونی صفحہ 7 پر)

گنڈاپور بانی کو ناراض نہیں کر رہے، حکومت کو بھی خوش رکھ رہے ہیں، رانا ثناء اللہ

بانی کی ملاقاتیں بھی ہوتی ہیں، ملاقات نہ کروانے کا ڈرامہ بھی ہوتا ہے، سرحد پار سے آنے والے پاکستان کے مخالف ہیں

پی ٹی آئی کے لوگ اپنے حلقے میں شہید ہونے والے جوانوں کے گھر تک نہیں جاتے، کھیلوں کو سیاست کے میدان سے دور رکھنا چاہیے، گفتگو

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ علی امین گنڈاپور بانی کو ناراض نہیں کر رہے حکومت کو خوش رکھ رہے ہیں۔ ایک انٹرویو میں رانا ثناء اللہ نے کہا کہ بانی کی ملاقاتیں بھی ہوتی ہیں، ملاقات نہ کروانے کا ڈرامہ بھی ہوتا ہے، اگر ملاقاتیں نہیں ہوتیں تو ایکس پر لمبے بیان کہاں سے آتے ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں رانا ثناء اللہ نے کہا کہ سرحد پار سے آنے والے پاکستان کے مخالف ہیں، ایسے خوارج کی حمایت کرنے والے کہتے ہیں آپریشن نہ کریں، پی ٹی آئی کے لوگ اپنے حلقے میں شہید ہونے والے جوانوں کے گھر تک نہیں جاتے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے لوگ ہر وقت دہشت گردوں کی حمایت کررہے ہوتے ہیں، پاکستان توڑنے والوں کی

(بقیہ 88 اندرونی صفحہ 7 پر)



کراچی، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال کاکڑ جھینگا فارمنگ منصوبے پر پیشرفت سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

افغان مہاجرین کے ساتھ غیر اخلاقی سلوک قابلِ مذمت ہے، جے یو آئی ضلع کوئٹہ

مہاجرین کی باوقار اور پرامن واپسی یقینی بنائی جائے، مدارس کے طلبا کو ہراساں نہ کیا جائے

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی حاجی عبدالصادق نورزئی مولانا شاہ محمد حاجی سید عبدالواحد آغا مولانا محمد ساسولی مولانا محمد ہاشم خیشگی مولانا حفیظ اللہ ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحید ی معاون سیکرٹری اطلاعات مولانا مفتی نیک محمد فاروقی رحیم الدین ایڈووکیٹ نعمت افغان چوہدری محمد عاطف مولانا ضیا الرحمٰن فاروقی اللہ دوست ایڈوکیٹ ٹکری محمد جان لانگو و دیگر نے کہا کہ جمعیت

(بقیہ 91 اندرونی صفحہ 7 پر)

اٹک فیلکن سیمنٹ کمپنی حب انتظامیہ کی من مانیاں عروج پر پہنچ گئیں

ماہانہ اربوں روپے کما کر بھی قریب ترین مقامی افراد روزگار اور کوئی بنیادی سہولتیں فراہم نہیں کر رہا

حب (نامہ نگار) اٹک فیلکن سیمنٹ کمپنی حب انتظامیہ کی من مانیاں عروج پر پہنچ گئی ہیں کمپنی حب یہاں سے ماہانہ اربوں روپے کما کر بھی قریب ترین مقامی افراد روزگار اور کوئی بنیادی سہولتیں فراہم نہیں کر رہا ہے اٹک سیمنٹ کمپنی کی زیر نگرانی میں چلنے والے معصوم بچوں کی پبلک فیلکن اسکول کو ظلم وزیادتی ہٹ دھرمی کے باعث اب وہ بند کردیا گیا ہے

(بقیہ 92 اندرونی صفحہ 7 پر)

بیلا میں میونسپل کمیٹی ملازمین کی ہڑتال دوسرے روز بھی جاری، شہر کچرے کے ڈھیر میں تبدیل

تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر احتجاج، شہریوں کو نکاسی آب اور صفائی کے شدید مسائل کا سامنا

بیلا (یو این اے) تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے خلاف میونسپل کمیٹی بیلا کے ملازمین کی ہڑتال دوسرے روز بھی جاری رہی، جس کے باعث شہر بھر میں صفائی ستھرائی کا نظام درہم برہم ہوگیا ہے۔ گلیوں اور بازاروں میں کچرے کے ڈھیر لگ گئے جبکہ نکاسی آب نہ ہونے سے مین بازار سمیت مختلف مقامات پر گندا پانی جمع ہوگیا ہے، جس سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ ملازمین کا کہنا ہے کہ انہیں دو ماہ سے تنخواہیں ادا نہیں کی گئیں جس کے باعث ان کے

(بقیہ 93 اندرونی صفحہ 7 پر)

اسلام آباد ہائیکورٹ کا جسٹس طارق جہانگیری کو کام سے روکنے کا تحریری حکم نامہ جاری

عدالتی معاونین 21 اکتوبر کو عدالت کی معاونت کریں گے، آئندہ سماعت بھی 21 اکتوبر کو مقرر

اسلام آباد (جی این ایم) اسلام آباد ہائیکورٹ نے جسٹس طارق جہانگیری کو کام سے روکنے کا 2 صفحات پر مشتمل تحریری حکم نامہ جاری کردیا۔ بدھ کو چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ سرفراز ڈوگر اور جسٹس اعظم خان نے 2 صفحات پر مشتمل تحریری حکم نامہ جاری کیا ہے۔ تحریری حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ سپریم کورٹ جوڈیشل کونسل کے فیصلے تک جسٹس جہانگیری

(بقیہ 89 اندرونی صفحہ 7 پر)

ایبٹ آباد، جیپ کھائی میں گرنے سے خاتون سمیت 2 افراد جاں بحق

ایبٹ آباد (جی این ایم) ایبٹ آباد میں جیپ کھائی میں گرنے سے خاتون سمیت 2 افراد جاں بحق ہوگئے۔ حادثہ خیرا گلی کے قریب پیش آیا، مقامی افراد نے کھائی سے 4 زخمیوں کو نکال کر مری ہسپتال منتقل

(بقیہ 72 اندرونی صفحہ 7 پر)

وفاق وفد افغانستان بھیجنے کا فیصلہ کرے، ورنہ ہمارا جرگہ جانے کو تیار ہے، بیرسٹر سیف

کے پی دہشتگردی کیخلاف فرنٹ لائن صوبہ ہے، سارا بوجھ صوبائی حکومت پر ہے

پشاور (سی ایم لنکس) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ وفاق جلد از جلد افغانستان کے ساتھ بات چیت کیلئے وفد بھیجنے کا فیصلہ کرے، بصورت دیگر خیبر پختونخوا حکومت کا جرگہ افغانستان جانے کو تیار ہے۔ اپنے ایک بیان میں بیرسٹر سیف نے کہا کہ خیبر پختونخوا دہشت گردی کے خلاف فرنٹ لائن صوبہ ہے، دہشت گردی کا سارا بوجھ خیبر

(بقیہ 90 اندرونی صفحہ 7 پر)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کو 50 ہزار روپے کا میریج گرانٹ چیک جاری

کوئٹہ (اے این این) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار عبدالغفار کو میریج گرانٹ کی مد میں 50 ہزار روپے کا چیک فراہم کر دیا گیا۔ عبدالغفار کے مطابق، انہوں نے کئی بار متعلقہ محکمے کو دستاویزات

(بقیہ 73 اندرونی صفحہ 7 پر)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے چیئرپرسن پاکستان ایسوسی ایشن آف ڈرماٹولوجسٹ پروفیسر ڈاکٹر سارا عنایت اور ڈاکٹر احمد خان اچکزئی ملاقات کررہے ہیں

ژوب، شہید سپاہی الطاف الرحمان کی نماز جنازہ پولیس لائن میں ادا کی گئی

ژوب (یو این اے) ژوب شہید سپاہی الطاف الرحمان کی نماز جنازہ پولیس لائن ژوب میں ادا کی گئی، جس میں ڈپٹی کمشنر شیرانی حضرت ولی شیرانی، ڈی آئی جی پولیس، ایس پی شیرانی احمد نصر اللہ ملک، ایس ژوب شہید سپاہی الطاف الرحمان کی نماز جناز

(بقیہ 75 اندرونی صفحہ 7 پر)

پاکستان میں گلیشیئرز تیزی سے ختم ہو رہے ہیں، چیئرمین این ڈی ایم اے

بدقسمتی سے ہر آنے والے سال میں موسمیاتی تبدیلیوں سے زیادہ متاثر ہوگا، عالمی سطح پر درجہ حرارت میں اضافہ موسمیاتی تبدیلی کی بڑی وجہ ہے

جموں و کشمیر اور پنجاب کے دریاؤں میں اس بار پانی زیادہ ہے، بھارتی ڈیمز کی جانب سے کوئی ڈیٹا شیئر نہیں کیا گیا، سینیٹ قائمہ کمیٹی موسمیاتی تبدیلی کو بریفنگ

اسلام آباد (جی این ایم) چیئرمین این ڈی ایم اے لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک نے خبردار کیا ہے کہ پاکستان میں گلیشیئرز تیزی سے ختم ہو رہے ہیں۔ انہوں نے یہ بات سینیٹر شیری رحمان کی زیر صدارت منعقدہ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے موسمیاتی تبدیلی کے اجلاس کو مون سون اور موسمیاتی خطرات پر بریفنگ کے دوران کہی۔ چیئرمین این ڈی ایم اے نے کہا ہے کہ بدقسمتی سے پاکستان ہر آنے والے سال میں موسمیاتی تبدیلیوں سے زیادہ متاثر ہوگا، عالمی سطح پر درجہ حرارت میں اضافہ موسمیاتی تبدیلی کی بڑی وجہ ہے۔ انہوں نے بتایا ہے کہ رواں سال پاکستان میں مون سون دو ہفتے پہلے شروع ہوا جبکہ آنے والے برسوں میں بارشوں میں مزید اضافے کا امکان ہے، پاکستان میں 7 ہزار سے زائد

(بقیہ 66 اندرونی صفحہ 7 پر)

ترقی و خوشحالی کیلئے ہم سب کو ملکر کردار ادا کرنا ہوگا، قدوس بزنجو

بلوچستان کو بحرانوں سے نکالنے کے لیے جدوجہد تیز کرنے کی ضرورت ہے اور اس حوالے سیاستدانوں کو سنجیدگی کے ساتھ اپنا کردار ادا کرنا ہوگا' سابق وزیراعلیٰ

دہشتگردی کے خاتمے کے لیے ہمارے سیکورٹی اداروں کے آفیسران واہلکاران اپنے جانوں کے نذرانے پیش کررہے ہیں ان شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں ہونے دینگے

کوئٹہ (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنماء و سابق وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ خطے کی ترقی خوشحالی کیلئے ہم نے ملکر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا بلوچستان کو بحرانوں سے نکالنے کے لیے جدوجہد تیز کرنے کی ضرورت ہے اور اس حوالے سیاستدانوں کو سنجیدگی کے ساتھ اپنا کردار ادا کرنا ہوگا' یہ بات انہوں نے گزشتہ روز صحافیوں کی ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ اس وقت بلوچ علاقوں کے ساتھ پشتون علاقوں میں بھی شرپسند اور دہشت گرد عناصر نے سر اٹھا لیا اور سیکورٹی اداروں پر حملے کرتے ہیں جس سے ہمارے سیکورٹی اداروں کے افیسران و اہلکاران اپنے جانوں کے نذرانے پیش کررہے ہیں ان شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں

(بقیہ 46 اندرونی صفحہ 7 پر)

سیکرٹری لعل جان جعفر اور سابق وزیر غلام سرور خان کے درمیان کشیدگی ختم، دونوں فریقین شیر وشکر ہوگئے

جمعیت علما اسلام کے مرکزی وصوبائی عہدیدار بھی موجود تھے، جنہوں نے صلح ومصالحت میں اپنا کردار ادا کیا

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام کے صوبائی نائب امیر مولانا غلام سرور ندیم اور سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو لعل جان جعفر کے درمیان گزشتہ دنوں پیدا ہونے والی کشیدگی ختم ہوگئی۔ دونوں فریقین آج جرگے کے بعد شیر وشکر ہو گئے۔ چند روز قبل سابق

(بقیہ 47 اندرونی صفحہ 7 پر)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کو 50 ہزار روپے کا میریج گرانٹ چیک جاری

کوئٹہ (یو این اے) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار عبدالغفار کو میریج گرانٹ کی مد میں 50 ہزار روپے کا چیک فراہم کر دیا گیا۔ عبدالغفار کے

(بقیہ 48 اندرونی صفحہ 7 پر)

دشت، کیچ میں سیکیورٹی فورسز کا کامیاب آپریشن، بی ایل ایف کا اہم کمانڈر عتیق میران ہلاک

کارروائی کے دوران دہشت گردوں سے اسلحہ، بارود اور دھماکہ خیز مواد برآمد کرلیا

کوئٹہ (یو این اے) کیچ کے علاقے دشت میں سیکیورٹی فورسز نے خفیہ معلومات کی بنیاد پر بروقت اور کامیاب کارروائی کرتے ہوئے ایک بڑا دہشت گردی منصوبہ ناکام بنا دیا۔ اطلاعات کے مطابق فتنہ الہندوستان کی کالعدم تنظیم بی ایل ایف کے مسلح دہشت

(بقیہ 50 اندرونی صفحہ 7 پر)

بلوچستان پبلک سروس کمیشن میں چیئرمین کی نشست خالی، بھرتی کا عمل تعطل کا شکار

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان پبلک سروس کمیشن (BPSC) میں چیئرمین کی نشست کئی ہفتوں سے خالی ہونے کے باعث سرکاری ملازمتوں کے لیے

(بقیہ 49 اندرونی صفحہ 7 پر)

کوئٹہ، چیف سیکرٹری شکیل قادر خان سے چیئرمین پاکستان نیوکلیئر ریگولیٹری اتھارٹی فیضان منصور ملاقات کررہے ہیں

بارکھان، رکنی تحصیل بائی پاس ڈبل روڈ ناقص حالت میں، مسافروں اور ٹرانسپورٹرز پریشان

کروڑوں روپے کی لاگت کے باوجود سڑک ٹوٹ پھوٹ کا شکار، فوری مرمت کا مطالبہ

بارکھان: (یو این اے) بارکھان رکنی تحصیل میں قائم بارکھان بائی پاس ڈبل روڈ مکمل ہونے کے باوجود ابتر حالت اختیار کرگیا ہے۔ سڑک میں جگہ جگہ ٹوٹ پھوٹ، گڑھے اور دھنسانے نہ صرف ٹرانسپورٹرز بلکہ مقامی عوام کے لیے بھی شدید مشکلات پیدا کر دی ہیں۔ مسافروں اور ٹرانسپورٹرز نے کہا کہ کروڑوں روپے کے اخراجات سے مکمل ہونے والا یہ منصوبہ حکومتی

(بقیہ 70 اندرونی صفحہ 7 پر)

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی انسدادِ ملاوٹ مہم تیز، دودکانیں سیل اور بھاری مقدار میں دودھ و دہی تلف

عوام کو خالص دودھ کی فراہمی وزیراعلیٰ بلوچستان کے وژن کا حصہ ہے چیئرمین بی ایف اے

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان کے وژن کے مطابق عوام کو خالص اور ملاوٹ سے پاک دودھ کی فراہمی کے لیے بلوچستان فوڈ اتھارٹی (بی ایف اے) کی کارروائیاں مزید تیز کردی گئی ہیں۔ کوئٹہ شہر اور مضافاتی علاقوں میں دودھ و ڈیری مصنوعات کی جانچ پڑتال کے لیے خصوصی انسدادِ ملاوٹ مہم بھرپور انداز میں جاری ہے۔ اس سلسلے میں بی ایف

(بقیہ 71 اندرونی صفحہ 7 پر)

کوئٹہ، چیئرپرسن بلوچستان کمیشن برائے ویمن کرن بلوچ کم عمری میں شادی اور جبری شادیوں کے حوالے سے منعقدہ قومی سول سوسائٹی ڈائیلاگ میں بلوچستان کی نمائندگی کررہی ہیں

اوستہ محمد میں حالیہ دنوں میں مہنگائی نے عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی

گندم فی من 2500 روپے سے بڑھ کر 4000 روپے تک جا پہنچی عوام پریشان

اوستہ محمد (اے این این) اوستہ محمد میں حالیہ دنوں میں مہنگائی نے عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے، خصوصاً آٹے کی قیمتوں میں ہونے والا بے قابو اضافہ

(بقیہ 51 اندرونی صفحہ 7 پر)

قلات، چیئرمین میونسپل کمیٹی نوابزادہ میر شعیب زہری سے وفد کی ملاقات

ترقیاتی منصوبے، شہری مسائل اور عوامی سہولیات پر تفصیلی گفتگو

قلات (یو این اے) پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما و چیئرمین میونسپل کمیٹی نوابزادہ میر شعیب احمد زہری سے میر شفیق الرحمٰن اور آغا طاہر شاہ کی قیادت میں ایک وفد نے ملاقات کی، جس میں شہری مسائل اور ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ ملاقات

(بقیہ 52 اندرونی صفحہ 7 پر)

جسٹس طارق جہانگیری کی سماعت کی آڈیو ویڈیو ریکارڈنگ حصول کی درخواست دائر

اسلام آباد (جی این ایم) جسٹس طارق محمود جہانگیری کو کام سے روکنے کے حکم میں نیا موڑ، چیف جسٹس کورٹ کی منگل کے روز کی سماعت کی آڈیو ویڈیو ریکارڈنگ حصول کی درخواست دائر کر دی گئی۔ بیرسٹر جہانگیر جدون نے رجسٹرار اسلام آباد ہائیکورٹ کو درخواست دائر کی۔ درخواست میں موقف اپنایا کہ گزشتہ روز میڈیا پر بڑے پیمانے پر جسٹس جہانگیری کیس رپورٹ ہوا، میڈیا پر رپورٹ ہوا چیف جسٹس

(بقیہ 53 اندرونی صفحہ 7 پر)

اوتھل پولیس کی کامیاب کارروائی، دو مویشی چور گرفتار

چوری شدہ بکرا اور موٹر سائیکل برآمد، ملزمان سے مزید تفتیش جاری

اوتھل (یو این اے) ایس ایس پی لسبیلہ عاطف امیر کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او اوتھل جان محمد جاموٹ کی قیادت میں پولیس ٹیم نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے دو مویشی چوروں کو گرفتار کرلیا۔ ملزمان کے قبضے سے چوری شدہ ایک شاخ بکرا مالیتی 30 ہزار روپے اور واردات میں استعمال ہونے والی موٹر سائیکل بھی برآمد کر لی گئی۔ پولیس ترجمان کے مطابق، مقدمہ نمبر 96/2025 بجرم 34-379 تعزیرات پاکستان تھانہ اوتھل میں درج کر لیا گیا تھا۔

(بقیہ 74 اندرونی صفحہ 7 پر)

بلوچستان ہائی کورٹ، کیسکو اور صوبائی حکام کو بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ معاملے پر نوٹس جاری

چیف سیکریٹری، سی ای او کیسکو اور وزیراعلیٰ کے پرنسپل سیکریٹری کو طلب کر لیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان ہائی کورٹ نے صوبے میں بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے چیف سیکریٹری بلوچستان، سی ای او کیسکو اور وزیراعلیٰ کے پرنسپل سیکریٹری کو ذاتی حیثیت میں عدالت طلب کر لیا ہے سماعت چیف جسٹس جناب روزی خان بریچ اور جسٹس جناب سردار احمد حلیمی پر مشتمل بینچ نے کی۔ عدالت میں درخواست گزار کے وکیل ریحان خان بابر ایڈووکیٹ نے مؤقف اختیار کیا کہ کوئٹہ میں 12 گھنٹے جبکہ

(بقیہ 78 اندرونی صفحہ 7 پر)

عوامی خدمت میری سیاست کا بنیادی مقصد ہے، زرک مندوخیل

صوبائی حکومت کے پلیٹ فارم سے تمام مسائل کو اجاگر کریں گے اور ان کے حل کے لیے بھرپور جدوجہد کریں گے، رکن صوبائی اسمبلی

ترقیاتی منصوبوں کا آغاز جلد کیا جائے گا سڑکوں کی تعمیر، پینے کے صاف پانی کی فراہمی، تعلیمی اداروں کی اپ گریڈیشن اور صحت کی سہولیات کی بہتری شامل ہیں

کوئٹہ (اے این این) رکن صوبائی اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ عوامی خدمت اور علاقے کی ترقی ان کی سیاست کا بنیادی مقصد ہے اور وہ اپنے حلقے کے عوام کو کسی صورت مایوس نہیں کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اپنے آفس میں مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا' شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا کہ موجودہ دور میں عوام بے شمار مسائل کا شکار ہیں جن میں روزگار، تعلیم، صحت اور بنیادی سہولتوں کی کمی شامل ہے' انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ وہ صوبائی حکومت کے پلیٹ فارم سے ان مسائل کو اجاگر کریں گے اور ان کے حل کے لیے بھرپور جدوجہد کریں گے' انہوں نے مزید کہا کہ حلقے میں ترقیاتی منصوبوں کا آغاز جلد کیا جائے گا جن میں سڑکوں کی

(بقیہ 67 اندرونی صفحہ 7 پر)

ایران، اسرائیل کیلئے جاسوسی کے الزام میں ایک اور شخص کو پھانسی

تہران (جی این ایم) ایران نے اسرائیل کے لئے جاسوسی کے الزام میں ایک شخص کو پھانسی دے دی۔ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق سزائے موت پانے والے شخص کی شناخت بابک شہبازی کے نام سے ہوئی ہے۔ ایران متعدد افراد کو اسرائیلی خفیہ ایجنسی موساد سے تعلقات کے الزام میں پھانسی

(بقیہ 69 اندرونی صفحہ 7 پر)

بلوچستان میں موسم گرم وخشک، مختلف اضلاع میں درجہ حرارت ریکارڈ

کوئٹہ میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 35، تربت میں 42 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہے گا، محکمہ موسمیات نے تازہ صورتحال جاری کی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق مختلف اضلاع میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت درج ذیل ہے: کوئٹہ: 35 ڈگری سینٹی گریڈ قلات: 28 ڈگری سینٹی گریڈ زیارت: 24 ڈگری سینٹی گریڈ ژوب: 34 ڈگری سینٹی گریڈ سبی: 40 ڈگری

(بقیہ 68 اندرونی صفحہ 7 پر)

کوئٹہ، نوابزادہ زرین خان مگسی سے پارلیمانی سیکریٹری سہیل الرحمان بلوچ ڈائریکٹر ثقافت دادترین ملاقات کررہے ہیں

KOZAK NEWS
روزنامہ کوژک نیوز

چیف ایڈیٹر محمد اسلم اچکزئی نے روزنامہ کوژک نیوز چمن کو الکریم پرنٹنگ پریس سریاب روڈ سے چھپوا کر دفتر نمبر 6 دوسری منزل حاجی محمود پلازہ تاج روڈ چمن سے شائع کیا

فون، 0826,612100/0826,510240
فیکس، 0826,612200

کوئٹہ بیورو 305 تیسری منزل یونیورسل ٹیلیفون جناح روڈ کوئٹہ۔

فون نمبر 0812,829367
فیکس نمبر 0812,838997
نیوز روم نمبر 0812001685

اسلام آباد بیورو چیف، آفس نمبر 42/3b گلی نمبر 70 سیکٹر نمبر G-7/1 اسلام آباد
بیورو چیف، 0346,5043166

ای میل: kozaknews@gmail.com
kozaknews@yahoo.com
kozakqta@gmail.com

قلات میونسپل کمیٹی کے ملازمین کا تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر دھرنا

تین ماہ سے تنخواہیں نہ ملنے پر شہر میں صفائی ستھرائی کا نظام مفلوج

قلات (یو این اے) قلات میونسپل کمیٹی کے ملازمین نے تین ماہ سے تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے خلاف شدید احتجاج کرتے ہوئے میونسپل دفتر کے سامنے دھرنا دیا، جس کے باعث بلدیاتی دفاتر مکمل طور پر بند اور صفائی ستھرائی کا نظام مفلوج ہوکر رہ گیا۔ ملازمین کا کہنا ہے کہ محکمہ خزانہ کی جانب سے کسی قسم کی عملی اقدام سامنے نہیں آیا، جس کی وجہ سے ان کے گھریلو

(بقیہ 76 اندرونی صفحہ 7 پر)

بلوچستان بارڈرز کی بندش سے عوام میں شدید بے چینی، معاشی سرگرمیاں متاثر

بارڈر ٹریڈ الائنس کی حکومت سے اپیل: رواں ہفتے بارڈرز کھولنے کے احکامات جاری کیے جائیں

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان بارڈر ٹریڈ الائنس کے ذمہ داروں نے کہا ہے کہ صوبے میں بارڈرز کی بندش کی وجہ سے عوام شدید معاشی بے چینی کا شکار ہیں اور ذریعہ معاش کا پہیہ مکمل طور پر رک گیا ہے۔ بارڈر ٹریڈ الائنس کے مطابق، بارڈر سے منسلک روزگار اور تجارتی سرگرمیاں بند ہونے کی وجہ سے عوام میں بے یقینی پھیل گئی ہے، اور اس سے پیدا ہونے والی

(بقیہ 77 اندرونی صفحہ 7 پر)

گلوبل صمود فلوٹیلا پر حملے کا خطرہ، پاکستان سمیت 16 ممالک کا اظہار تشویش، اسرائیل کو سخت انتباہ

بین الاقوامی پانیوں میں جہازوں پر حملہ یا غیر قانونی حراست احتساب کے زمرے میں آئے گی، وزرائے خارجہ

غزہ میں فوری جنگ بندی، انسانی امداد کی فراہمی اور بین الاقوامی قوانین کا احترام سب کا مشترکہ مقصد ہے، اعلامیہ

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان سمیت 16 ممالک نے غزہ کے محصور عوام کے لئے امداد لے جانے والے گلوبل صمود فلوٹیلا کی سلامتی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے متنبہ کیا ہے کہ اس قافلے کے خلاف کسی بھی غیر قانونی یا پرتشدد اقدام کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ پاکستان، بنگلہ دیش، برازیل، کولمبیا، انڈونیشیا، آئرلینڈ، لیبیا، ملائشیا، مالدیپ، میکسیکو، عمان، قطر، سلووینیا، جنوبی افریقہ، اسپین اور ترکیہ کے وزرائے خارجہ نے مشترکہ بیان جاری کیا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ فلوٹیلا کا مقصد غزہ کے عوام تک انسانی امداد پہنچانا ہے، اور اس مشن کے خلاف کوئی بھی رکاوٹ یا خلاف ورزی انسانی حقوق اور عالمی قوانین کے منافی ہوگی۔ وزرائے خارجہ نے واضح کیا کہ فلوٹیلا شرکا کے خلاف کسی بھی غیر قانونی

(بقیہ 80 اندرونی صفحہ 7 پر)

پولینڈ اور پاکستان میں تیل وگیس کے شعبے میں 100 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری میں اضافہ متوقع

پولینڈ دوطرفہ تعلقات کو مستحکم کرنے کے لئے اعلیٰ سطح کے سیاسی وفد بھیجے گا، سفیر میسیج پیارسکی کا وزیرخزانہ محمد اورنگزیب سے ملاقات میں اعلان

اسلام آباد (جی این ایم) پولینڈ نے پاکستان میں تیل وگیس کے شعبے میں سرمایہ کاری اور اقتصادی تعلقات مضبوط کرنے کا عزم کیا ہے۔ ایس آئی ایف سی کی کوششوں سے پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کی راہ ہموار ہورہی ہے۔ پولینڈ اور پاکستان کے درمیان تجارتی تعلقات کو مستحکم کرنے کے لیے پولینڈ کے سفیر میسیج پیارسکی اور وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی اہم ملاقات ہوئی۔ پولینڈ کے سفیر میسیج پیارسکی کے مطابق پولینڈ اور پاکستان میں تیل وگیس

(بقیہ 79 اندرونی صفحہ 7 پر)

غزہ میں اسرائیلی جارحیت جاری، مزید 100 فلسطینی شہید

اسرائیلی فوج نے بندرگاہ پر 12 فضائی حملے کیے، الحدیدہ بندرگاہ پر فضائی حملے، حوثیوں نے جواب میں بیلسٹک میزائل داغ دیا

مساجد سمیت درجنوں گھر مسمار، پناہ گزین کیمپوں میں جگہ کم پڑگئی، فرانس کی غزہ میں اسرائیلی فوج کے زمینی آپریشن کی شدید مذمت

غزہ (جی این ایم) غزہ میں اسرائیلی فوج کے زمینی آپریشن کے دوران اسرائیلی ٹینکوں کی یلغار اور خوفناک بمباری کا سلسلہ جاری ہے، صیہونی فورسز نے 24 گھنٹے کے دوران بچوں سمیت 100 سے زائد فلسطینی شہید کردیئے، مساجد سمیت درجنوں گھروں کو بھی مسمار کردیا، غزہ کے پناہ گزین کیمپوں میں جگہ کم پڑگئی۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق فرانس نے غزہ میں اسرائیلی فوج کے زمینی آپریشن کی شدید مذمت کی، فرانسیسی وزارت خارجہ نے مطالبہ کیا کہ اسرائیل کا فوجی آپریشن تباہ کن ہے اسے فوری روکا جائے۔ دوسری جانب اسرائیل نے یمن کے الحدیدہ بندرگاہ پر ایک بار پھر فضائی حملے کر دیئے۔ عرب میڈیا کے مطابق اسرائیلی فوج نے بندرگاہ پر 12 فضائی حملے کیے اور فضائی کارروائی

(بقیہ 54 اندرونی صفحہ 7 پر)